206. اور جب اسے اس (ظلم وفساد پر) کہا جائے کہ اللہ سے ڈرو تو اس کا غرور اسے مزید گناہ پر اکساتا ہے، پس اس کے لئے جہنم کافی ہے اور وہ یقیناً برا ٹھکانا ہے o (سورۃ البقرہ)

لاہور اور کراچی سے بیک وقت شائع ہونے والا کثیر الاشاعت قومی اخبار
MEMBER APNS
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
ABC CERTIFIED
مجھے ہے حکم اذاں لاالہ الااللہ
Daily SEHAR
روزنامہ
سحر
لاہور
چیف ایڈیٹر
ملک یامین اعوان
www.sehar.pk
dailysehar1@gmail.com
جلد: 19 | پیر 28 ستمبر 2026ء 1448ھ 15 ربیع الثانی 14 اسوج صفحات 8 قیمت 30 روپے | شمارہ نمبر: 246

بلوچستان میں سیکیورٹی فورسز کی کارروائیاں، 96 گھنٹوں میں 71 سے زائد دہشتگرد ہلاک

آپریشن شابان کے دوران سیکیورٹی فورسز نے دہشت گردوں کے متعدد ٹھکانوں کو تباہ کیا، شدید فائرنگ کے تبادلے میں اب تک بھارت کے حمایت یافتہ 33 دہشت گرد ہلاک ہو چکے ہیں

مقامی آبادی کو 'فتنہ الخوارج' اور 'فتنہ الہند' کے خطرے سے نجات دلائی گئی، یہ کلیئرنس آپریشن خطرے کے مکمل خاتمے تک جاری رہے گا، 25 ستمبر 2026 کو ضلع نوشکی میں انٹیلی جنس کی بنیاد پر الگ آپریشن کیا گیا

راولپنڈی (ڈسٹرکٹ رپورٹر) سیکیورٹی فورسز نے گزشتہ 96 گھنٹوں کے دوران مختلف علاقوں میں آپریشنز میں 71 سے زائد دہشت گرد ہلاک کر دیے۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کی جانب سے جاری بیان کے مطابق پاکستان میں دہشت گرد سرگرمیوں میں افغان طالبان حکومت کا ملوث ہونا امن واستحکام کے لیے خطرے کا باعث بن رہا ہے، خفیہ اداروں نے کوئٹہ شابان میں 'فتنہ الخوارج' اور 'فتنہ الہند' کے متعدد ٹھکانوں (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 1)

پشاور: وزیراعلیٰ خیبرپختونخوا سہیل آفریدی علی امین گنڈاپور کے ہمراہ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے

پاک بحریہ کی آبدوز ہنگور کا لائیو ویپن فائرنگ کا شاندار مظاہرہ

نیول چیف نے پی این ایس /ایم ہنگور کی جنگی صلاحیت اور عملے کی پیشہ ورانہ مہارت کو سراہا، رپورٹ

راولپنڈی (ڈسٹرکٹ رپورٹر) پاک بحریہ کی آبدوز ہنگور نے شمالی بحیرہ عرب میں پہلی لائیو ویپن فائرنگ کامیابی سے مکمل کرلی۔ آئی ایس پی آر کے مطابق پی این ایس/ایم ہنگور نے طویل فاصلے تک مار کرنے والا اینٹی شپ کروز میزائل کامیابی سے فائر کیا، میزائل نے مقررہ ہدف کو انتہائی درستگی سے نشانہ بنایا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق سربراہ پاک بحریہ ایڈمرل نوید اشرف نے لائیو ویپن فائرنگ کا مشاہدہ کیا، کامیاب فائرنگ سے ہنگور کے ویپن سسٹمز اور جنگی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 2)

وزیرداخلہ کا سائبر جرائم کے خلاف کارروائیاں مزید تیز کرنے کا حکم

وزیر داخلہ کا این سی سی آئی اے سینٹرل زون ہیڈکوارٹرز کا دورہ، سائبر کرائمز کیخلاف جاری آپریشنز اور تحقیقات کا تفصیلی جائزہ لیا

لاہور (سٹاف رپورٹر) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے لاہور میں این سی سی آئی اے نے سائبر جرائم کے خلاف کارروائیاں مزید تیز کرنے کا حکم دیتے ہوئے کہا ہے کہ سائبر کرائم کرنے والا چاہے کہیں بیٹھا ہو اسے قانون کی گرفت میں لانا ہے۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی سینٹرل زون ہیڈکوارٹرز (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 3)

اہم خبریں

صدر زرداری کا بلوچستان میں دہشت گردوں کے خلاف کامیاب کارروائیوں پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) صدر مملکت آصف علی زرداری نے بلوچستان میں دہشت گردوں کے خلاف کامیاب کارروائیوں پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 4)

سب کو سمجھنا ہوگا کہ یہ حالات کو خراب کرنے کا وقت نہیں، اس وقت سب کو کوشش کرنی چاہیے کہ ملک کے حالات بہتر ہوں، بیرسٹر گوہر

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر نے کہا ہے کہ بانی پی ٹی آئی نے وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی کے خلاف نہ کوئی پیغام بھیجا اور نہ ہی انہیں عہدے سے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 5)

سیاحت کے میدان میں دلکش قدرتی مناظر، قدیم تاریخی یادگاریں، تہذیبی ورثہ اور متنوع ثقافتی رنگ بنیادی محرکات کی حیثیت رکھتے ہیں، شہباز شریف

حکومت ملک بھر میں سیاحت کے فروغ کیلئے فعال اقدامات کر رہی ہے

وزیراعظم

اللہ کے فضل سے پاکستان بے مثال قدرتی مناظر، شاندار تہذیبی وثقافتی ورثہ، تاریخی اور مذہبی مقامات کے ساتھ شعبہ سیاحت میں روشن امکانات رکھتا ہے، ملکی سطح پر سیاحت کا فروغ، معاشی ترقی اور ممالک کے مابین اچھے روابط کا باعث ہے



نیویارک: وزیراعظم شہباز شریف جنرل اسمبلی سے خطاب کرتے ہوئے

اسلام آباد: (اے ایف بی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ حکومت ملک بھر میں سیاحت کے فروغ کیلئے فعال اقدامات کر رہی ہے، عالمی یوم سیاحت کے موقع پر اپنے پیغام میں وزیراعظم محمد شہباز شریف کا کہنا تھا کہ آج پاکستان اور دنیا بھر میں شعبہ سیاحت سے وابستہ افراد اور سیاحوں کے ذوقِ تحقیق و تجسس اور شوقِ سیر و سفر کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ سیاحت کے میدان میں دلکش قدرتی مناظر، قدیم تاریخی یادگاریں، تہذیبی ورثہ اور متنوع ثقافتی رنگ بنیادی محرکات کی حیثیت رکھتے ہیں، اللہ کے فضل سے پاکستان بے مثال قدرتی مناظر، شاندار تہذیبی و ثقافتی ورثہ، (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 6)

پاکستان کی چیئرمین شپ میں ایس سی او کے قومی کوارڈی نیٹرز کا 3 روزہ اجلاس (آج) ہوگا

اجلاس میں ایس سی او کے باہمی تعاون اور رابطہ کاری سے متعلق مختلف امور کا جائزہ لیا جائے گا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان کی زیرصدارت شنگھائی تعاون تنظیم کے قومی کوارڈی نیٹرز کا پہلا اجلاس 28 سے 30 ستمبر تک اسلام آباد میں ہوگا جس میں تنظیم کے رکن (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 7)

اسلام آباد پر چڑھ کر کسی کو آزاد نہیں کرایا جاسکتا، ریاست کمزور نہیں، وزیر پیٹرولیم علی پرویز ملک

10 ماہ تک یہ نظام چلانا پڑا تو حکومت بجٹ سے 400 سے 500 ارب روپے کم کرکے عوام پر خرچ کریگی

لاہور (سٹاف رپورٹر) وفاقی وزیر پیٹرولیم علی پرویز ملک نے کہا ہے کہ پاکستان سے بڑھ کر نہ کسی کا وجود ہے اور نہ سیاست ہے، اگر کوئی یہ سمجھتا ہے کہ اسلام آباد پر چڑھ کر کسی کو آزاد کرایا (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 8)

پنجاب کے تاریخی، ثقافتی اور سیاحتی ورثے کو اجاگر کرنا حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے

مریم نواز

اللہ تعالیٰ نے انسان کو زمین پر چلنے پھرنے اور غور وفکر کی دعوت دی ہے، سیاحت انسان کی فطری صلاحیتوں کو جلا بخشتی اور فکر و تدبر میں معاونت کرتی ہے

پنجاب کا تاریخی، ثقافتی اور قدرتی ورثہ دنیا بھر کے سیاحوں کے لیے باعث کشش ہے، شنگھائی تعاون تنظیم کا رواں سال لاہور کو سیاحتی اور ثقافتی دارالحکومت قرار دینا خوش آئند ہے

لاہور (سٹاف رپورٹر) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے عالمی یوم سیاحت پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ پنجاب میں ٹورازم کا بے پناہ پوٹینشل ہے اور سیاحت کے فروغ کے لیے ممکنہ وسائل (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 9)

وزیراعلیٰ کے پی سہیل آفریدی کی علی امین گنڈاپور کے گھر آمد، دونوں رہنماؤں کے درمیان ملاقات

سہیل آفریدی اور علی امین گنڈاپور نے ہسپتال میں خودکش حملے کے زخمیوں کی عیادت کی، درازندہ میں دھماکے پر افسوس ہوا، دھماکے کی جتنی مذمت کی جائے کم ہے، سہیل آفریدی

ہمیں امن پیارا ہے، احساس ہے کہ ہمارے بچے، خواتین اور جوان شہید ہو رہے ہیں، دہشت گردی کو ختم کرنے کے لیے ہم سنجیدہ ہیں، کے پی کے عوام کو اعتماد میں لیے بغیر امن قائم نہیں ہوسکتا

ڈیرہ اسماعیل خان (مانیٹرنگ ڈیسک) خیبرپختونخوا کے وزیراعلیٰ سہیل آفریدی سابق وزیراعلیٰ علی امین گنڈاپور سے مبینہ رنجش کے باوجود ان کی رہائشگاہ پہنچے، جہاں دونوں رہنماؤں (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 14)

نئے سعودی سفیر ڈاکٹر راجح پاکستان پہنچ گئے، (آج) اپنی ذمہ داریاں سنبھالیں گے

ڈاکٹر العقیمی دفاعی اور سیکیورٹی امور میں وسیع تجربہ رکھتے ہیں

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان کے لیے نامزد سعودی سفیر ڈاکٹر راجح بن طامی العقیمی پاکستان پہنچ گئے، وہ پیر سے اپنی ذمہ داریاں سنبھالیں گے۔ سفارتی ذرائع کے مطابق ڈاکٹر العقیمی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 10)

اسلام آباد: قائمقام چیئرمین سینٹ سیدال خان سے ممبر قومی اسمبلی فرح نیاز اکبر ملاقات کرتے ہوئے

ایس آئی ایف سی اور عالمی بینک کا اشتراک، کاروباری اصلاحات کے ذریعے سرمایہ کاری کا فروغ، سیکرٹری ایس آئی ایف سی کی عالمی بینک کے وفد سے اہم ملاقات، کاروباری قوانین آسان بنانے پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان میں کاروباری ماحول اور سرمایہ کاری کے فروغ کیلئے ایس آئی ایف سی کی سہولت (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 11)

گلوبل ساؤتھ کو ٹیکنالوجی کے شعبے میں صرف صارف نہیں بلکہ فیصلہ سازی کا حصہ بننا ہوگا، بلال بن ثاقب

اقوام متحدہ (سی ایم لنکس) وزیر مملکت برائے ورچوئل اثاثہ جات بلال بن ثاقب نے کہا ہے کہ گلوبل ساؤتھ کو ٹیکنالوجی کے شعبے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 12)

امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمان شہر قائد میں احتجاجی کیمپ سے خطاب کرتے ہوئے

سیاحت پاکستان کی تقدیر بدلنے میں اہم کردار ادا کرسکتی ہے، چیئرمین سینیٹ

ماحولیاتی تحفظ کے بغیر پائیدار سیاحت کا تصور مکمل نہیں ہوسکتا، سید یوسف رضا گیلانی

اسلام آباد (سی ایم لنکس) چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے کہا ہے کہ سیاحت پاکستان کی تقدیر بدلنے اور ملکی معیشت کو مضبوط بنانے میں اہم کردار ادا کرسکتی ہے۔ سینیٹ سیکرٹریٹ سے جاری بیان کے مطابق چیئرمین سینیٹ نے عالمی یوم سیاحت کے موقع پر پیغام میں کہا کہ پاکستان کے شمالی علاقے، پہاڑی وادیاں، وادی سندھ کی قدیم تہذیب، تاریخی مقامات اور مختلف مذاہب سے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 15)

لاہور: وفاقی وزیر پٹرولیم علی پرویز ملک اپنے حلقے کا دورہ کر رہے ہیں

درازندہ دھماکے میں کسٹمز اور ریسکیو اہلکار شہدا کی نماز جنازہ سرکاری اعزاز کے ساتھ ادا، پولیس اور سیکیورٹی فورسز کے دستے کی شہدا کو سلامی

ڈیرہ اسماعیل خان (مانیٹرنگ ڈیسک) درازندہ امن میلہ جوائنٹ چیک پوسٹ دھماکے میں شہید کسٹمز حوالدار فرمان، سپاہی اسامہ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 16)

لانگ مارچ کب اور کیسے کرنا ہے اس کا فیصلہ پارٹی قیادت کریگی، ہم اس معاملے میں بااختیار ہیں، صدر پی ٹی آئی کے پی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان تحریک انصاف خیبرپختونخوا کے صدر جنید اکبر نے کہا ہے کہ ہماری کوشش ہوگی کہ لانگ مارچ 4 اکتوبر سے آگے نہ جائے تاہم ہم اپنے فیصلوں (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 17)

مودی سرکار کے زیراثر بھارت کی نام نہاد جمہوریت، بھارتی الیکشن کمیشن عالمی تنقید کی زد میں آگیا

الیکشن کمیشن بی جے پی کو فائدہ پہنچانے کیلئے ایس آئی آر کے ذریعے ووٹرز خارج کیے جارہے ہیں، رپورٹ

نئی دہلی (مانیٹرنگ ڈیسک) مودی کے کٹھ پتلی بھارتی الیکشن کمیشن کی ہیرا پھیری نے بھارت میں نام نہاد جمہوریت کے دعوؤں کا پول کھول دیا۔ برطانوی جریدہ کے مطابق چیف (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 13)

4 اکتوبر کی تاریخ بدلنے کی کوئی وجہ نظر نہیں آ رہی، سلمان اکرم راجہ

ہم نہیں سمجھتے کہ ہمیں عدالت سے کوئی انصاف ملے گا، سیکرٹری جنرل پی ٹی آئی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) سیکرٹری جنرل پی ٹی آئی سلمان اکرم راجہ نے کہا کہ 27 ستمبر کا فیصلہ بھی واضح تھا، 4 اکتوبر کا بھی واضح ہے، کوئی وجہ نظر نہیں آ رہی کہ 4 اکتوبر کی تاریخ کو بدلیں۔ جی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے سلمان اکرم راجہ نے کہا کہ ہم انتشار نہیں چاہتے، چاہتے ہیں ہاتھوں میں (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 18)

وزیراعظم شہباز شریف کا خطاب، فلسطینی مشن سوشل میڈیا پر نمایاں کر دیا

شہباز شریف نے جنرل اسمبلی سے خطاب میں فلسطین کا خصوصی ذکر کیا، وزیراعظم نے عالمی برادری کے سامنے غزہ کے بچوں کے حقِ زندگی، بہتر مستقبل اور خوابوں کی تکمیل کا سوال اٹھایا، فلسطینی مشن

اس سال ایک اور سانحہ ہمارے دلوں اور پوری دنیا کے دل پر بوجھ بن گیا ہے، 8 سال کی وفا عقیلہ نے اس بے مقصد جارحیت میں جان گنوا دی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیر اعظم شہباز شریف کے جنرل اسمبلی سے خطاب کے الفاظ کو اقوام متحدہ میں فلسطینی مشن (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 29)

خیبرپختونخوا حکومت گورنر راج لگانے کی تمام شرائط پر پورا اترتی ہے، رانا ثنا اللہ

خیبر پختونخوا حکومت آئین اور قانون کے مطابق نہیں چلائی جارہی، خیبر پختونخوا میں گورنر راج کا آپشن موجود ہے

اس پر ابھی تک کوئی فیصلہ نہیں ہوا لیکن یہ فیصلہ ہو بھی سکتا ہے کیونکہ خیبر پختونخوا حکومت آئین اور قانون کے مطابق نہیں چلائی جارہی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعظم کے مشیر برائے سیاسی امور رانا ثنا اللہ نے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا میں گورنر راج کا آپشن (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 21)

آئینی عدالت نے پہلے فوت ہونیوالے بھائی کے بچوں کی چچا کی جائیداد پر وراثت کا حق مسترد کردیا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) آئینی عدالت نے وراثتی جائیداد سے متعلق اہم فیصلہ کرتے ہوئے پہلے فوت ہونے والے بھائی کے بچوں کی چچا کی جائیداد پر وراثت کا حق مسترد کردیا جبکہ عدالت (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 19)

پی سی ایل میں نام شامل اور شہریوں کو آف لوڈ کرنے پر اسلام آباد ہائیکورٹ کا بڑا فیصلہ

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) اسلام آباد ہائیکورٹ نے قانونی تقاضے پورے کیے بغیر شہریوں کو بیرون ملک سفر سے روکنے اور آف لوڈ کرنے کے معاملے پر بڑا فیصلہ جاری کر دیا (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 20)

پاک حج ایپ پر عازمین کے لیے متعدد سہولیات متعارف

گھر بیٹھے پیکیج، رہائش اور دیگر امور میں ترمیم ممکن ہے، وزارت مذہبی امور

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزارت مذہبی امور نے کہا ہے کہ نیشنل آئی ٹی بورڈ کی تیار کردہ پاک حج ایپ پر سرکاری عازمین کے لیے متعدد نئے فیچرز متعارف کرا دیے گئے جن کے ذریعے عازمین کو حج انتظامات سے متعلق مختلف امور کے لیے دفاتر کے چکر لگانے اور قطاروں میں انتظار کرنے کی ضرورت نہیں رہے گی۔ ترجمان وزارت مذہبی امور کے مطابق عازمین حج اب گھر بیٹھے پاک حج ایپ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 25)

پاکستان نے افغان صوبے نورستان سے متعلق طالبان حکومت کا دعویٰ مسترد کردیا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان نے افغان صوبے نورستان سے متعلق افغان طالبان حکومت کے الزامات کو بے بنیاد قرار (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 22)

نیپرا کی بلند عمارتوں اور صنعتی صارفین کیلئے نئے گرڈ شیئرنگ چارجز کی تجویز

ایسی عمارتیں جنہیں 500 کے وی اے سے زیادہ گنجائش والے مخصوص ٹرانسفارمر کی ضرورت ہوگی، مجوزہ ترامیم

بجلی چوری کے معاملات میں ڈیٹیکشن بل جاری کرنے کی مدت ممکنہ طور پر 12 ماہ تک بڑھائی جاسکے گی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) نیپرا نے بلند عمارتوں اور صنعتی صارفین کیلئے نئے گرڈ شیئرنگ چارجز کی تجاویز پیش کردی۔ پاکستان کے بجلی کے ریگولیٹر نے تجویز دی ہے کہ ایسی بلند عمارتوں کے مالکان، جنہیں 500 کے وی اے سے زیادہ گنجائش والے ٹرانسفارمرز درکار ہوں، گرڈ شیئرنگ چارجز ادا کرنے کے ذمہ دار ہوں گے۔ اس کے علاوہ صنعتی صارفین کو مجموعی طور پر 15 میگاواٹ تک بجلی کے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 26)

چیئرمین وزیراعظم یوتھ پروگرام کی مسقط آمد، پاکستانی سفیر و کاروباری شخصیات نے استقبال کیا

اسلام آباد (سی ایم لنکس) چیئرمین وزیراعظم یوتھ پروگرام (پی ایم وائے پی) رانا مشہود احمد خان مسقط پہنچ گئے، پاکستان کے سفیر سید نوید صفدر بخاری نے ایئرپورٹ پر ان کا استقبال کیا، ڈپٹی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 23)

حکمرانوں کے ناجائز معاہدوں نے ملکی معیشت کو تباہ کیا: حافظ نعیم الرحمان

موجودہ حالات میں حکمرانوں نے ایسے معاہدے کیے جنہوں نے ملکی معیشت کو نقصان پہنچایا

پاکستان بھر میں جماعت اسلامی کے احتجاجی کیمپ قائم ہیں اور ان کی جدوجہد صرف عوام کے مفادات کے لیے ہے

کراچی (بیورو رپورٹ) امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمان نے کہا ہے کہ حکمرانوں کے ناجائز معاہدوں نے ملکی معیشت کو تباہ کیا۔ شہر قائد میں احتجاجی کیمپ سے خطاب کرتے ہوئے حافظ نعیم الرحمان کا کہنا تھا کہ عوام کی قوت خرید شدید متاثر ہوچکی ہے، پٹرول کی قیمت 400 روپے فی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 24)

بجلی صارفین کیلئے بڑی خبر، 2 گھنٹے سے زائد لوڈشیڈنگ پر پابندی

وزیراعظم نے وزارت پاور ڈویژن کو بجلی کی لوڈشیڈنگ کی موثر مانیٹرنگ کی ہدایت کردی ہے

لاہور (اے ایف بی) لیسکو سمیت ملک کی تمام بجلی کی تقسیم کار کمپنیوں میں لوڈشیڈنگ کے معاملے پر اہم پیش رفت سامنے آگئی۔ وفاق نے تمام تقسیم کار کمپنیوں کو کسی بھی علاقے میں 24 گھنٹوں کے دوران 2 گھنٹے سے زائد لوڈشیڈنگ کرنے سے روک دیا ہے۔ ذرائع کے مطابق معمول کے مطابق تمام فیڈرز پر زیادہ سے زیادہ 2 گھنٹے لوڈشیڈنگ کی جاسکے گی، جبکہ تکنیکی یا فنی خرابی کی صورت میں بھی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 31)

اسلام آباد، لانگ مارچ موخر ہونے کے باوجود کنٹینرز کی تعداد میں اضافہ

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) تحریک انصاف کی جانب سے 27 ستمبر کے لانگ مارچ کی کال موخر کیے جانے کے بعد بھی اسلا (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 30)

ریلوے سسٹم میں موجود تمام سکریپ کو 31 دسمبر تک ڈسپوز کرنے کا فیصلہ

وزیر ریلوے کی زیرصدارت اجلاس، فیڈرل گورنمنٹ انسپکٹر کی جانب سے ٹریک سے متعلق بریفنگ، تجاویز پیش کی گئیں

تمام ڈی ایسز کو 20 اکتوبر تک تجاویز پر عملدرآمد کی ہدایت، تجاوزات کیخلاف کسی طرح کا دباؤ قبول نہیں کروں گا' حنیف عباسی

لاہور (سٹاف رپورٹر) وفاقی وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی کی زیرصدارت اہم اجلاس ہوا جس میں فیڈرل گورنمنٹ انسپکٹر کی جانب سے ریلوے ٹریک سے متعلق تفصیلی بریفنگ اور تجاویز پیش کی گئیں۔ اجلاس میں وزیر ریلوے نے تمام ڈی ایسز کو 20 اکتوبر تک تجاویز پر عملدرآمد کی ہدایت کردی۔ اجلاس میں بتایا گیا کہ 25 دسمبر تک روہڑی جنکشن کی اپ گریڈیشن مکمل کر دی جائے گی۔ اجلاس میں (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 32)

وفاقی وزیر خزانہ کی ڈی آئی خان میں کسٹمز جوائنٹ چیک پوسٹ پر دہشتگرد حملے کی مذمت، شہدا کے لواحقین سے اظہار تعزیت

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وفاقی وزیر برائے خزانہ و محصولات سینیٹر محمد اورنگزیب نے ڈی آئی خان کے امان میلہ میں کسٹمز جوائنٹ چیک پوسٹ پر دہشتگرد حملے اور کسٹمز و دیگر قانون (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 33)

کوہاٹ پولیس لائنز حملہ، دہشت گردوں کی ریکی اور سہولت کاری کے شواہد سامنے آگئے

دہشتگردوں نے پولیس لائنز تک پہنچنے کے لیے بارودی مواد سے بھری گاڑی کے علاوہ رکشہ اور موٹرسائیکل بھی استعمال کی

پشاور (بیورو رپورٹ) کوہاٹ میں پرانی پولیس لائنز پر خودکش حملے سے متعلق محکمہ انسداد دہشتگردی کی تفتیشی ٹیم کی رپورٹ میں دہشت گردوں کی جانب سے حملے سے قبل کئی بار ریکی اور سہولت کاروں کی مدد حاصل کرنے کے شواہد سامنے آئے ہیں۔ تفتیشی حکام کے مطابق دہشتگردوں نے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 27)

پی آئی اے کے فضائی میزبانوں کے سگریٹ اسمگلنگ میں ملوث ہونے کا انکشاف

حکام کی جانب سے فلائنگ ڈیوٹی سگریٹ لے جانے پر نئی پابندی عائد کردی گئی، رپورٹ

مقررہ حد سے زیادہ سگریٹ لے جانے والے فضائی میزبانوں کے خلاف سخت کارروائی کی جائیگی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان انٹرنیشنل ایئرلائنز (پی آئی اے) کے فضائی میزبانوں کے سگریٹ اسمگلنگ میں ملوث ہونے کا انکشاف ہوا ہے، جس کے بعد دورانِ فلائنگ ڈیوٹی سگریٹ لے جانے پر نئی پابندی عائد کر دی گئی۔ پی آئی اے کی جانب سے جاری سرکلر کے مطابق (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 28)

لاہور: وفاقی وزیر ریلوے حنیف عباسی اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ڈی جی خان: کسٹمز کے حوالدار فرمان، سپاہی اسامہ اور ریسکیو اہلکار شریف اللہ کی نماز جنازہ پولیس لائنز میں ادا کی جارہی ہے

الاحسان اسلامک سنٹر فرید نگر کے زیراہتمام سالانہ جلوس غوثیہ کا انعقاد کیا گیا

الاحسان اسلامک سنٹر فرید نگر کے زیراہتمام سالانہ جلوس غوثیہ کا انعقاد کیا گیا

ننکانہ صاحب (نمائندہ روزنامہ سحر) الاحسان اسلامک سنٹر فرید نگر کے زیراہتمام سالانہ جلوس غوثیہ کا انعقاد کیا گیا، جس کی قیادت پروفیسر ڈاکٹر علامہ محبّ النبی طاہر نے کی۔ جلوس میں پیر سید عامر حسین گیلانی، صدر مرکزی میلاد کمیٹی صاحبزادہ ڈاکٹر سید سلمان مصطفیٰ گیلانی، علماء ومشائخ، سیاسی وسماجی شخصیات، وکلاء، تاجر رہنماؤں اور عقیدت مندوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ تفصیلات کے مطابق جلوس الاحسان اسلامک سنٹر فرید نگر سے شروع ہو کر مقررہ راستوں سے ہوتا ہوا واپس سنٹر پہنچ کر اختتام پذیر ہوا۔ شرکاء نے درود وسلام اور ہدیہ نعت پیش کیا اور پیرانِ پیر حضرت سید عبدالقادر جیلانی سے عقیدت (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 5)

قحبہ خانوں اور فحاشی کے اڈوں کیخلاف قانونی جنگ کا اعلان کرتے ہیں؛ ینگ مین ایسوسی ایشن

شیر گڑھ (نامہ نگار) قحبہ خانوں اور فحاشی کے اڈوں کیخلاف قانونی جنگ کا اعلان کرتے ہیں؛ ینگ مین ایسوسی ایشن؛ تفصیلات کیمطابق شیر گڑھ جاوید نگر سمیت پنجاب بھر میں معاشرتی برائیوں کیخلاف عملی سرگرم ہو کر لاتعداد کامیابیاں حاصل کرنے والی غیر سیاسی، غیر مذہبی این جی او۔ ینگ مین ایسوسی ایشن رجسٹرڈ۔ جاوید نگر کا ہنگامی اجلاس زیر صدارت ڈاکٹر محمد عبداللہ بھٹی سرپرست اعلیٰ منعقد ہوا اجلاس میں شاہ زیب عباس صدر، شیخ صابر علی۔ محمد عارف پٹواری، ملک علی حسنین انچارج سوشل میڈیا ٹیم، علی زیب، حسنین زیب کاکا، عمار ظفر، حماد بھٹی، چوہدری عاقب منیر، شیخ انس ندیم، ڈاکٹر مدثر صدیق آرائیں، زین اظہر کمبوہ، محسن علی رضوی، عبدالرحمٰن، مجاہد طالب، سردار علی رضا ڈوگر، ندیم اشرف، عبدالغفور بھٹی، طاہر جاوید، اسد رضا، ڈاکٹر بلال، شمشاد سگلہ، ڈاکٹر نعمان طارق، سمیت Y M A جاوید نگر کے دیگر عہدیداران کیساتھ ساتھ محمد (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 6)

سارکو پروجیکٹ مینیجر محمد رضوان ظفر کی زیرِ نگرانی تعطیل کے روز بھی شہر کے مختلف علاقوں میں صفائی آپریشن جاری رہا

اوکاڑہ (بیورو رپورٹ+ڈسٹرکٹ رپورٹر سعید جوئیہ سے) ڈپٹی کمشنر اوکاڑہ محمد اکرام ملک اور مینجنگ ڈائریکٹر ستھرا پنجاب ایجنسی اوکاڑہ احمد سلیم چشتی کی مشترکہ ہدایت پر ڈسٹرکٹ مینیجر علی رضا کی زیرِ قیادت اور سارکو پروجیکٹ مینیجر محمد رضوان ظفر کی زیرِ نگرانی تعطیل کے روز بھی شہر کے مختلف علاقوں میں صفائی آپریشن جاری رہا ستھرا پنجاب ایجنسی کی فیلڈ ٹیموں نے اہم شاہراہوں، بازاروں، گلی محلوں اور عوامی مقامات پر صفائی کے خصوصی اقدامات کیے مینول سویپنگ، نالیوں کی صفائی، کچرا اٹھانے اور ویسٹ کی بروقت منتقلی کا عمل جاری رکھا گیا جبکہ مختلف مقامات پر موجود کچرے کے ڈھیروں کو بھی ختم کیا گیا صفائی عملہ نے سڑکوں، چوکوں اور تجارتی مراکز کے اطراف صفائی کو یقینی بنایا گلیوں اور نالیوں سے جمع ہونے والے فضلے کو فوری طور پر اٹھا کر مقررہ مقامات تک منتقل کیا گیا صفائی آپریشن کے دوران مختلف علاقوں میں فیلڈ ٹیموں کی کارکردگی کی مسلسل مانیٹرنگ بھی کی گئی سارکو افسران نے فیلڈ میں جاری صفائی سرگرمیوں کا جائزہ لیتے ہوئے عملہ کو صفائی (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 8)

کوٹ رادھا کشن: ماڈی منگل سنگھ کا پیما وپیف سکول ایک ماہ سے بند، بچے تعلیم سے محروم

کوٹ رادھا کشن (سہیل الطاف خاں) کوٹ رادھا کشن کے نواحی علاقے ماڈی منگل سنگھ میں پیا و پیف کے حوالے کیے گئے سکول کی عمارت انتہائی خستہ حال ہونے کے باعث گزشتہ ایک ماہ سے بند ہے، جس کے نتیجے میں سینکڑوں بچے تعلیم کے حصول سے محروم ہو کر گھروں اور گلیوں میں وقت گزارنے پر مجبور ہیں۔ مقامی افراد کے مطابق سکول کی عمارت کی حالت انتہائی خراب اور بچوں کے لیے خطرناک ہو چکی ہے، جس کے باعث سکول میں تدریسی سرگرمیاں معطل کر دی گئی ہیں۔ ایک ماہ گزرنے کے باوجود عمارت کی مرمت یا متبادل انتظام نہ ہونے پر والدین میں تشویش پائی جاتی ہے۔ اہلِ علاقہ کا کہنا ہے کہ بچوں کی تعلیم کا قیمتی وقت ضائع ہو رہا ہے، جبکہ سکول کی بندش سے والدین بھی پریشان ہیں۔ شہریوں نے محکمہ تعلیم کی کارکردگی پر سوالات اٹھاتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ سکول کی عمارت کی فوری (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 26)

جامعہ سیدہ فاطمۃ الزہرا بچیکی کے انٹرمیڈیٹ امتحانات میں شاندار نتائج، مدرسی کی ہونہار طالبہ نے 1072 نمبر حاصل کئے

بچیکی (نامہ نگار) جامعہ سیدہ فاطمۃ الزہرا بچیکی کے انٹرمیڈیٹ امتحانات میں شاندار نتائج، مدرسی کی ہونہار طالبہ نے 1072 نمبر حاصل کر کے علاقہ بھر میں نمایاں پوزیشن حاصل کر لی، سماجی اور تعلیمی حلقوں کی مبارکباد تفصیلات کے مطابق جامعہ سیدہ فاطمۃ الزہرا بچیکی کی ہونہار طالبہ نے انٹرمیڈیٹ امتحانات 2026 میں 1072 نمبر حاصل کر کے علاقہ بھر میں پہلی، 1041 نمبر حاصل کر کے دوسری جبکہ ایک طالبہ نے 1029 نمبر حاصل کر کے تیسری پوزیشن حاصل کی جبکہ کالج کی دیگر 16 طالبات نے اے گریڈ میں کامیابی حاصل کی، شہر کے سماجی اور تعلیمی حلقوں نے شاندار نتائج پر مدرسہ کے منتظمین، اساتذہ، والدین اور طالبات کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے نیک تمناؤں کا اظہار کیا ہے، جبکہ مدرسہ کی انتظامیہ اور (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 25)

کاروان ادب بچیکی کے زیراہتمام چائے سرائے پر شاندار شام سخن کا انعقاد کیا گیا

بچیکی (نامہ نگار) کاروان ادب بچیکی کے زیراہتمام چائے سرائے پر شاندار شام سخن کا انعقاد کیا گیا جس کی صدارت معروف شاعر محبوب سرمد نے کی، ابھرتے ہوئے نوجوان شاعر عشارب ہاشمی نے شام سخن میں خصوصی شرکت کی، اردو اور پنجابی زبان کے معروف شعراء فریاد عاصم، جعفر خیال، کامران جیون، اشلوک مہر، انس پیارا، یاسین شانی، سمیر گوہری، سفیر شاہ، انجم اور فیصل سحر نے اپنا اپنا کلام سنا کر حاضرین سے خوب داد حاصل کی، کاروان ادب بچیکی کے سرپرست پروفیسر ملک عبدالسلام اعوان، چیئرمین شیخ فہیم نثار، صدر جاوید احمد معاویہ، نائب صدور ملک محمد عمران، راشد محمود اعلیٰ، جنرل سکریٹری حافظ عمر اجمل، سیکرٹری انفارمیشن ساجد حسین قادری، معروف رائس ڈیلرز حاجی عامر رضا سرداری، شہریار باجوہ اور اہل ادب کی بڑی تعداد نے شام سخن میں شرکت کی اور معروف شعراء کے منفرد کلام سے خوب لطف اندوز (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 24)

نواحی گاؤں چانڈی کوٹ میں تھانہ وار برٹن پولیس کی مبینہ کارروائی پر اہل خانہ کی جانب سے سنگین الزامات عائد

ننکانہ صاحب (نمائندہ روزنامہ سحر) نواحی گاؤں چانڈی کوٹ میں تھانہ وار برٹن پولیس کی مبینہ کارروائی پر اہل خانہ نے سنگین الزامات عائد کرتے ہوئے گھر میں زبردستی داخل ہونے، خواتین اور بچوں سے مبینہ بدسلوکی وتشدد، کمسن بچے کو رات بھر تھانے میں رکھنے، نقدی لے جانے اور دھمکیاں دینے کا دعویٰ کیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق چانڈی کوٹ کے رہائشی حامد رضا عرف یاسر اعوان کے مطابق گزشتہ رات سب انسپکٹر مشتاق احمد چار نامعلوم مسلح و وردی پوش اہلکاروں کے ہمراہ گھر کا بیرونی لکڑی (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 23)

معروف خاتون صحافی پی کے چودھری کا جرات مندانہ اقدام؛ آن لائن ہوم بائٹ سروس کا افتتاح جمعہ کو ہوگا

شیر گڑھ (نامہ نگار) معروف خاتون صحافی پی کے چودھری کا جرات مندانہ اقدام؛ آن لائن ہوم بائٹ سروس کا افتتاح جمعہ کو ہوگا؛ شہریوں کا ویلکم؛ رپورٹ کیمطابق علاقہ ہذا میں آزادی صحافت کی جنگ لڑنے والی بہادر خاتون صحافی پروین کوثر المعروف پی کے چودھری نے انوکھے کاروبار کا اعلان کیا ہے شاہ مقیم آن لائن ہوم بائٹس کے نام سے شروع کیا جانیوالا کاروبار جسمیں گھر کا پکا ہوا صاف ستھرا لذیذ کھانا اب ہر دفتر اور ہر گھر میں صرف ایک فون کال پر پہنچے گا دفاتر، سکول کالجز بینکس سمیت متعدد کاروباری اداروں کا کہنا ہے کہ اب انکو گھر سے کھانے کا ٹیفن لانے اور ہوٹلوں سے کھانا کھانے کی دشواری کا سامنا نہیں کرنا پڑے گا پی کے چودھری صحافی کہنا تھا کہ صحافت میرا شوق ہے تاکہ اس معزز پلیٹ فارم (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 1)

ہڑپہ میوزیم میں عالمی یوم سیاحت بھرپور جوش وجذبے کے ساتھ منایا گیا

ساہیوال (منیر ساجد ارائیں سے) ہڑپہ میوزیم میں عالمی یوم سیاحت بھرپور جوش و جذبے کے ساتھ منایا گیا۔ ڈائریکٹر جنرل آثارِ قدیمہ، حکومت پنجاب ظہیر عباس ملک کی خصوصی ہدایات پر منعقدہ تقریب میں عالمی یوم سیاحت کی مناسبت سے آگاہی واک، سیمینار اور ثقافتی موسیقی و ڈھول کا اہتمام کیا گیا جس میں لوگوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ کیوریٹر احمد نواز ٹیپو نے شرکاء کو عالمی یوم سیاحت کی اہمیت اور آثارِ قدیمہ و سیاحت کے فروغ کے حوالے سے آگاہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان بالخصوص پنجاب تاریخی و ثقافتی ورثے کے اعتبار سے منفرد مقام رکھتا ہے اور ایسے پروگرامز عوام کو اپنے تاریخی ورثے سے روشناس کرانے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ تقریب کے شرکاء نے ہڑپہ کے قدیم تہذیبی ورثے اور میوزیم میں محفوظ نوادرات میں گہری دلچسپی کا اظہار (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 4)

ملتان الیکٹرک پاور کمپنی (میپکو) ریجن میں بجلی چوری کے خلاف بھرپور کریک ڈاؤن جاری

ملتان (سی ایم لنکس) ملتان الیکٹرک پاور کمپنی (میپکو) ریجن میں بجلی چوری کے خلاف بھرپور کریک ڈاؤن جاری ہے۔ میپکو، رینجرز، پولیس فورسز کے ہمراہ ٹیمیں بجلی چوری کے خاتمے کے لئے دن رات چیکنگ اور نگرانی کر رہی ہیں جبکہ بجلی چوروں کے خلاف قانونی کارروائی بھی عمل میں لائی جا رہی ہے۔ ستمبر 2026ء کے دوران میپکو ریجن کے مختلف آپریشن سرکلوں میں 2750 بجلی چوری کے کیسز پکڑے گئے۔ ان میں سے 2218 کیسز میں ایف آئی آر کے لئے درخواستیں بھجوائی گئیں جبکہ 1053 مقدمات درج کئے جا چکے ہیں اور 63 افراد گرفتار ہوئے۔ کارروائیوں کے دوران بجلی چوری میں استعمال ہونے والے 59 لاکھ 52 ہزار یونٹس چوری کرنے پر مجموعی طور پر 21 کروڑ 31 لاکھ 60 ہزار روپے کے جرمانہ بلز عائد کئے گئے۔ اب تک 4 کروڑ 35 لاکھ روپے کی ریکوری کی جا چکی ہے۔ چیف انجینئر کسٹمر سروسز سید جواد منصور احمد نے کہا ہے کہ چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر گل محمد زاہد اور رینجرز کمانڈرز کی نگرانی (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 7)

ڈپٹی کمشنر عائشہ رضوان نے گزشتہ روز اپنے دفتر میں اوپن ڈور پالیسی کے تحت شہریوں سے ملاقات کی

چنیوٹ (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر عائشہ رضوان نے گزشتہ روز اپنے دفتر میں اوپن ڈور پالیسی کے تحت شہریوں سے ملاقات کی اور ان کے مسائل و شکایات کو براہِ راست سنا۔ شہریوں نے مختلف نوعیت کے مسائل اور درخواستیں پیش کیں، جن پر ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ محکموں کے افسران کو مسائل کے فوری حل اور شہریوں کو ریلیف کی فراہمی کے لیے ضروری (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 9)

اوکاڑہ شہر میں غیرقانونی ایل پی جی شاپس کے خلاف کریک ڈاؤن جاری، 4دکانیں سیل

اوکاڑہ (بیورو رپورٹ +ڈسٹرکٹ رپورٹر) اوکاڑہ۔ شہر میں غیر قانونی ایل پی جی شاپس کے خلاف کریک ڈاؤن جاری، 4 دکانیں سیل، 3 کو نوٹسز جاری، سول ڈیفنس آفیسر عدنان قیصر کی زیرنگرانی غیر قانونی اور غفلت برتنے والی ایل پی جی ری فلنگ شاپس کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں جاری ہیں۔ سول ڈیفنس کی ٹیموں نے شہر کے مختلف علاقوں میں فیلڈ چیکنگ کے دوران شدید نوعیت کی خلاف ورزیوں پر 4 ایل پی جی دکانوں کو موقع پر سیل کر دیا، جبکہ آگ بجھانے والے آلات کی عدم دستیابی اور ناقص انتظامات پر 3 دکانداروں کو نوٹسز جاری کیے۔ مزید برآں صنعتی و تجارتی مراکز میں حفاظتی تدابیر کے پیش نظر سول ڈیفنس کی پیشہ ورانہ ٹیم نے ایک نجی رائس مل کے 17 ورکرز کو آتشزدگی سے بچاؤ، فائر آلات کے استعمال اور ایمرجنسی میں بروقت انخلاء کی عملی تربیت دی تاکہ کسی بھی ممکنہ ناگہانی حادثے پر بروقت قابو پایا جا سکے۔ سول ڈیفنس آفیسر عدنان قیصر نے کہا کہ بغیر این او سی اور غیر محفوظ طریقوں سے ایل پی (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 3)

زہریلی شراب پینے سے دو دوست جاں بحق جبکہ تیسرا اسپتال میں زیر علاج

کاموکے (تحصیل رپورٹر) زہریلی شراب پینے سے دو دوست جاں بحق جبکہ تیسرا اسپتال میں زیر علاج ہے۔ بتایا گیا ہے کہ گزشتہ جمعہ کے روز شریف پورہ کے پینتالیس سالہ شفیق، پینتیس سالہ سفیان اور چالیس سالہ وسیم نے شراب پی جس کے بعد تینوں کی حالت غیر ہوگئی اور اُنہیں تشویشناک حالت کے پیش نظر ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر اسپتال گوجرانوالہ منتقل کر دیا گیا جہاں موت وحیات کی کشمکش میں رہنے کے بعد رات کو شفیق جاں بحق جبکہ گذشتہ صبح سفیان بھی زندگی کی بازی ہار گیا جبکہ وسیم کی حالت نازک بتائی جارہی ہے۔ یاد رہے کہ شفیق کی موت کے بعد اُسکی بہن رفعیہ نے تھانہ صدر میں دائر کی گئی درخواست میں مؤقف (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 11)

حالیہ احتجاجی مارچ ملتوی ہونا اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ عوام اب انتشار، بدامنی اور ٹکراؤ کی سیاست کو مکمل طور پر مسترد کر چکے، شیخ قیصر محمود

چنیوٹ (بیورو رپورٹ) پاکستان مسلم لیگ (ن) ضلع چنیوٹ کے ممتاز رہنما شیخ قیصر محمود چنیوٹی نے پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کی جانب سے احتجاجی مارچ کے التوا اور سیاسی ناکامی پر اپنا تفصیلی ردِعمل اور اخباری بیان جاری کیا ہے: پاکستان تحریک انصاف کا حالیہ احتجاجی مارچ ملتوی ہونا اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ عوام اب انتشار، بدامنی اور ٹکراؤ کی سیاست کو مکمل طور پر مسترد کر چکے ہیں۔ پی ٹی آئی کی قیادت اپنے کھوکھلے دعووں اور بڑھکوں کے باوجود کارکنان اور عوام کو سڑکوں پر لانے میں بری طرح ناکام رہی، اور جب دیکھا کہ ملک بھر خصوصاً پنجاب کے غیور اور باشعور عوام نے ان کے بزدلانہ اور گمراہ کن بیانیے سے لاتعلقی کا اظہار کر دیا ہے، تو انہوں نے رسوائی سے بچنے کے لیے مارچ کو ملتوی کرنے کا سستا بہانہ تراشا۔ وزیرِاعلیٰ پنجاب، حکومت اور ہماری قیادت محترمہ مریم نواز شریف کی شاندار انتظامی حکمتِ عملی، بہترین امن وامان کی دیکھ بھال اور عوامی خدمت کا نتیجہ ہے کہ آج صوبے کا ہر شہری ترقی، سکون (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 10)

محمد ایاز سلیم RPO کی ہمشیرہ کے انتقال پر صحافتی تعزیتی اجلاس زیر صدارت ڈاکٹر محمد عبداللہ بھٹی منعقد؛ دعائے مغفرت کی گئی

شیر گڑھ (نامہ نگار) محمد ایاز سلیم RPO کی ہمشیرہ کے انتقال پر صحافتی تعزیتی اجلاس زیر صدارت ڈاکٹر محمد عبداللہ بھٹی منعقد؛ دعائے مغفرت کی گئی؛ رپورٹ کیمطابق شیر گڑھ پریس کلب رجسٹرڈ، پاکستان پریس کلب راجوال، جاوید نگر پریس کلب حبیب آباد، قائد اعظم پریس کلب حجرہ، عوامی پریس کلب ڈھلیانہ، جناح پریس کلب چوک شاہ مقیم، ہم خیال پریس کلب حجرہ، بہاول شیر پریس کلب حجرہ، امید پریس کلب چوک شاہ مقیم، نیو حجرہ پریس کلب قلعہ سوندھا سنگھ، اتحاد پریس کلب رینالہ، کا مشترکہ تعزیتی اجلاس زیر صدارت ڈاکٹر محمد عبداللہ بھٹی منعقد ہوا اجلاس میں محمد ریاض بھٹی، چوہدری غلام رسول، منصب علی یاسر بھٹہ، سردار محمد احمد بھٹی، ماسٹر ارشد بھٹی، رانا نعمان ایڈووکیٹ، عبدالحنان غوری، رانا محمد اویس، (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 2)

اہم ٹیلی فون نمبرز

ریسکیو ایمبولینس	1122
پولیس ہیلپ لائن	15
ایدھی کنٹرول	115
فائر بریگیڈ	16
بم ڈسپوزل	99212111
موٹروے پولیس	130
پنجاب ہائی وے پولیس	1124

ریلوے اور پی آئی اے

ریلوے انکوائری	117
ریزرویشن	99201772
ریلوے پولیس	1333
فلائٹ انکوائری	114
پی آئی اے ریزرویشن	111-786-766

شکایات سیل اور سنٹرز

وزیر اعلیٰ شکایات سیل	99204907-08
گورنر ہاؤس	99200087
چیف سیکرٹری مانیٹرنگ سیل	99213103
پولیس شکایات	99202881
واپڈا شکایات سنٹر	111-000-118
سوئی گیس شکایات سنٹر	99211022-9

ہسپتال اور بلڈ بنک

سروسز ہسپتال	99203402-22
میو ہسپتال	99211100-9
شیخ زید ہسپتال	35865831
جنرل ہسپتال	99264091-8
گنگا رام ہسپتال	99200572-9
یو بی ایچ ہسپتال	35763573-5
اتفاق ہسپتال	35881981-05
سی ایم ایچ	66996168-72
شوکت خانم	35945100
جناح ہسپتال	111-809-809
چلڈرن ہسپتال	99230901-3
فاطمید بلڈ بینک	35863950
ایدھی بلڈ بینک	35417440

تحصیل فورٹ عباس میں صحت کے شعبہ میں ایک اہم پیش رفت، علایا مظہر ہسپتال کی افتتاحی تقریب منعقد

کھچی والا (نامہ نگار) تحصیل فورٹ عباس میں صحت کے شعبہ میں ایک اہم پیش رفت سامنے آئی ہے، جہاں علایا مظہر ہسپتال کی افتتاحی تقریب منعقد ہوئی۔ ہسپتال کا باقاعدہ افتتاح معروف آرتھوپیڈک سرجن ڈاکٹر مظہر بشیر کے والد محترم چودھری محمد بشیر نے کیا۔ افتتاحی تقریب میں مختلف مکاتبِ فکر سے تعلق رکھنے والے افراد، معززینِ علاقہ، سماجی شخصیات اور شہریوں نے کثیر تعداد میں شرکت کی، تقریب کے شرکاء نے ڈاکٹر مظہر بشیر کو جدید طبی سہولیات سے آراستہ ہسپتال کے قیام پر مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ علایا مظہر ہسپتال پسماندہ ترین تحصیل فورٹ عباس کے عوام کیلئے کسی نعمت سے کم نہیں۔ علاقے میں آرتھوپیڈک علاج کی سہولیات کی ضرورت طویل عرصے سے محسوس کی جا رہی تھی، کیونکہ ہڈیوں اور جوڑوں کے پیچیدہ مسائل میں مبتلا مریضوں کو علاج کیلئے بڑے شہروں کا رخ کرنا پڑتا تھا۔ فورٹ عباس اور (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 27)

آئینِ پاکستان کی بنیادی روح عوام کو اپنے حقوق اور موقف کے حق میں پرامن احتجاج کا مکمل آئینی اور قانونی حق دیتی ہے، سید کلیم علی امیر

چنیوٹ (بیورو رپورٹ) پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے حالیہ احتجاج کے تناظر میں وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کی انتظامی تیاریوں اور حکومتی سخت اقدامات پر تبصرہ کرتے ہوئے پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما **سید کلیم علی امیر (ضلع چنیوٹ) نے اپنا تفصیلی سیاسی بیان جاری کیا ہے۔ مریم نواز صاحبہ کی جانب سے کی جانے والی غیر متوقع اور غیر متوازن تیاریوں کو اپوزیشن بالخصوص پی ٹی آئی والوں نے سیاسی طنز اور تمسخر کا نشانہ بنایا ہے، جو کہ حکومتی انتظامی پالیسیوں کی ناکامی اور بوکھلاہٹ کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ جمہوریت اور آئینِ پاکستان کی بنیادی روح عوام کو اپنے حقوق اور موقف کے حق میں پرامن احتجاج کا مکمل آئینی اور قانونی حق دیتی ہے۔ وفاقی اور پنجاب حکومت کو اب ہوش کے ناخن لینے چاہئیں؛ طاقت، رکاوٹوں اور گرفتاریوں کے ذریعے عوام کی آواز کو دبانے کی پالیسی نہ صرف جمہوریت کو (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 28)

جڑانوالہ: میونسپل کمیٹی کی دکانوں کی بولی میں شرکت کے لیے آنے والے شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا

میونسپل کمیٹی کی دکانوں کی بولی میں شرکت کے لیے آنے والے شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا

جڑانوالہ (تحصیل رپورٹر) جڑانوالہ: میونسپل کمیٹی کی دکانوں کی بولی میں شرکت کے لیے آنے والے شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑا، انتظامیہ کی جانب سے نہ ٹینٹ اور نہ ہی پانی کا مناسب انتظام کیا گیا، جس کے باعث شہری شدید گرمی میں سایہ اور پانی کی تلاش میں پریشان دکھائی دیے۔ شہریوں کے مطابق دکانوں کی بولی کے لیے صبح 11 بجے کا وقت مقرر کیا گیا تھا، تاہم مقررہ وقت پر بولی شروع نہ ہوسکی اور شہری طویل انتظار کرتے رہے۔ شدید گرمی میں بزرگوں اور دیگر شہریوں کے لیے (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 22)

کمشنر عامر کریم خاں کا زیرتعمیر ملتان لودھراں روڈ کا دورہ

ملتان (سی ایم لنکس) کمشنر ملتان ڈویژن عامر کریم خاں نے زیرتعمیر ملتان لودھراں روڈ کا دورہ کیا اور جاری تعمیراتی کام کا جائزہ لیا۔ متعلقہ افسران نے روڈ کے مختلف سیکشنز، روڈ بیس، تعمیراتی میٹریل اور سٹرکچرز پر جاری کام بارے بریفنگ دی۔ 62 کلومیٹر طویل ملتان لودھراں روڈ منصوبہ ساڑھے 4 ارب روپے کی لاگت سے مکمل کیا جا رہا ہے، جس کی تکمیل کی ڈیڈ لائن جنوری 2027 مقرر ہے۔ کمشنر عامر کریم خاں نے تعمیراتی کام کی رفتار مزید تیز کرنے اور معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہ کرنے کی ہدایت کی۔ انہوں نے روڈ کی تعمیر کے ساتھ سٹرکچرز، سروس روڈز اور ڈرینز کا کام بھی متوازی طور پر مکمل کرنے کی ہدایت کی۔ کمشنر نے کہا کہ منصوبے کو مقررہ مدت میں مکمل کیا جائے اور تعمیراتی کام میں معیار کو ہر صورت یقینی بنایا جائے۔

ڈپٹی کمشنر عائشہ رضوان کی اوپن ڈور پالیسی، شہریوں کے مسائل سنے، فوری حل کے احکامات

چنیوٹ (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر عائشہ رضوان نے گزشتہ روز اپنے دفتر میں اوپن ڈور پالیسی کے تحت شہریوں سے ملاقات کی اور ان کے مسائل و شکایات کو براہِ راست سنا۔ شہریوں نے مختلف نوعیت کے مسائل اور درخواستیں پیش کیں، جن پر ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ محکموں کے افسران کو مسائل کے فوری حل اور شہریوں کو ریلیف کی فراہمی کے لیے ضروری اقدامات کرنے کے احکامات جاری کیے۔ ڈپٹی کمشنر عائشہ رضوان نے افسران کو ہدایت کی کہ شہریوں کی شکایات کو ترجیحی بنیادوں پر نمٹایا جائے اور مسائل کے حل میں کسی قسم کی تاخیر یا غفلت برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ عوام کو بہترین سروسز کی فراہمی اور ان کے مسائل کے بروقت ازالے کے لیے تمام ممکنہ اقدامات کر رہی ہے۔ ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ محکموں کے افسران کو مسائل کے فوری حل اور شہریوں کو ریلیف کی فراہمی کے لیے ضروری اقدامات کرنے کے احکامات جاری کیے

صدر گوگیرہ تھانہ گوگیرہ کی حدود میں دریائے راوی میں ٹک ٹاک ویڈیوز بناتے ہوئے 18 سالہ نوجوان مبینہ طور پر ڈوب گیا

اوکاڑہ (بیورو رپورٹ +ڈسٹرکٹ رپورٹر) صدر گوگیرہ تھانہ گوگیرہ کی حدود میں دریائے راوی میں ٹک ٹاک ویڈیوز بناتے ہوئے 18 سالہ نوجوان مبینہ طور پر ڈوب گیا تفصیلات کے مطابق 18 سالہ قیصر نواز اپنے تین دوستوں کے ہمراہ دریائے راوی پر گیا تھا، جہاں مبینہ طور پر ٹک ٹاک ویڈیوز بناتے ہوئے اچانک دریا میں جا گرا اور گہرے پانی میں ڈوب گیا ڈوبنے والا نوجوان ٹھٹھہ طاہر کا رہائشی بتایا جا رہا ہے جبکہ اس کے تینوں دوست محفوظ رہے واقعہ کی اطلاع ملنے پر ریسکیو 1122 کی ٹیم (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 21)

توجہ برائے نمائندگان' نیوز ایجنٹ

MEMBER APNS

ABC CERTIFIED

روزنامہ سحر

نہ ملنے یا لیٹ ملنے کی صورت میں ہمارے

فارورڈنگ ایجنٹ شعیب چودھری سے رابطہ کریں

0331-4667648

0321-4618852

جمعیت علمائے اسلام کے زیراہتمام جامع مسجد صدیق اکبر چنیوٹ میں سالانہ عظیم الشان ختم نبوت کانفرنس منعقد

چنیوٹ (بیورو رپورٹ) جمعیت علمائے اسلام کے زیراہتمام جامع مسجد صدیق اکبر چنیوٹ میں سالانہ عظیم الشان ختم نبوت کانفرنس مختلف دینی جماعتوں کے علماء کرام عاشقان رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی شرکت کانفرنس سے نواسہ مفتی محمود رحمۃ اللہ مولانا مفتی عامر محمود مجلس احرار اسلام کے مرکزی قائد سید عطاء اللہ شاہ بخاری ثالث مولانا خلیل احمد اشرفی قاری شبیر احمد عثمانی قاری محمد یامین گوہر چنیوٹی مفتی محمد افضال مولانا عبدالواحد نفیسی حافظ مہر تنویر الحق و دیگر علماء کرام نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ عقیدہ ختم نبوت کا تحفظ کرنا ہر مسلمان کے ایمان کا حصہ ہے عقیدہ ختم نبوت کا غدار پاکستان اور اسلام کا کبھی بھی وفادار نہیں ہوسکتا اسلام اور پاکستان سے وفاداری کر کے ختم نبوت کا تحفظ ہم کرتے رہیں گے قادیانی ملک اور بیرون ملک پاکستان کے خلاف سازشیں کر کے ہمیں کمزور کرنے کی کوشش کرتے رہتے ہیں حکمرانوں کی ذمہ داری ہے کہ قادیانیوں کو آئین وقانون کا پابند بنائے اور ملک کے (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 20)

گیس صارفین کی جان ومال کی حفاظت کے لئے خصوصی ہدایات جاری کر دی گئیں

ملتان (سی ایم لنکس) سوئی نادرن گیس پائپ لائنز لمیٹڈ کی یو ایف جی کنٹرول ٹاسک فورس نے جنرل منیجر کی ہدایت پر گیس چوری، غیر قانونی استعمال اور تکنیکی خلاف ورزیوں کے خلاف بھرپور کارروائیاں جاری رکھی ہوئی ہیں۔ حالیہ کارروائیوں کے دوران ملتان کے مختلف علاقوں میں 60 مقامات کی چیکنگ کی گئی، جس کے نتیجے میں 04 گیس میٹر منقطع کر دیے گئے۔ تفصیلات کے مطابق دو میٹر جو کنزیومر نے اتار کر رکھے تھے ریکور کر لیے گئے، دو میٹر کمپریسر استعمال کرنے کے باعث قواعد کی خلاف ورزی کے مرتکب پائے گئے، جس پر متعلقہ میٹرز منقطع کر دیے گئے۔ یو ایف جی کنٹرول ٹاسک فورس کی ان کارروائیوں کا مقصد نہ صرف گیس چوری کا خاتمہ ہے بلکہ گیس پریشر میں بہتری، صارفین کو بلاتعطل فراہمی، اور عوامی شکایات کا بروقت ازالہ بھی شامل ہے۔ اس موقع پر جنرل منیجر سوئی گیس ملتان نے کہا کہ صارفین کی جان و مال (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 19)

اوکاڑہ ثناء سکنڈری سکول میں کمپیوٹرز کلاسز کی افتتاحی تقریب کا منظر

ثناء سیکنڈری پبلک سکول نول پلاٹ میں کمپیوٹر اینڈ سائنس لیب کا افتتاح کر دیا گیا

اوکاڑہ (محمد آصف کھوکھر) ثناء سیکنڈری پبلک سکول نول پلاٹ میں کمپیوٹر اینڈ سائنس لیب کا افتتاح کر دیا گیا۔ جدید کمپیوٹر سائنس لیب سکول کی ایک اہم بنیادی ضرورت ہے جہاں پر بچوں کو پریکٹیکل سیکھنے سمجھنے کا موقع ملتا ہے افتتاحی تقریب میں قاری غلام جیلانی سیال، ماسٹر رائے عمر حیات، رانا اشفاق احمد جوئیہ، رانا قادر عباس جنرل سیکرٹری نیو نول پلاٹ پریس کلب، قاری جنید سیال، ماسٹر ڈاکٹر محمد رفیق، عبداللہ بھائی اور طالبات کے والدین نے شرکت کی۔ سکول انتظامیہ کی جانب سے مہمانان گرامی پر پھولوں کی پتیاں نچھاور کر کے استقبال کیا گیا۔ مہمانان گرامی نے کمپیوٹر سائنس لیب کا فیتہ کاٹ کر افتتاح (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 12)

اہل اسلام ہڑپہ شہر کے نام پر وقف قبرستان کی 96 کنال 2 مرلہ اراضی میں سے تقریباً 72 کنال رقبہ مبینہ طور پر خرد برد ہونے کا انکشاف

ہڑپہ (منیر ساجد ارائیں سے) ہڑپہ شہر میں اہلِ اسلام کے نام پر وقف قبرستان کے لیے مختص 96 کنال 2 مرلہ اراضی میں سے تقریباً 72 کنال رقبہ مبینہ طور پر خرد برد/غیر مجاز تصرف کی زد میں آنے کا معاملہ سامنے آنے پر شہریوں اور اہلِ علاقہ میں تشویش کی لہر دوڑ گئی ہے شہری حلقوں نے کمشنر ساہیوال اور ڈپٹی کمشنر ساہیوال سے معاملے کا فوری نوٹس لے کر ریونیو ریکارڈ، وقف ریکارڈ، انتقالات، رجسٹریوں اور موقع پر موجودہ قبضہ کی مکمل اور شفاف جانچ کرانے کا مطالبہ کیا ہے وقف قبرستان کی زمین کسی فرد کی ذاتی ملکیت نہیں، شرعی مقصد کے خلاف استعمال کی اجازت نہیں اسلامی اصولوں کے مطابق جو زمین باقاعدہ طور پر وقف کی جائے، اسے اسی مقصد کے لیے استعمال کیا جانا چاہیے جس مقصد کے لیے وقف کیا گیا ہو بالخصوص قبرستان کے لیے وقف اراضی کے بارے میں شرعی اصول (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 13)

چشتیاں میں 35 لاکھ 25 ہزار 600 روپے کے سرکاری ریونیو میں مبینہ بے ضابطگی کا انکشاف

چشتیاں (ملک زبیر انجم سے) چشتیاں میں 35 لاکھ 25 ہزار 600 روپے کے سرکاری ریونیو میں مبینہ بے ضابطگی کا انکشاف سب رجسٹرار اور پٹواری زاہد کے خلاف اینٹی کرپشن انکوائری، FBR رپورٹ نے اہم حقائق سامنے رکھ دیے تفصیل کے مطابق تحصیل چشتیاں کے سب رجسٹرار آفس میں جائیداد کے انتقال کے دوران سرکاری ریونیو کی مبینہ عدم وصولی اور بے ضابطگیوں کا اہم معاملہ سامنے آیا ہے۔ اینٹی کرپشن اسٹیبلشمنٹ بہاولپور نے انکوائری نمبر 3107/25 کے تحت معاملے کی تحقیقات شروع کر رکھی ہیں، جبکہ فیڈرل بورڈ آف ریونیو (FBR) کی رپورٹ میں ایک انتقال پر لاکھوں روپے کے ٹیکس کی عدم ادائیگی کی نشاندہی کی گئی ہے۔ دستیاب سرکاری مراسلات کے مطابق اینٹی کرپشن اسٹیبلشمنٹ کی جانب سے محمد سلیم قائمقام، سب رجسٹرار چشتیاں، (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 14)



INLAND REVENUE OFFICER
Inland Revenue Unit-10, Tax House,
Bahawalnagar Road, Chishtian

Dated: 11-8-2026

Assistant Director (Investigation)
Anti-Corruption Establishment, Bahawalpur

ect:- EMBEZZLEMENT AND LOSS OF REVENUE OF RS. 3,525,600/- IN PASSING OF MUTATION BY SUB-REGISTRAR, TEHSIL CHISHTIAN – ENQUIRY NO. 3107/25 AGAINST MUHAMMAD ZAHID PATWARI REVENUE DEPARTMENT, CHISHTIAN-

Please refer to your office letter no. ACE-BR(RE-3107)25/ADI/657 dated 10.08.2026 on subject cited above in which your office has informed out that during the course of enquiry
eedings against the above noted official of Revenue Department he has contended that tax under
ion 236C & 236K has been fully recovered/deposited into Government Treasury.

In this regard it is to inform you that a sum of Rs. 1,220,400/- has been deposited into
ernment Treasury on 17.12.2025 vide CPR no. IT20251217010111534526 as tax u/s 236C of sold
perty from seller side (copy of CPR enclosed) of intiqal no.1467 Mouza 13/F Chishtian. Although the
nce tax of Rs.1,898,400/- is still outstanding / payable out of total due/payable tax amounting to
3,118,800/- due u/s 236C of the Income Tax Ordinance 2001 and the contention of the Patwari is
leading that fees of intiqal no.1467 Mouza 13/F Chishtian has been deposited.

It is therefore, informed that the balance tax u/s 236C Rs.1,898,400/- is still outstanding /
able out of total payable tax amounting to Rs.3,118,800/- due u/s 236C of the Income Tax Ordinance

No.ACE-BR(RE-3107)25/ADI/657 dated 10-08-2026

منہاج ویلفیئر فاؤنڈیشن نوشہرہ وادی سون کے زیراہتمام چار اجتماعی شادیوں کی تقریب مقامی نجی ہوٹل میں منعقد ہوئی جس میں خصوصی شرکت

نوشہرہ سون سکیسر (نمائندہ سحر) منہاج ویلفیئر فاو?نڈیشن نوشہرہ وادی سون کے زیراہتمام چار اجتماعی شادیوں کی تقریب مقامی نجی ہوٹل میں منعقد ہوئی جس میں خصوصی شرکت منہاج ویلفیئر فاؤنڈیشن وادی سون کے تحت اجتماعی شادیوں کی تقریب ونیلج ان ہوٹل نوشہرہ پر منعقد ہوئی جس میں خصوصی شرکت نائب ناظم اعلیٰ تنظیمات ڈاکٹر محمد رفیق نجم، ڈپٹی ڈائریکٹر منہاج ویلفیئر فاؤنڈیشن اشتیاق حنیف مغل، راجہ اکرام اللہ صدر تحریک منہاج القرآن سرگودھا محمد سلیم دیوانہ صدر تحریک منہاج القرآن راولپنڈی، پیر سید محسن شیرازی، پیر سید اقبال شاہ، علامہ جاوید اقبال کھارا نے کی سالانہ اجتماعی شادیوں کی تقریب میں مستحق اور ضرورت مند جوڑوں کی شادی منہاج ویلفیئر فاو?نڈیشن کے تعاون سے عمل میں لائی گئی منہاج ویلفیئر فاو?نڈیشن کی جانب سے دلہنوں کے لئے چار لاکھ کا جہیز گھریلو سامان شادی کے انتظامات، لباس (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 15)

ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر ساہیوال محمد عثمان ٹیپو کی ہدایت پر ڈسٹرکٹ ٹریفک آفیسر ساہیوال مرزا تنویر بیگ کی زیرِ نگرانی ایل پی جی سلنڈر نصب کرنے والی گاڑیوں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری

چیچہ وطنی (تحصیل رپورٹر، نامہ نگار) وزیراعلیٰ پنجاب کے ویژن ''محفوظ پنجاب'' کے تحت، ڈی آئی جی ٹریفک پولیس پنجاب وقاص نذیر کی اور ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر ساہیوال محمد عثمان ٹیپو کی ہدایت پر ڈسٹرکٹ ٹریفک آفیسر ساہیوال مرزا تنویر بیگ کی زیرِ نگرانی ایل پی جی سلنڈر نصب کرنے والی گاڑیوں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری ہے، انچارج ٹریفک پولیس چیچہ وطنی فضل عباس نے اپنی ٹیم کے ہمراہ ایل پی جی سلنڈر نصب کرنے والی گاڑیوں کے خلاف کریک ڈا?ن کرتے ہوئے متعدد (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 16)

ڈپٹی کمشنر اوکاڑہ محمد اکرام ملک کی ہدایت پر واسا کی دیپالپور روڈ پر پانی کے چھڑکاؤ کا عمل جاری

اوکاڑہ (بیورو رپورٹ +ڈسٹرکٹ رپورٹر) ڈپٹی کمشنر اوکاڑہ محمد اکرام ملک کی ہدایت پر واسا کی دیپالپور روڈ پر پانی کے چھڑکاؤ کا عمل جاری، ایم ڈی واسا فاروق نجیب کی زیرِ نگرانی ٹیم نے شہر کی سب سے اہم اور مصروف ترین شاہراہ دیپالپور روڈ پر پانی کے باقاعدہ چھڑکاؤ کا سلسلہ جاری رکھا ہوا ہے۔ آمدورفت اور تجارتی سرگرمیوں کے لحاظ سے انتہائی اہمیت کی حامل اس مرکزی سڑک پر گرد و غبار پر قابو پانے، فضائی آلودگی کو کم کرنے اور شہریوں کو صاف ستھرا ماحول فراہم کرنے کے لیے واسا کی ٹیمیں (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 17)

مریم نواز دا خواب
سوہنا تے ستھرا پنجاب

جمبر میں ثقافتی ورثہ چک ڈنڈا ٹورنامنٹ کا شاندار انعقاد شائقین کی بڑی تعداد میں شرکت

جمبر (نمائندہ خصوصی کامران خانزادہ) جمبر میں پنجاب کے قدیمی اور ثقافتی کھیل چک ڈنڈا کا ایک روزہ شاندار ٹورنامنٹ منعقد ہوا جس میں نوجوان کھلاڑیوں نے اپنی صلاحیتوں کے جوہر دکھا کر شائقین سے خوب داد وصول کی اس دیسی کھیل کو زندہ رکھنے اور نوجوان نسل میں اسے فروغ دینے کے لیے ٹورنامنٹ کے بانی حاجی سردار نے خصوصی کاوش کی ٹورنامنٹ میں جمبر سمیت پتوکی رینالہ خورد شیخم چونیاں اور دیگر دور دراز علاقوں سے آئی ہوئی نامور ٹیموں نے حصہ لیا تمام ٹیموں کے درمیان کانٹے دار (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 18)

مجھے ہے حکم اذاں لا الہ الا اللہ
Daily SEHAR
روزنامہ
سحر
لاہور
چیف ایڈیٹر
ملک یاسین اعوان

شہر کے مختلف ہوٹلوں پر مبینہ طور پر ناقص صفائی اور مضرصحت کھانوں کی فروخت جاری

چیچہ وطنی (تحصیل رپورٹر، نامہ نگار) شہر کے مختلف ہوٹلوں پر مبینہ طور پر ناقص صفائی اور مضرصحت کھانوں کی فروخت جاری، شہریوں کا اعلیٰ حکام سے نوٹس لینے کا مطالبہ، مبینہ طور پر چیچہ وطنی شہر کے گنجان آباد علاقوں پر قائم ہوٹلوں میں صفائی ستھرائی کے ناقص انتظامات اور مضرصحت کھانوں کی فروخت دھڑلے سے جاری ہے، متعدد ہوٹل مالکان معیار اور حفظان صحت کے اصولوں کو نظر انداز کرتے ہوئے (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 29)

پنجاب فوڈ اتھارٹی نے مضرِ صحت گوشت سے بھرا رکشہ پکڑ لیا

فوڈ سیفٹی ٹیم نے ڈپٹی ڈائریکٹر آپریشنز کی سربراہی میں خفیہ اطلاع پر کارروائی کی، 2 من خراب اور بدبودار گوشت تلف کر کے سپلائر کے خلاف مقدمہ درج کروا دیا گیا، ملزم گرفتار

بہاولنگر (عبدالوحید بھٹی سے) پنجاب فوڈ اتھارٹی نے دربار نوشاہی کے قریب کارروائی کرتے ہوئے مضرِ صحت گوشت سے بھرا رکشہ پکڑ لیا۔ 2 من خراب اور بدبودار گوشت تلف کر کے سپلائر کے خلاف مقدمہ درج کروادیا گیا، ملزم گرفتار۔ فوڈ سیفٹی ٹیم نے ڈپٹی ڈائریکٹر آپریشنز کی سربراہی میں خفیہ اطلاع پر کارروائی کی۔ حکام کا کہنا ہے کہ جھلن چشتی روڈ پر چیکنگ کے دوران رکشہ سے 2 من باسی اور بدبودار گوشت برآمد کیا گیا، جسے فروخت کی غرض سے لے جایا جا رہا تھا۔ فوڈ سیفٹی ٹیم نے ضروری کارروائی کے (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 30)

چنیوٹ: ڈپٹی کمشنر عائشہ رضوان اوپن ڈور پالیسی کے تحت شہریوں کے مسائل سنتے ہوئے

شیر گڑھ اور گردونواح میں منشیات فروشی کے بڑھتے ہوئے رجحان نے شہریوں کو شدید تشویش میں مبتلا کر دیا

شیر گڑھ (نامہ نگار) شیر گڑھ اور گردونواح میں منشیات فروشی کے بڑھتے ہوئے رجحان نے شہریوں کو شدید تشویش میں مبتلا کر دیا ہے، جبکہ آئس سمیت مختلف نشہ آور اشیاء کے استعمال سے نوجوان نسل کا مستقبل داؤ پر لگتا جا رہا ہے۔ شہریوں کے مطابق بعض علاقوں میں منشیات کی دستیابی کے باعث کم عمر نوجوان بھی اس لعنت کا شکار ہو رہے ہیں، جس سے نہ صرف ان کی صحت اور تعلیم متاثر ہو رہی ہے (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر31)

چنیوٹ: سالانہ ختم نبوت کانفرنس کے شرکاء سٹیج پر بیٹھے ہیں

سانگلہ ہل میں ناقص دودھ دہی کی فروخت جاری

گلی محلوں میں قائم دودھ اور دہی کی دکانوں پر فروخت ہونے والی اشیاء کے معیار کو باقاعدگی سے چیک کیا جائے اور فوڈ اتھارٹی کی ٹیمیں مختلف علاقوں میں اچانک کارروائیاں کرتے ہوئے دودھ اور دہی کے سیمپل حاصل کریں، شہری

سانگلہ ہل (عمر حیات کانواں) شہریوں نے ناقص اور غیر معیاری دودھ و دہی فروخت کرنے والوں کے خلاف سخت کارروائی کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ شہریوں کو معیاری اور خالص دودھ و دہی کی فراہمی یقینی بنانا متعلقہ اداروں کی ذمہ داری ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ گلی محلوں میں قائم دودھ اور دہی کی دکانوں پر فروخت ہونے والی اشیاء کے معیار کو باقاعدگی سے چیک کیا جائے اور فوڈ اتھارٹی کی ٹیمیں مختلف علاقوں میں اچانک کارروائیاں کرتے ہوئے دودھ اور دہی کے سیمپل حاصل کریں شہریوں (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 32)

ریجنل پولیس آفیسر ساہیوال رانا محمد ایاز سلیم خاں کی بڑی ہمشیرہ محترمہ رضائے الٰہی سے وفات پا گئیں

چیچہ وطنی (تحصیل رپورٹر، نامہ نگار) ریجنل پولیس آفیسر ساہیوال رانا محمد ایاز سلیم خاں کی بڑی ہمشیرہ محترمہ رضائے الٰہی سے وفات پا گئی ہیں، مرحومہ کی نمازِ جنازہ آج مورخہ 27 ستمبر 2026ء، بروز اتوار، صبح 10 بجے جامع مسجد واپڈا سٹی، فیصل آباد میں ادا کی جائے گی، شرکت فرما کر ثواب دارین حاصل کریں، مرحومہ کی وفات پر صدر چیچہ وطنی پریس کلب چوہدری علی رضا سندھو اور سابق سرپرست چوہدری شعیب رحیم وتھرا نے گہرے رنج و غم کا اظہار (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر33)

صوبائی وزیر محنت وافرادی قوت پنجاب محمد منشاء اللہ بٹ کا سٹی بیوٹیفکیشن منصوبے کا معائنہ، شجرکاری کو مزید وسعت دینے کی ہدایت

سیالکوٹ (میاں عثمان شہزاد سے) صوبائی وزیر محنت و افرادی قوت پنجاب محمد منشاء اللہ بٹ اور رکن صوبائی اسمبلی چوہدری فیصل اکرام نے شہر میں جاری سٹی بیوٹیفکیشن پراجیکٹ کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر ایم ڈی پارکس اینڈ ہارٹیکلچر اتھارٹی (پی ایچ اے) شاہد عباس نے صوبائی وزیر اور رکن صوبائی اسمبلی کو شہر میں جاری بیوٹیفکیشن منصوبوں، مختلف چوکوں کی تزئین و آرائش اور گرین بیلٹس کی بہتری کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ صوبائی وزیر محنت و افرادی قوت پنجاب محمد منشاء اللہ بٹ نے کہا کہ سٹی بیوٹیفکیشن ایک احسن اقدام ہے جس سے شہر کی خوبصورتی میں اضافہ ہوگا اور شہریوں کو بہتر، صاف ستھرا اور خوبصورت ماحول میسر آئے گا۔ انہوں نے کہا کہ شہر کی خوبصورتی کے ساتھ ساتھ ماحولیاتی بہتری کو بھی ترجیح دی جائے اور جس قدر ممکن ہو شجرکاری کو فروغ دیا جائے۔ انہوں نے ہدایت کی کہ برساتی نالہ جات، گرین بیلٹس اور سڑکوں کے اطراف زیادہ سے زیادہ بڑے درخت لگائے جائیں تاکہ شہر میں سبزہ بڑھے اور ماحول کو بہتر بنایا جا سکے۔ شجرکاری کے لیے ایسے مقامی اور ماحول دوست درختوں کا انتخاب کیا جائے جو مقامی آب و ہوا سے مطابقت رکھتے ہوں اور طویل عرصے تک شہری ماحول کو بہتر بنانے میں معاون ثابت ہوں۔ محمد منشاء اللہ بٹ نے کہا کہ شجرکاری صرف سرکاری اداروں کی ذمہ داری نہیں بلکہ اس مقصد کے لیے سول سوسائٹی، نجی اداروں، کاروباری برادری اور شہریوں کو بھی ساتھ شامل کیا جائے۔ پی ایچ اے تعلیمی اداروں کے تعاون سے خصوصی شجرکاری مہم کا آغاز کرے تاکہ طلبہ میں درختوں اور ماحول کے تحفظ کا شعور اجاگر کیا جا سکے اور نئی نسل کو (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 34)

نے تقریباً 2 سال پہلے اغوا شہری زخمی حالت میں برآمد

سیالکوٹ پسرور روڈ سے طارق بٹ ولد عبد لمجید بٹ جس کو نامعلوم افراد نے تقریباً 2 سال پہلے اغوا کر لیا تھا آج مورخہ 22 ستمبر 2026 بروز منگل رات تقریباً 8 بجے پسرور روڈ پر راگیر گلفام امتیاز نے شدید زخمی حالت میں طارق بٹ ولد عبدالمجید بٹ کو دیکھا اور اس کو شدید زخمی حالت میں دیکھتے ہوئے فوری طور پر اپنی گاڑی میں قریبی ہسپتال منتقل کر دیا۔

ڈی پی او گجرات فیصل شہزاد کا زیرِ تعمیر ایس پی آفس، پولیس ہسپتال اور لیڈی ہاسٹل کا دورہ

لالہ موسیٰ (محمد شہزاد دلبر) ڈی پی او گجرات فیصل شہزاد کا زیرِ تعمیر ایس پی آفس، پولیس ہسپتال اور لیڈی ہاسٹل کا دورہ ڈی پی او گجرات فیصل شہزاد نے زیرِ تعمیر ایس پی آفس، پولیس ہسپتال اور لیڈی ہاسٹل کی عمارت کا دورہ کیا اور جاری تعمیراتی کام کا معائنہ کیا۔ اس موقع پر متعلقہ افسران نے ڈی پی او گجرات کو منصوبوں کی پیش رفت کے حوالے سے بریفنگ دی۔ ڈی پی او گجرات نے ہدایت کی کہ تعمیراتی کام کو اعلیٰ معیار کے ساتھ مقررہ مدت میں مکمل کیا جائے تاکہ افسران، اہلکاروں اور شہریوں کو بہتر سہولیات فراہم کی جا سکیں۔

ڈی پی او گجرات فیصل شہزاد کا زیرِ تعمیر ایس پی آفس، پولیس ہسپتال اور لیڈی ہاسٹل کا دورہ

سرکاری خزانے کو بلڈنگ پلان فیس کی مد میں لاکھوں روپے کے نقصان کے معاملے پر کارروائی کرتے ہوئے ایک پراپرٹی کو سیل کر دیا گیا

گجرات (بیورو رپورٹ) غیر قانونی تعمیرات کے خلاف ضلعی انتظامیہ کی کارروائی، جلالپور جٹاں میں پراپرٹی سیل معزز ہائی کورٹ کے احکامات اور مقررہ قانونی طریقہ کار کی تکمیل کے بعد ضلعی انتظامیہ گجرات نے بلڈنگ بائی لاز کی سنگین خلاف ورزی اور سرکاری خزانے کو بلڈنگ پلان فیس کی مد میں لاکھوں روپے کے نقصان کے معاملے پر کارروائی کرتے ہوئے ایک پراپرٹی کو سیل کر دیا۔ ریکارڈ کے مطابق مذکورہ پراپرٹی کے لیے صرف 17 مرلہ رقبہ کا بلڈنگ پلان غیر قانونی طور پر منظور کروایا گیا تھا، جبکہ موقع پر تقریباً 60 مرلہ رقبہ پر تعمیرات کی گئیں، جس کے باعث اضافی تعمیر شدہ رقبے کی واجب الادا بلڈنگ پلان فیس سرکاری خزانے میں جمع نہیں کروائی گئی۔ معاملہ سامنے آنے پر متعلقہ بلڈنگ پلانز منسوخ کر دیے گئے۔ ضلعی انتظامیہ نے واضح کیا ہے کہ بلڈنگ بائی لاز کی خلاف ورزی اور سرکاری محصولات (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 35)

نیشنل پرائیویٹ سکولز ایسوسی ایشن پاکستان کے زیر اہتمام تقریب منعقد

ڈسکہ (نمائندہ خصوصی) نیشنل پرائیویٹ سکولز ایسوسی ایشن پاکستان کے زیر اہتمام تقریب لرننگ کنگڈم سکول رائل کیمپس، کالج روڈ ڈسکہ میں منعقد ہوئی، جس میں مرکزی صدر نیشنل پرائیویٹ سکولز ایسوسی ایشن پاکستان سعید چیمہ ایڈووکیٹ، مرکزی جنرل سیکرٹری میاں کاشف، مرکزی چیف ایڈوائزر ملک زاہد، مرکزی نائب صدر سجاد ملہی، ڈسٹرکٹ (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 36)

گیمبر اوکاڑہ کینٹ (نمائندہ خصوصی) سروس روڈ پر پانی، کیچڑ اور تجاوزات — کینٹ بورڈ فوری نوٹس لے

الہ دین نعمت ہوٹل کے حوالے سے اہلِ علاقہ کی جانب سے شکایات سامنے آ رہی ہیں کہ صبح کے اوقات میں صفائی کے دوران پانی سروس روڈ پر چھوڑ دیا جاتا ہے، جس کے باعث سڑک پر پانی اور کیچڑ جمع ہو جاتا ہے۔ تصویر میں بھی سروس روڈ کی صورتحال واضح طور پر دیکھی جا سکتی ہے۔ اس صورتحال کے باعث راہگیروں اور ٹریفک کو شدید مشکلات کا سامنا ہے، جبکہ مسلسل پانی کھڑا رہنے سے سڑک اور سرکاری املاک کو بھی نقصان پہنچنے کا خدشہ ہے۔ کینٹونمنٹ بورڈ کو بارہا توجہ دلانے کے باوجود مسئلہ حل نہ ہونا باعثِ تشویش ہے۔ سروس روڈ پر تجاوزات اور صفائی کے پانی کے اخراج کے معاملے کا بھی فوری جائزہ لیا جائے۔ (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 37)

شیر گڑھ: ینگ مین ایسوسی ایشن کے اجلاس کے شرکاء کا گروپ فوٹو

پاکستان کی مسلح افواج وطن عزیز کے امن، سلامتی اور استحکام کیلئے ہر محاذ پر ثابت قدم ہیں، سیٹھ حافظ عبدالرحمان اور حمزہ رحمان

کامونکے (تحصیل رپورٹر) امیر مرکزی جمعیت اہلحدیث سیٹھ حافظ عبدالرحمان اور حمزہ رحمان نے چیف آف ڈیفنس فورسز و چیف آف آرمی اسٹاف فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کے پشاور کور ہیڈکوارٹرز کے دورے اور دہشتگردی کے خلاف قومی عزم کے اظہار کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان کی مسلح افواج وطن عزیز کے امن، سلامتی اور استحکام کیلئے ہر محاذ پر ثابت قدم ہیں۔ چوہدری شوکت منیر نے کہا کہ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کا پشاور میں خیبر پختونخوا کی سیکیورٹی صورتحال، جاری انسدادِ دہشتگردی کارروائیوں، بارڈر مینجمنٹ اور آپریشنل تیاریوں کا جائزہ لینا اس امر کا واضح اظہار ہے کہ ملکی سلامتی پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ پاک فوج کے افسران اور جوانوں کا بلند حوصلہ، پیشہ ورانہ صلاحیت اور ملک و قوم کے تحفظ کیلئے غیر متزلزل عزم پوری قوم کیلئے باعث اطمینان ہے۔ دہشتگردی کیخلاف جنگ میں شہداء کی (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 38)

اسلامی تعلیمات 'انسانیت کی بھکائی 'امن 'رواداری اور باہمی احترام کی ضامن ہیں، حاجی اصغر علی مغل

کامونکے (تحصیل رپورٹر) سرپرست تنظیم مغلیہ کامونکے حاجی اصغر علی مغل نے کہا ہے کہ اسلامی تعلیمات 'انسانیت کی بھکائی 'امن 'رواداری اور باہمی احترام کی ضامن ہیں 'اسلام میں شدت پسندی 'دہشت گردی اور شرپسندی کی قطعی کوئی گنجائش نہیں 'اسلام نے انسانوں کے جان و مال اور عزت و آبرو کے تحفظ کو بنیادی اہمیت دی ہے اور کسی بے گناہ انسان کو نقصان پہنچانے کی اجازت نہیں دیتا جو عناصر شدت پسندوں کی کارروائیوں کو مسلمانوں یا اسلام سے منسوب کر کے دین اسلام کے بارے میں غلط تاثر پیدا کرنے کی کوشش کرتے ہیں انہیں ہوش کے ناخن لینے چاہئیں اور اسلام کی حقیقی تعلیمات کا مطالعہ کرنا چاہیے تاکہ وہ دین کے اصل پیغام سے آگاہ ہو سکیں۔ اسلام نے جنگ اور امن دونوں کے حوالے سے واضح اصول وضع کئے ہیں اور ظلم 'زیادتی 'فساد اور بے گناہ انسانوں کو نشانہ بنانے کی سختی سے ممانعت کی ہے۔ نبی کریم ? نے جانوروں اور ماحول کیساتھ بھی حسن سلوک کی تعلیم دی 'حتیٰ کہ بلاوجہ سایہ دار درخت کاٹنے سے بھی روکا گیا' آج دنیا کو نفرت 'تشدد اور انتہا پسندی کے بجائے امن 'برداشت 'اخوت اور انسانیت کی ضرورت (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 39)

مہک سیال شوبز میں ایک ابھرتا ہوا نام جنہوں نے فلم انڈسٹری میں قدم رکھ کر اپنے فنی سفر کا آغاز کر دیا

پاکپتن (نامہ نگار) پاکستان ڈرامہ انڈسٹری میں نئی نسل تیزی سے اپنی جگہ بنا رہی ہے اور اپنی فنی صلاحیتوں کو منوا رہی ہے، مہک سیال شوبز میں ایک ابھرتا ہوا نام جنہوں نے فلم انڈسٹری میں قدم رکھ کر اپنے فنی سفر کا آغاز کر دیا ہے، مہک سیال نہایت ٹیلنٹڈ اور ایک تعلیم یافتہ اداکارہ ہیں، مہک سیال چیلنجنگ کردار کرنے میں نہایت پُرجوش ہیں اور ایک شاندار آرٹسٹ کی خاصیت سے مالامال ہیں، ہماری فلم انڈسٹری میں اس چمکتے ستارے کا اضافہ بہت خوش آئند بات ہے، اُمید ہے کہ فلم ڈرامہ انڈسٹری میں اپنے نام پیدا کریں گی اور ایک چمکتا ستارہ بن کر روشن ہونگی، اور اپنے کیریئر میں اداکاری کا لوہا منوائیں گے، اُن کی براہ راست پرفارمنس دیکھ کر یوں لگا کہ مہک سیال اپنی کام کو لیکر بہت مخلص اور پر جوش ہیں۔ مہک سیال فنی سفر کے لیے دلی دعائیں، آپ بہت عمدہ پرفارم کریں اور انڈسٹری میں عروج سے ہمکنار ہوں جائے کبھی زوال نہ ہو۔

دیپالپور میں پلاٹ پر مبینہ قبضے کی کوشش، دیوار توڑ کر زبردستی داخل ہونے کا الزام

دیپالپور (تحصیل رپورٹر) دیپالپور میں مبینہ قبضہ مافیا کی سرگرمیوں کے حوالے سے ایک اہم معاملہ سامنے آیا ہے، جہاں محلہ اسلام پورہ کے رہائشی ریاض حسین پنوار نے تھانہ سٹی دیپالپور میں دی گئی درخواست میں الزام عائد کیا ہے کہ راؤ ذیشان ولد نامعلوم، ساکن پٹرول پمپ جلال کوٹ، اپنے پانچ نامعلوم ساتھیوں کے ہمراہ انجنٹ سٹی دیپالپور میں واقع اس کے ملکیتی پلاٹ پر مبینہ قبضہ کرنے کی نیت سے داخل ہوا اور پلاٹ کی شمالی دیوار توڑ کر اندر داخل ہونے کے بعد کمرہ تعمیر کرنے کی کوشش کی۔ مذکورہ افراد مبینہ طور پر پلاٹ پر پہنچے اور تعمیراتی سرگرمی شروع کر دی۔ ریاض حسین پنوار کا کہنا ہے کہ جب اس نے انہیں روکا اور پلاٹ میں داخل ہونے سے منع کیا تو مبینہ طور پر ملزمان نے اس کے ساتھ ہاتھاپائی کی کوشش کی، گالم گلوچ کی اور جان سے مارنے کی دھمکیاں دیں۔ عینی شاہدین کی موجودگی کا دعویٰ، پولیس 15 پر فوری اطلاع شور شرابے پر میاں محمد جاوید ولد نور سمند وٹو، شعیب ریاض ولد ریاض حسین سمیت دیگر افراد موقع پر پہنچے، جنہوں نے مبینہ طور پر وقوعہ اپنی آنکھوں سے دیکھا۔ اسی دوران پولیس ہیلپ لائن 15 پر اطلاع دی گئی۔ (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 52)

ڈیرہ اسماعیل خان کے علاقے درازندہ میں امن میلہ چیک پوسٹ پر خودکش حملہ انتہائی افسوسناک اور قابل مذمت ہے، میاں محمد اشرف بھدرو

پاکپتن (نامہ نگار) معروف کاروباری شخصیت انجمن آڑھتیاں (رجسٹرڈ) غلہ منڈی پاکپتن کے صدر میاں محمد اشرف بھدرو نے کہا ہے کہ ڈیرہ اسماعیل خان کے علاقے درازندہ میں امن میلہ چیک پوسٹ پر خودکش حملہ انتہائی افسوسناک اور قابل مذمت ہے، جس میں 14 افراد شہید جبکہ متعدد زخمی ہوئے، انہوں نے کہا کہ دہشتگرد معصوم شہریوں، سکیورٹی اہلکاروں اور امدادی کارکنوں کو نشانہ بنا کر قوم کے حوصلے پست نہیں کر سکتے، پوری قوم دہشتگردی کے خلاف متحد ہے اور ملک میں امن و امان کے قیام کے لیے جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے شہداء کی قربانیاں ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی، ان خیالات کا اظہار انہوں نے ڈیرہ اسماعیل خان میں چیک پوسٹ پر ہونے والے خودکش حملے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کیا، انہوں نے کہا ہے کہ دہشتگردی کی ایسی بزدلانہ کارروائیاں ملک کے امن کو سبوتاژ کرنے کی سازش ہیں، حملے میں شہید ہونے والے افراد کے اہلخانہ سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتے ہیں، انہوں نے شہداء کے درجات کی بلندی، لواحقین کیلئے صبر جمیل اور زخمیوں کی جلد صحت یابی کے لیے دعا کرتے ہوئے حکومت اور متعلقہ اداروں (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر53)

پہلے ہی ٹیکسز، بجلی وگیس کے بھاری بلوں اور مہنگائی کے بوجھ تلے دبے کاروباری طبقے پر مزید مالی بوجھ ڈالنے پر تاجروں اور دکانداروں میں شدید تشویش

وزیرآباد (ڈسٹرکٹ رپورٹر مہر عبدالصمد) پہلے ہی ٹیکسز، بجلی وگیس کے بھاری بلوں اور مہنگائی کے بوجھ تلے دبے کاروباری طبقے پر مزید مالی بوجھ ڈالنے پر تاجروں اور دکانداروں میں شدید تشویش پائی جانے لگی۔ گکھڑ میونسپل کمیٹی کے افسران واہلکاران کی جانب سے مین بازار وزیرآباد میں دکانداروں کو مبینہ طور پر ہزاروں روپے کے جرمانے عائد کیے جانے پر کاروباری حلقوں نے تحفظات کا اظہار کیا ہے۔ دکانداروں کا کہنا ہے کہ کاروباری طبقہ پہلے ہی مہنگائی، بھاری بجلی وگیس کے بلوں، ٹیکسز اور دیگر اخراجات کے باعث شدید مالی دباؤ کا شکار ہے۔ دن رات محنت کر کے اپنے بچوں کا پیٹ پالنے والے چھوٹے تاجروں پر مبینہ طور پر بغیر واضح خلاف ورزی کے ہزاروں روپے کے جرمانے عائد کرنا ان کے لیے مزید مشکلات پیدا کرنے کے مترادف ہے۔ تاجروں نے کہا کہ اگر کسی دکاندار سے قانون کی خلاف ورزی ہوئی ہے تو اسے واضح کیا جائے اور قانون کے مطابق کارروائی کی جائے، تاہم بلاجواز یا غیر واضح جرمانوں کا سلسلہ روکا جائے۔ کاروباری طبقے کے مطابق بڑھتے ہوئے اخراجات کے باعث چھوٹے تاجروں کے لیے کاروبار جاری رکھنا پہلے ہی مشکل ہو چکا ہے، ایسے میں مزید جرمانے ان کے معاشی مسائل میں اضافہ کر رہے ہیں۔ تاجروں اور دکانداروں نے اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ معاملے کا نوٹس لیتے ہوئے جرمانوں کی کارروائی (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 41)



رسید وصولیابی جرمانہ
نمبر ۵۹ فوجداری (ز)
05
SPCM
09
05
20
طبع شدہ دو پرت ہائے
Special Price Control Magistrate
Chief Officer
Municipal Committee Ghakhar

تحصیلدار کی عدم موجودگی کے باعث وزیرآباد میں ریونیو سے متعلق معاملات سست روی کا شکار

وزیرآباد (ڈسٹرکٹ رپورٹر مہر عبدالصمد) تحصیلدار کی عدم موجودگی کے باعث وزیرآباد میں ریونیو سے متعلق معاملات سست روی کا شکار، شہریوں کو اپنے جائز کاموں کے لیے مشکلات اور غیر ضروری تاخیر کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ شہری وسماجی حلقوں نے اعلیٰ حکام سے فوری نوٹس لیتے ہوئے سابق تحصیلدار ندیم مسعود بھرتھ کو دوبارہ وزیرآباد میں تعینات کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ تحصیلدار ندیم مسعود بھرتھ کی سابقہ تعیناتی کے دوران ریونیو سے متعلق عوامی امور میں نمایاں تیزی رہی اور ہر خاص و عام شہری اپنے جائز مسئلے کے حل کے لیے باآسانی متعلقہ (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 40)

ڈپٹی کمشنر گوجرانوالا نوید احمد نے اچانک نوشہرہ ورکاں کا تفصیلی دورہ کیا

نوشہرہ ورکاں تحصیل رپورٹر/ چوہدری امین گورایہ نمبردار سے ڈپٹی کمشنر گوجرانوالا نوید احمد نے اچانک نوشہرہ ورکاں کا تفصیلی دورہ کیا اسسٹنٹ کمشنر نوشہرہ ورکاں احمد اقبال نے انہیں تحصیل میں جاری بیوٹیفکیشن منصوبوں۔ انفورسمنٹ اقدامات۔ گراں فروشی کی روک تھام۔ تجاوزات کے خاتمے چوکوں چوراہوں کی تزئین وآرائش اور صحت کی سہولیات کے متعلق تفصیلی بریفنگ دی ڈپٹی کمشنر نے وزیر اعلیٰ پنجاب کے ہیلتھ ریفارمز پروگرام کے تحت عوام کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات کا جائزہ لینے کے لیے تحصیل ہیڈکوارٹر اسپتال نوشہرہ ورکاں کا اچانک دورہ کیا۔ اسسٹنٹ کمشنر نوشہرہ ورکاں احمد اقبال ودیگران کے ہمراہ تھے۔ ڈپٹی کمشنر نے اسپتال کے ایمرجنسی، مختلف وارڈز، لیبارٹری اور فارمیسی کا معائنہ کیا اور فائر سیفٹی انتظامات کا بھی جائزہ لیا۔ انہوں نے زیر علاج مریضوں اوران کے لواحقین سے ملاقات کر کے انہیں فراہم کی جانے والی طبی سہولیات، ادویات اور علاج معالجے کے معیار کے بارے میں براہِ راست معلومات حاصل کیں۔ ڈپٹی کمشنر نے اسپتال میں ادویات کی دستیابی، صفائی ستھرائی اور عملے کی حاضری کا جائزہ لیتے ہوئے اسپتال انتظامیہ کو مریضوں کو معیاری طبی سہولیات کی فراہمی مزید بہتر بنانے کی ہدایت کی۔ انہوں نے کہا کہ تمام طبی و معاون عملے کی ڈیوٹی پر بروقت حاضری ہرصورت یقینی بنائی جائے اور مریضوں کو علاج معالجے کے دوران کسی قسم کی دشواری کا سامنا نہیں ہونا چاہیے۔ ڈپٹی کمشنر نوید احمد نے کہا کہ حکومت پنجاب عوام کو معیاری، بروقت اور جدید طبی سہولیات کی فراہمی کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے۔ اسپتالوں میں سروس ڈیلیوری، صفائی ستھرائی، ادویات کی دستیابی اور مریضوں کی دیکھ بھال میں کسی قسم کی غفلت یا کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔ بعد ازاں ڈپٹی کمشنر نوید احمد نے مختلف پٹرول پمپس کا اچانک دورہ کیا اور پٹرولیم مصنوعات کے پیمانوں۔ اوگرا کے مقرر نرخ نامے اور صارفین کو فراہم کی جانے والی سہولیات کا تفصیلی جائزہ لیا ڈپٹی کمشنر نے بدورتہ (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 51)

والدین کی خدمت وحسنِ سلوک اللہ تعالیٰ کی رضا کا ذریعہ ہے: علامہ محمد آصف شریف جلالی

علی پور چٹھہ (تحصیل رپورٹر) رانا محمد اقبال سکندر اور حاجی رانا محمد اکبر کی چچی جان، ڈاکٹر شمشاد احمد نعیم کی زوجہ محترمہ، گزشتہ دنوں قضائے الٰہی سے وفات پا گئی تھیں۔ مرحومہ کے ایصالِ ثواب کے لیے خصوصی محفلِ قرآن و دعا جامع مسجد غوثیہ، صدیق اکبر ٹاؤن المعروف پرانا تالاب، علی پور چٹھہ میں منعقد ہوئی، جس میں علماء ومشائخ، مذہبی شخصیات، معززین علاقہ اور سینکڑوں عاشقانِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے شر (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 50)

منور حسین کی زیارتِ حرمین شریفین اور عمرہ کی سعادت حاصل کرنے پر ان کے اعزاز میں معروف سماجی شخصیت ڈاکٹر کلیم اللہ کی جانب سے پرتکلف ناشتے کا خصوصی اہتمام

نوشہرہ ورکاں تحصیل رپورٹر/ چوہدری امین گورایہ نمبردار سے پریس ریلیز۔ معروف تعلیمی شخصیت سید مطلوب حسین شاہ اور ڈائریکٹر تعلقات عامہ گوجرانوالا ڈویژن منور حسین کی زیارتِ حرمین شریفین اور عمرہ کی سعادت حاصل کرنے پر ان کے اعزاز میں معروف سماجی شخصیت ڈاکٹر کلیم اللہ کی جانب سے پرتکلف ناشتے کا خصوصی اہتمام کیا گیا۔ اس موقع پر ایک خوبصورت اور محبت بھری محفل سجائی گئی جس میں عمران رفیق داروغہ، سید مقصود حسین شاہ، سفارشی علی باجوہ سمیت دیگر معزز دوست احباب نے شرکت کی۔ شرکاء نے سید مطلوب حسین شاہ اور منور حسین کو حرمین شریفین کی حاضری اور عمرہ کی سعادت پر دل کی گہرائیوں سے مبارکباد پیش کی اور ان کے لیے بارگاہِ الٰہی میں عمرہ کی قبولیت، صحت و سلامتی اور مزید دینی (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 43)

ڈسکہ وگردونواح میں تعلیمی بورڈز کی امتحانی فیسوں میں اضافے کیخلاف طلباء ووالدین سراپا احتجاج

ڈسکہ (نمائندہ خصوصی) ڈسکہ وگردونواح میں تعلیمی بورڈز کی امتحانی فیسوں میں اضافے کیخلاف طلباء و والدین سراپا احتجاج، حکومت طلبہ اور والدین کو ریلیف دینے کے بجائے ان پر بوجھ ڈالنے لگی، اعلی حکام سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ۔ پنجاب بھر میں تعلیمی بورڈز کی جانب سے مختلف امتحانی و انتظامی امور کی کیٹیگریز کی فیسوں میں اضافے پر تعلیمی حلقوں نے تشویش کا اظہار کرتے ہوئے حکومت پنجاب اور متعلقہ حکام سے فیسوں میں کمی اور نظر ثانی کا مطالبہ کیا ہے۔ ڈسکہ کی سیاسی، سماجی، مذہبی، کاروباری اور رفاعی تنظیموں کے عہدیداران نے کہا ہے کہ موجودہ معاشی حالات میں طلبہ اور والدین پر تعلیمی اخراجات کا مزید بوجھ ڈالنے کے بجائے انہیں ریلیف فراہم کرنے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ معیاری (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر47)

میاں منشاء بکیانہ کی ڈیرہ اسماعیل خان میں چیک پوسٹ پر ہونے والے خودکش حملے کی شدید مذمت

پاکپتن (نامہ نگار) معروف سیاسی سماجی شخصیت امیدوار برائے کونسلر یونین کونسل نمبر 11 میاں منشاء بکیانہ نے ڈیرہ اسماعیل خان میں چیک پوسٹ پر ہونے والے خودکش حملے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ دہشتگردی کی ایسی بزدلانہ کارروائیاں ملک کے امن کو سبوتاژ کرنے کی سازش ہیں، حملے میں شہید ہونے والے افراد کے اہلخانہ سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتے ہیں، ڈیرہ اسماعیل خان کے علاقے درازندہ میں امن میلہ چیک پوسٹ پر خودکش حملہ انتہائی افسوسناک اور قابل مذمت ہے، جس میں 14 افراد شہید جبکہ متعدد زخمی ہوئے، انہوں نے کہا کہ دہشتگرد معصوم شہریوں، سکیورٹی اہلکاروں اور امدادی کارکنوں کو نشانہ بنا کر قوم کے حوصلے پست نہیں کر سکتے، پوری قوم دہشتگردی کے خلاف (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 49)

اسسٹنٹ کمشنر ڈسکہ کا شہر میں جاری ترقیاتی کاموں کا دورہ، پراجیکٹس کو جلد مکمل کر کے ڈسکہ شہر کو خوبصورت بنانے کے احکامات جاری

ڈسکہ (نمائندہ خصوصی) اسسٹنٹ کمشنر ڈسکہ کا شہر میں جاری ترقیاتی کاموں کا دورہ، پراجیکٹس کو جلد مکمل کر کے ڈسکہ شہر کو خوبصورت بنانے کے احکامات جاری، گذشتہ روز اسسٹنٹ کمشنر ڈسکہ سعدیہ جعفر نے ڈسکہ شہر میں جاری ترقیاتی کاموں کا دورہ کیا انہوں نے کالج روڈ پر جاری ٹف ٹائل اور ترقیاتی کاموں کا جائزہ لیتے ہوئے جلد مکمل کرنے کی ہدایات کیں، اس موقع پر انہوں نے کہا کہ ترقیاتی کاموں کے دوران شہریوں کو درپیش مسائل کے حل کے لیے ضروری ہے کہ پراجیکٹس کو جلد مکمل کر کے ڈسکہ شہر کو خوبصورت بنایا جائے علاوہ ازیں انہوں نے ڈسکہ کے کاشتکاروں کے نام اپنے ایک پیغام میں کہا ہے (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 42)

اسسٹنٹ کمشنر چیچہ وطنی غضنفر نوید چوہدری نے کورٹ ڈے پر دفتر/عدالت میں ریونیو کیسز اور ریونیو سے متعلق مختلف درخواستوں کی سماعت کی

چیچہ وطنی (تحصیل رپورٹر، نامہ نگار) اسسٹنٹ کمشنر چیچہ وطنی غضنفر نوید چوہدری نے کورٹ ڈے پر دفتر/عدالت میں ریونیو کیسز اور ریونیو سے متعلق مختلف درخواستوں کی سماعت کی اور عوام کی جانب سے پیش کی گئی درخواستوں/ مسائل کا موقع پر ازالہ کیا، جبکہ بعض معاملات کو متعلقہ محکموں اور سیکشنز کو مارک کیے، انہوں نے اوپن ڈور پالیسی کے تحت عوام الناس سے اجتماعی و انفرادی ملاقاتیں کیں، جن میں مختلف مسائل زیر بحث لائے گئے اور ان کے جلد حل کی یقین دہانی کروائی گئی۔

(ن) لیگ محبّ وطن سیاسی جمہوری جماعت ہے جس کی قیادت نے عوام کے مفادات کو ہر دور اقتدار میں ہمیشہ اولین ترجیح دی، محمد آصف باجوہ ایڈووکیٹ

ڈسکہ (نمائندہ خصوصی) مسلم لیگ (ن) کے رہنما و سابق ایم پی اے محمد آصف باجوہ ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ (ن) لیگ محبّ وطن سیاسی جمہوری جماعت ہے جس کی قیادت نے عوام (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 44)

"عالمی گرین رینکنگ 2026 میں ویمن یونیورسٹی ملتان کی نمایاں کامیابی، پاکستان کی ویمن یونیورسٹیوں میں دوسری پوزیشن"

ملتان (سی ایم لنکس) ویمن یونیورسٹی ملتان نے عالمی گرین رینکنگ 2026 میں پاکستان کی ویمن یونیورسٹیوں میں دوسری پوزیشن حاصل کر لی، دنیا بھر کی 2ہزار16 یونیورسٹیوں میں 653ویں اور پاکستان کی شریک یونیورسٹیوں میں 28ویں نمبر پر ا? گئی یونیورسٹی نے پائیدار اور ماحول دوست اقدامات میں مجموعی طور پر 6ہزار5.597 پوائنٹس حاصل کیے ترجمان کا کہنا ہے کہ عالمی یونیورسٹیوں کی پائیداری اور ماحول دوست کارکردگی جانچنے والی ادارے کی جانب سے جاری کردہ 2026 کی عالمی رینکنگ میں ویمن یونیورسٹی ملتان نے پاکستان کی خواتین کی یونیورسٹیوں میں نمایاں مقام حاصل کیا ہے رینکنگ میں فاطمہ جناح ویمن یونیورسٹی 612ویں عالمی پوزیشن کے ساتھ پاکستان کی ویمن یونیورسٹیوں میں پہلے نمبر پر رہی، جبکہ ویمن یونیورسٹی ملتان 653ویں عالمی پوزیشن کے ساتھ دوسرے نمبر پر رہی۔ فیصل (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر46)

پاکستان سنی تحریک کے نائب سربراہ محمد شاہد غوری کی ڈیرہ اسماعیل خان میں ہونے والی دہشتگردی کی شدید الفاظ میں مذمت

علی پور چٹھہ (تحصیل رپورٹر) پاکستان سنی تحریک کے نائب سربراہ محمد شاہد غوری نے کہا ہے کہ ڈیرہ اسماعیل خان میں ہونے والی دہشتگردی کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہیں، دہشتگردی اور دہشگردوں کو انکے منطقی انجام تک پہنچانا ہوگا، غیر ملکی دشمنوں کو تلاش کر کے ختم کرنا ہوگا، خیبر پختون خوا میں سیاسی اختلافات ختم کر کے حکومت اور اپوزیشن کو دہشتگردی کے خلاف یکجا ہونا چاہیے، شاہد غوری نے کہا کہ تحفظ حرمین شریفین عالم اسلام کی اولین اور مشترکہ ذمہ داری ہے، غزہ، ایران سمیت کمزور اسلامی ریاستوں کا دفاعی سب پر لازم ہے، سیرتِ مصطفوی? کی روشنی میں نسلِ نو کو درپیش فکری، اخلاقی اور معاشرتی مسائل کا متوازن اور عملی حل پیش کرنا ہوگا، نوجوانوں کو فرقہ واریت، انتہا پسندی اور گمراہ کن نظریات سے محفوظ رکھنے کے لیے مؤثر اقدامات ناگزیر ہیں۔ دینی طبقات اتحاد، اخوت، امن اور رواداری کے (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 48)

پاکستان سنی تحریک کے نائب سربراہ شاہد غوری ڈیرہ اسماعیل خان میں ہونے والی دہشتگردی کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے

انتقامی سیاسی کارروائیوں کے ازالہ کی بجائے الٹا تحریک انصاف کی قیادت کو معافی مانگنے کا کہنا جا رہا ہے، چوہدری امان اللہ گھمان ایڈووکیٹ

ڈسکہ (نمائندہ خصوصی) پاکستان تحریک انصاف ڈسکہ کے نوجوان رہنما چوہدری امان اللہ گھمان ایڈووکیٹ، رانا سعد بابر ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ تحریک انصاف کی جمہوری جدوجہد کا راستہ روکنے کی خاطر جاری انتقامی سیاسی کارروائیوں کے ازالہ کی بجائے الٹا تحریک انصاف کی قیادت کو معافی مانگنے کا کہنا جا رہا ہے جونہایت غیر منطقی اور ناانصافی پر مبنی ہے پارٹی قیادت اور کارکنوں نے ایسا کوئی کام نہیں کیا جس کی قوم سے معافی مانگنی پڑے ہم آئین کی بالادستی اور قانون کی حکمرانی کے داعی ہیں اور اس کاز کی خاطر بھرپور جدوجہد کر رہے ہیں حکمران کشکول لیکر بھیک مانگ رہے ہیں قرضوں نے ملکی معیشت کو جکڑ رکھا ہے (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 45)

ڈسکہ: نیشنل پرائیویٹ سکولز ایسوسی ایشن کی تقریب سے مقررین خطاب کر رہے ہیں

مجھے ہے حکم اذاں لا الہ الا اللہ
Daily SEHAR
روزنامہ
سحر
لاہور
چیف ایڈیٹر
ملک یامین اعوان

سیکیورٹی فورسز کے کامیاب آپریشنز، 70 سے زائد دہشت گرد ہلاک

سیکیورٹی فورسز کے گزشتہ 96 گھنٹوں کے دوران کامیاب آپریشنز، 70 سے زائد دہشت گرد ہلاک کردیے۔ فورسز نے کوئٹہ شابان میں 'فتنہ الخوارج' 'فتنہ الہند' کے متعدد ٹھکانوں کی نشاندہی کی جو خطرہ بنے ہوئے تھے سیکیورٹی فورسز نے گزشتہ 96 گھنٹوں کے دوران مختلف علاقوں میں آپریشنز میں 71 سے زائد دہشت گرد ہلاک کردیے۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (ا?ئی ایس پی ا?ر) کی جانب سے جاری بیان کے مطابق پاکستان میں دہشت گرد سرگرمیوں میں افغان طالبان حکومت کا ملوث ہونا امن واستحکام کے لیے خطرے کا باعث بن رہا ہے، خفیہ اداروں نے کوئٹہ شابان میں 'فتنہ الخوارج' اور 'فتنہ الہند' کے متعدد ٹھکانوں کی نشاندہی کی جو مقامی آبادی کے لیے خطرہ بنے ہوئے تھے۔ ترجمان پاک فوج کے مطابق سیکیورٹی فورسز نے 21 ستمبر 2026 کو مصدقہ انٹیلی جنس معلومات پر زیارت اور گردونواح کے علاقوں میں دہشت گردوں کے خلاف آپریشن شروع کیا، آپریشن شابان کے دوران سیکیورٹی فورسز نے دہشت گردوں کے متعدد ٹھکانوں کو تباہ کیا، شدید فائرنگ کے تبادلے میں اب تک بھارت کے حمایت یافتہ 33 دہشت گرد ہلاک ہوچکے ہیں۔ بیان میں کہا گیا کہ آپریشن کے دوران اسلحہ، گولہ بارود اور دھماکہ خیز مواد بھی برآمد کیا گیا، گزشتہ 72 گھنٹوں کے دوران آپریشن تیز کرتے ہوئے مزید 23 دہشت گرد ہلاک کئے گئے، سیکیورٹی فورسز نے ایک وسیع علاقے کو کلیئر کرایا ہے۔ آئی ایس پی آر نے کہا کہ مقامی آبادی کو 'فتنہ الخوارج' اور 'فتنہ الہند' کے خطرے سے نجات دلائی گئی، یہ کلیئرنس آپریشن خطرے کے مکمل خاتمے تک جاری رہے گا، 25 ستمبر 2026 کو ضلع نوشکی میں انٹیلی جنس کی بنیاد پر الگ آپریشن کیا گیا، نوشکی میں آپریشن کے دوران بھارت کے حمایت یافتہ 11 دہشت گردوں کو ہلاک کیا گیا۔ بیان میں کہا گیا کہ مند' کے علاقے میں سیکیورٹی فورسز نے 'فتنہ الہند' کے 6 دہشت گردوں کو ہلاک اور اسلحہ وگولہ بارود برآمد کیا، گزشتہ 96 گھنٹوں کے دوران آپریشن شابان اور دیگر علاقوں میں 71 سے زائد دہشت گرد ہلاک ہوچکے ہیں، عزمِ استحکام ویژن کے تحت دہشت گردی کے خلاف مہم پورے عزم کے ساتھ جاری رہے گی۔ آئی ایس پی آر کے مطابق سیکیورٹی فورسز ملک سے غیر ملکی حمایت یافتہ دہشت گردی کے خاتمے کے لیے پرعزم ہے۔ جبکہ کوہاٹ میں پرانی پولیس لائنز پر خودکش حملے سے متعلق محکمہ انسداد دہشتگردی کی تفتیشی ٹیم کی رپورٹ میں دہشت گردوں کی جانب سے حملے سے قبل کئی بار ریکی اور سہولت کاروں کی مدد حاصل کرنے کے شواہد سامنے آئے ہیں۔ تفتیشی حکام کے مطابق دہشتگردوں نے پولیس لائنز تک پہنچنے کے لیے بارودی مواد سے بھری گاڑی کے علاوہ رکشہ اور موٹر سائیکل بھی استعمال کی، خودکش بمبار رکشے میں جبکہ 2 دہشتگرد موٹرسائیکل پر پولیس لائنز تک پہنچے۔ حکام کا کہنا ہے کہ ہلاک دہشتگرد پولیس لائنز حملے کے لیے آئی ای ڈیز، دستی بم اور بھاری اسلحہ ساتھ لائے تھے، جبکہ واردات سے قبل دہشتگردوں نے پولیس لائنز کی کئی بار ریکی بھی کی۔

حدیثِ مبارکہ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے روائیت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ مومن نہ تو طعنہ دینے والا ہوتا ہے 'نہ لعنت کرنے والا' نہ فحش گو اور نہ زبان دراز۔.........(جامع ترمذی)

پی ٹی آئی کی نئی چال اور حکومت کی بوکھلاہٹ



پروفیسر ڈاکٹر مزمل حسین

پاکستان کی سیاست میں عمران خان ایک ایسا نام بن چکے ہیں جسے محض ایک روایتی سیاست دان کے پیمانے سے سمجھنا آسان نہیں۔ میانوالی کے اس کھلاڑی نے کرکٹ کے میدان میں شہرت حاصل کی، پھر سماجی خدمت کے ذریعے ایک الگ شناخت بنائی اور بالآخر ملکی سیاست میں داخل ہوکر ایک ایسی سیاسی قوت تشکیل دی جس نے پاکستان کے روایتی سیاسی منظرنامے کو بدل کر رکھ دیا۔ آج وہ جیل میں ہیں، مگر ان کی سیاسی موجودگی جیل کی دیواروں سے باہر پہلے سے زیادہ محسوس ہوتی ہے۔

یہ پاکستانی سیاست کا ایک دلچسپ تضاد ہے کہ ایک طرف عمران خان اور پی ٹی آئی پر سیاسی، قانونی اور انتظامی دباؤ بڑھتا رہا، دوسری طرف ان کے حامیوں میں ان کی مقبولیت کا تصور بھی مضبوط ہوتا گیا۔ موجودہ بحران کو صرف عمران خان کی شخصیت یا حکومت کی مخالفت کے تناظر میں دیکھنا شاید کافی نہیں؛ اس کے پیچھے عوامی بے چینی، معاشی مشکلات، سیاسی عدم اعتماد اور ریاستی اداروں کے ساتھ مسلسل کشیدگی بھی موجود ہے۔

27 ستمبر کے اعلان کردہ احتجاج نے اس کشمکش کو ایک نئے مرحلے میں داخل کر دیا۔ حکومت نے اسلام آباد کے راستوں پر کنٹینرز لگائے، متعدد شاہراہوں اور داخلی راستوں کو بند کیا اور بڑی تعداد میں سیکیورٹی اہلکار تعینات کیے۔ رپورٹس کے مطابق صرف کنٹینرز، پولیس اور دیگر انتظامات پر خطیر رقم خرچ ہوئی، جبکہ راستوں کی بندش سے عام شہریوں، کاروبار اور نقل وحمل کو بھی مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔

یہاں اصل سوال یہ نہیں کہ پی ٹی آئی احتجاج کیوں کر رہی ہے؛ اس کا اعلان کردہ مرکزی مطالبہ عمران خان کی رہائی اور ان کے قانونی و انسانی حقوق سے متعلق امور ہیں۔ اصل سوال یہ ہے کہ ریاست اس سیاسی چیلنج کا جواب کس انداز میں دیتی ہے۔

اگر احتجاج کا جواب مکمل ناکہ بندی، راستوں کی بندش اور بڑے پیمانے پر گرفتاریوں کی صورت میں دیا جائے تو اس کا ایک غیر ارادی نتیجہ یہ بھی نکل سکتا ہے کہ حکومت مخالف سیاسی بیانیے کو مزید توانائی ملے۔ ایمنسٹی انٹرنیشنل نے بھی حالیہ دنوں میں پی ٹی آئی کارکنوں اور عمران خان کے خاندان کے افراد کی گرفتاریوں اور احتجاج سے قبل انتظامی اقدامات پر تحفظات کا اظہار کیا ہے۔

دوسری طرف حکومت کا مؤقف یہ ہے کہ اسلام آباد کو کسی سیاسی جماعت کے ذریعے یرغمال نہیں بنایا جاسکتا اور ریاست امن وامان برقرار رکھنے کی ذمہ دار ہے۔ حکومتی عہدیداروں نے احتجاج کے دوران میں ممکنہ تشدد اور بدامنی کے خدشات کا حوالہ دیا ہے۔

اس لیے مسئلے کا ایک پہلو یہ بھی ہے کہ احتجاج کا حق اور شہری زندگی کا معمول؛ دونوں کو بیک وقت کیسے محفوظ رکھا جائے۔

پی ٹی آئی کے لیے بھی یہ مرحلہ آسان نہیں۔ اگر اس کی سیاست صرف عمران خان کی رہائی کے مطالبے تک محدود رہتی ہے تو اسے مسلسل یہ سوال درپیش رہے گا کہ عمران خان کے بعد اس کا سیاسی، معاشی اور انتظامی پروگرام کیا ہے۔ ایک بڑی سیاسی جماعت کے لیے شخصیت کے ساتھ ساتھ ادارہ جاتی سوچ، پالیسی اور مستقبل کا واضح خاکہ بھی ضروری ہوتا ہے۔

اسی طرح مسلم لیگ ن اور موجودہ حکومت کے لیے بھی اصل امتحان مخالف جماعت کو دبانا نہیں بلکہ حکمرانی کی کارکردگی ہے۔ مہنگائی، روزگار، پنشن، سرکاری ملازمین، صوبائی انتظامیہ، صحت، تعلیم اور شہری سہولتیں وہ معاملات ہیں جن پر عوام روزانہ حکومت کو پرکھتے ہیں۔ سیاسی مخالف کو کمزور کرنے سے زیادہ اہم یہ ہے کہ حکومت اپنی کارکردگی کے ذریعے عوام کے سوالات کا جواب دے۔

اسلام آباد میں مسلسل رکاوٹیں کھڑی رہیں، شاہراہیں بند رہیں اور معمول کی شہری زندگی متاثر ہوتی رہی تو اس کا نقصان صرف احتجاج کرنے والی جماعت کو نہیں بلکہ پورے ملک کو ہوگا۔ حالیہ انتظامات کے نتیجے میں خوراک، ادویات اور مال بردار گاڑیوں کی نقل و حرکت بھی متاثر ہونے کی اطلاعات سامنے آئی ہیں۔

دلچسپ امر یہ بھی ہے کہ جس احتجاج کو 27 ستمبر کے لیے تیار کیا جارہا تھا، پی ٹی آئی نے 25 ستمبر کو اسے 4 اکتوبر تک مؤخر کرنے کا اعلان کر دیا۔ یوں حکومت کے بڑے پیمانے پر کیے گئے ابتدائی انتظامات ایک نئے سوال کے سامنے آ گئے ہیں: کیا ریاست کو سیاسی احتجاج کے لیے اتنے وسیع پیمانے پر وسائل اور شہری آزادیوں پر پابندیاں عائد کرنی چاہییں کہ احتجاج کی تاریخ بدل جانے کے باوجود ان انتظامات کا مالی اور سماجی بوجھ برقرار رہے؟

یہی وہ مقام ہے جہاں حکومت کو غصے کے بجائے سیاسی تدبر کی ضرورت ہے۔ سیاسی کشمکش میں ہر فریق اپنے مخالف کو کمزور سمجھنے کی کوشش کرتا ہے، مگر عوام ہمیشہ اس کشمکش کی قیمت ادا نہیں کر سکتے۔ حکومت اور حزبِ اختلاف کے درمیان اختلاف اگر پالیسی، نظریے اور عوامی مسائل پر ہو تو جمہوریت مضبوط ہوتی ہے؛ لیکن اگر مقابلہ محض شخصیات، انتقام، خوف اور باہمی نفرت کا بن جائے تو ریاستی ادارے، معیشت اور عام شہری سب متاثر ہوتے ہیں۔

عمران خان کے معاملے میں ایک بنیادی حقیقت کو نظرانداز نہیں کیا جا سکتا: جیل میں ہونے کے باوجود وہ پاکستان کی سیاست کے مرکزی کردار ہیں۔ ان کے حامی انھیں ایک سیاسی علامت کے طور پر دیکھتے ہیں، جبکہ ان کے مخالفین ان کی سیاست اور ماضی کے فیصلوں پر شدید اعتراضات رکھتے ہیں۔ دونوں حقیقتیں بیک وقت موجود ہوسکتی ہیں۔

اسی لیے موجودہ بحران کا حل مزید محاذ آرائی میں نہیں بلکہ سیاسی اور قانونی راستے تلاش کرنے میں ہے۔ حکومت اگر قانون کے دائرے میں رہتے ہوئے سیاسی سرگرمیوں کی گنجائش پیدا کرے اور پی ٹی آئی اگر احتجاج کو پرامن، منظم اور شہری زندگی کو کم سے کم متاثر کرنے تک محدود رکھے تو کشیدگی کم ہوسکتی ہے۔

لیڈر صرف احتجاج سے نہیں بنتے اور حکومت صرف طاقت سے نہیں چلتی۔ سیاسی قیادت کی اصل آزمائش یہ ہوتی ہے کہ وہ اپنے کارکنوں کے جذبات کو قومی مفاد کے ساتھ کیسے ہم آہنگ کرتی ہے، اور حکومت کی اصل آزمائش یہ ہوتی ہے کہ وہ اختلاف کو خطرہ سمجھنے کے بجائے اسے جمہوری نظام کا حصہ کیسے بناتی ہے۔

آج پاکستان کو ایک دوسرے کو شکست دینے سے زیادہ سیاسی درجہ حرارت کم کرنے کی ضرورت ہے۔ پی ٹی آئی کی نئی چال اگر احتجاجی دباؤ بڑھانے کی حکمت عملی ہے تو حکومت کی کامیابی اس میں نہیں کہ وہ کتنے کنٹینرز لگا سکتی ہے؛ کامیابی اس میں ہوگی کہ وہ کتنی جلدی شہری زندگی معمول پر لاتی، عوامی مسائل پر توجہ دیتی اور سیاسی اختلاف کو تصادم کے بجائے مکالمے میں تبدیل کرتی ہے۔

کیونکہ آخرکار شطرنج کی بساط پر چالیں سیاسی جماعتیں چلتی ہیں، مگر قیمت اکثر عوام ادا کرتے ہیں۔

اور یہی وہ حقیقت ہے جسے پاکستان کی سیاست میں کسی بھی فریق کو نظرانداز نہیں کرنا چاہیے۔

بابائے جمہوریت نوابزادہ نصراللہ خان



پانچواں درویش
ڈاکٹر اے آر بابر
dr.arbabar@gmail.com
+92-3014872368

میں سوچ رہا ہوں کہ میری زندگی میں یہ دن بھی آئیں گے کہ ان کے بارے لکھنا پڑے گا جن کو قریب سے دیکھنے سننے اور سیکھنے کا موقع ملا زمانہ طالبعلمی ہی بتوسط صحافتی مرشد۔ جناب حمید قریشی علیہ رحم؟ متعدد بار ملنے اور ہارون آباد آمد پر خدمت کا موقع ملا

نوابزادہ نصراللہ خان پاکستان کی سیاسی تاریخ کی وہ یکتا اور بے مثال شخصیت ہیں جنہیں بجا طور پر "بابائے جمہوریت" کہا جاتا ہے۔ 13 نومبر 1916 کو ضلع مظفر گڑھ کے قصبے خان گڑھ میں ملتانی پٹھانوں کے ایک نواب خاندان میں آنکھ کھولنے والے نصراللہ خان کے آبا واجدا اٹھارویں صدی میں اس خطے میں آباد ہوئے تھے۔ ان کے والد سیف اللہ خان کو 1910ء میں انگریز حکومت نے نواب کے خطاب اور گیارہ دیہات کی جاگیر سے نوازا، اور نوابزادہ کی تعلیم و تربیت لاہور کے ممتاز ترین ادارے ایچی سن کالج (چیفس کالج) میں ہوئی۔ تاہم، جاگیردارانہ پس منظر اور انگریزوں کی نوازشات کے باوجود نوابزادہ نے خاندانی روایت سے انحراف کرتے ہوئے جوانی کی دہلیز پر قدم رکھتے ہی 1933ء میں ایک طالب علم کی حیثیت سے استعمار مخالف سیاست کا انتخاب کیا۔ اپنے خاندان کی پسندیدہ یونینسٹ پارٹی کے برعکس انہوں نے انگریزوں کے برصغیر سے انخلاء کا علم اٹھانے والی تنظیم "مجلس احرار" میں شمولیت اختیار کی اور اس کے سیکرٹری جنرل کے طور پر تحریکِ آزادی میں فعال کردار ادا کیا۔

قیامِ پاکستان کے بعد نوابزادہ نے مسلم لیگ کے پلیٹ فارم سے عملی سیاست کا آغاز کیا اور 1951ء کے صوبائی انتخابات میں خان گڑھ کے دو حلقوں سے کامیابی حاصل کرکے پنجاب اسمبلی کے رکن بنے، لیکن جب مسلم لیگ کی حکومت نے شہری آزادیوں پر قدغنیں لگانا شروع کیں تو وہ اصولوں کی خاطر پارٹی سے مستعفی ہو گئے۔ ان کی سیاست کے دو بنیادی ستون جمہوریت اور اسلام رہے؛ چنانچہ انہوں نے زرعی اصلاحات کے خلاف شریعت کے تحفظ کی بات کی اور 1953ء کی تحریکِ ختمِ نبوت میں بھی پیش پیش رہے جس کو دبانے کے لیے ملک میں پہلی بار فوج کا استعمال کیا گیا 1956ء کا آئین ان کی جمہوری فکر کا محور بنا اور 1958ء میں جب جنرل ایوب خان نے ملک میں پہلا مارشل لا نافذ کیا تو نوابزادہ کی سیاسی زندگی کا سب سے تحرک آمیز دور شروع ہوا۔ حسین شہید سہروردی کی عوامی لیگ سے وابستہ ہوکر انہوں نے 1962ء میں بالواسطہ انتخابات کے ذریعے قومی اسمبلی کی رکنیت حاصل کی اور ایوب خان کے عامرانہ نظام کے خلاف اپوزیشن کی تمام جماعتوں کو "نیشنل ڈیموکریٹک فرنٹ" (NDF) کے پرچم تلے متحد کرکے اتحاد ساز سیاست کی بنیاد رکھی۔

1965ء کے صدارتی انتخابات میں محترمہ فاطمہ جناح کی حمایت میں پوری اپوزیشن کو ایک پلیٹ فارم پر اکٹھا کرنا ہو یا شیخ مجیب الرحمٰن کے چھ نکات کے بعد عوامی لیگ سے الگ ہوکر ایوب خان کی آمریت کے خاتمے کے لیے "ڈیموکریٹک ایکشن کمیٹی" (DAC) تشکیل دے کر گول میز کانفرنس کی راہ ہموار کرنا، نوابزادہ نصراللہ خان ہر جمہوری جدوجہد کے ہراول دستے میں نظر آئے۔ 1970ء کے انتخابات میں غلام مصطفےٰ کھر کے ہاتھوں شکست کے باوجود انہوں نے ذوالفقار علی بھٹو کے اقتدار کے دوران پیر پگاڑا کی سربراہی میں اپوزیشن کو منظم کیا اور 1977 میں نو سیاسی جماعتوں پر مشتمل "پاکستان قومی اتحاد" کی تشکیل میں مرکزی کردار ادا کیا۔ ضیاء الحق کے مارشل لا کے دور میں انہوں نے سخت ترین سیاسی حریفوں بشمول پیپلز پارٹی کو ایک میز پر بٹھا کر "تحریکِ بحالیِ جمہوریت" (MRD) کی بنیاد رکھی، جس کی مسلسل جدوجہد نے فوجی حکمران کو ریفرنڈم اور 1985ء کے انتخابات کرانے پر مجبور کردیا۔

نوابزادہ کا یہ اتحاد ساز جادو جمہوری ادوار میں بھی برقرار رہا؛ انہوں نے 1988ء میں بے نظیر بھٹو کی حکومت کے خلاف "کمبائنڈ اپوزیشن پارٹیز" (COP) بنائی اور 1990ء میں نواز شریف حکومت کے خلاف "آل پارٹیز کانفرنس" کی قیادت کی۔ ان کے طویل سیاسی کیریئر میں واحد موقع جب وہ اپوزیشن کے بنچوں سے ہٹ کر حکومت کا حصہ بنے، بے نظیر بھٹو کا دوسرا دورِ حکومت تھا جس میں وہ قومی کشمیر کمیٹی کے چیئرمین مقرر ہوئے اور دنیا بھر میں مقدمہ؟ کشمیر کو نہایت دلائل اور شاندار انداز کے ساتھ پیش کیا۔ بعدازاں جنرل پرویز مشرف کے 1999ء کے مارشل لا کے بعد انہوں نے تاریخ کا سب سے بڑا سیاسی معجزہ دکھاتے ہوئے دو روایتی اور شدید حریفوں—بے نظیر بھٹو اور نواز شریف— کو "الائنس فار دی ریسٹوریشن آف ڈیموکریسی" (ARD) کے پلیٹ فارم پر ایک ساتھ بٹھا دیا۔

شخصیات کے ٹکراؤ اور نظریاتی اختلافات سے بھرپور پاکستانی سیاست میں نوابزادہ نصراللہ خان ایک ایسے رہنما تھے جنہوں نے 55 سال سے زائد عرصے تک اصولی سیاست کی پاسداری کی۔ وہ شلوار قمیض، شیروانی اور مخصوص ٹوپی میں ملبوس ایک نفیس، خوش گفتار اور دلآویز شخصیت کے مالک تھے جن کی بھاری آواز، فصیح گفتگو اور برجستہ شعر و شاعری اپوزیشن کے اجلاسوں میں روانی بھر دیتی تھی۔ لاہور میں ریلوے اسٹیشن کے قریب نکلسن روڈ کے ایک سادہ سے کرائے کے مکان میں قائم ان کا دفتر اور ان کا وسیع دسترخوان تمام سیاسی دھاروں کے لیے بلا تفریق کھلا رہتا تھا، جہاں ملک کے بڑے بڑے سیاسی رہنما ان سے رہنمائی لینے آتے تھے۔ اگرچہ وہ روایتی معنوں میں عوام کے ووٹ حاصل کرنے والے مقبول رہنما ثابت نہ ہو سکے، لیکن وہ بلاشبہ "رہنماؤں کے رہنما" اور پاکستان کی جمہوری تاریخ کی ایک عہد ساز شخصیت تھے۔ 27 ستمبر 2003ء کو 87 برس کی عمر میں اسلام آباد میں حرکتِ قلب بند ہونے سے انتقال کر جانے والے نوابزادہ نصر اللہ خان کا نام پاکستان میں آئین، قانون اور جمہوریت کی بحالی کی تاریخ میں ہمیشہ سنہرے حروف سے لکھا جائے گا۔

---

www.sehar.pk dailysehar1@gmail.com
MEMBER APNS
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
ABC CERTIFIED
مجھے ہے حکم اذاں لا الہ الا اللہ
Daily SEHAR
روزنامہ
سحر
لاہور
چیف ایڈیٹر
ملک یامین اعوان

تمام علاقوں میں صفائی آپریشنز کو مزید موثر بنایا جائے، ایم ڈی ستھرا پنجاب ایجنسی

شہریوں کو صاف اور صحت بخش ماحول فراہم کرنے کیلئے سروس ڈیلیوری میں غفلت برداشت نہیں کی جائیگی

گوجرانوالہ (بیورو رپورٹ) سی ای او جی ڈبلیو ایم سی/ایم ڈی ستھرا پنجاب ایجنسی عبدالرزاق ڈوگر نے یوسی 9، 10، 11 اور 69 کے مختلف علاقوں کا دورہ کیا اور ستھرا پنجاب پروگرام کیتحت جاری صفائی آپریشنز، سالڈ ویسٹ مینجمنٹ سروسز اور صفائی کے مجموعی انتظامات کا جائزہ لیا۔ انہوں نے گلیوں، بازاروں اور خالی پلاٹوں کی صفائی، گھروں سے کوڑا کرکٹ کی بروقت کلیکشن، نئے کوڑا دانوں کی تنصیب اور ویسٹ مینجمنٹ سروسز کی فراہمی کا معائنہ کیا۔ انہوں نیفیلڈ ٹیموں کی کارکردگی اور مختلف علاقوں میں صفائی کیمعیار کا بھی جائزہ لیا۔ سی ای او جی ڈبلیو ایم سی عبدالرزاق ڈوگر نے فیلڈ افسران اور عملہ کو ہدایت کی کہ صفائی آپریشنز کو مزید مؤثر بنایا جائے، تمام علاقوں میں صفائی کیمعیار کو برقرار اور گھروں سے کوڑا کرکٹ کی بروقت کلیکشن یقینی بنائی جائے۔ انہوں نیکہا کہ شہریوں کو صاف اور صحت بخش ماحول فراہم کرنے کیلئیسروس ڈیلیوری میں کسی قسم کی غفلت یا کوتاہی برداشت نہیں کی جائیگی۔

☆☆☆☆

افتخار احمد چوہان

پہلوانوں کے شہر سے

I♥GUJRANWALA

عوام کو معیاری، بروقت اور باوقار طبی سہولیات کی فراہمی ہر صورت یقینی بنائی جائے

ڈپٹی کمشنر

ڈپٹی کمشنر نوید احمد نے ایم پی اے محمد نواز چوہان کے ہمراہ گوجرانوالہ ٹیچنگ ہسپتال کا دورہ کیا اور ہسپتال کے مختلف شعبہ جات میں طبی سہولیات اور انتظامی امور کا جائزہ لیا، ڈپٹی کمشنر نے ٹراما سنٹر، ایمرجنسی، فارمیسی، آپریشن تھیٹر، مختلف وارڈز اور ای این ٹی او پی ڈی کا معائنہ کیا

اسسٹنٹ کمشنر نوشہرہ ورکاں احمد اقبال ودیگر ان کے ہمراہ تھے، ڈپٹی کمشنر نے ہسپتال کے ایمرجنسی، مختلف وارڈز، لیبارٹری اور فارمیسی کا معائنہ کیا اور فائر سیفٹی انتظامات کا بھی جائزہ لیا

گوجرانوالہ (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر نوید احمد نیایم پی اے محمد نواز چوہان کیہمراہ گوجرانوالہ ٹیچنگ ہسپتال کا دورہ کیا اور ہسپتال کے مختلف شعبہ جات میں طبی سہولیات اور انتظامی امور کا جائزہ لیا۔ ڈپٹی کمشنر نے ٹراما سنٹر، ایمرجنسی، فارمیسی، آپریشن تھیٹر، مختلف وارڈز اور ای این ٹی او پی ڈی کا معائنہ کیا۔ انہوں نے مریضوں کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات، ادویات کی دستیابی، ضروری طبی آلات کی موجودگی و فعال حالت، فائر سیفٹی اور ہنگامی انخلا کے انتظامات سمیت سکیورٹی اور نگرانی کے نظام کا بھی جائزہ لیا۔ ڈپٹی کمشنر نوید احمد نے ہسپتال انتظامیہ کو ہدایت کی کہ مریضوں اور ان کیلواحقین کو معیاری، بروقت اور باوقار طبی سہولیات کی فراہمی ہرصورت یقینی بنائی جائے۔ انہوں نے طبی آلات کو فعال، ضروری ادویات کی دستیابی برقرار رکھنے اور ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کیلئے تمام انتظامات کو موثر بنانے پر زور دیا۔ انہوں نیوزیراعلیٰ پنجاب کیہیلتھ ریفارمز پروگرام کے تحت تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال نوشہرہ ورکاں کا دورہ بھی کیا۔ اسسٹنٹ کمشنر نوشہرہ ورکاں احمد اقبال ودیگران کے ہمراہ تھے۔ ڈپٹی کمشنر نے ہسپتال کے ایمرجنسی، مختلف وارڈز، لیبارٹری اور فارمیسی کا معائنہ کیا اور فائر سیفٹی انتظامات کا بھی جائزہ لیا۔ انہوں نیز یرعلاج مریضوں اور ان کے لواحقین سے ملاقات کر کیانہیں فراہم کی جانیوالی طبی سہولیات، ادویات اور علاج معالجے کیمعیار کے بارے میں براہِ راست معلومات حاصل کیں۔ ڈپٹی کمشنر نے ہسپتال میں ادویات کی دستیابی، صفائی اور عملہ کی حاضری کا جائزہ لیتے ہوئیہسپتال انتظامیہ کو مریضوں کو معیاری طبی سہولیات کی فراہمی مزید بہتر بنانے کی ہدایت کی۔ انہوں نیکہا کہ تمام طبی و معاون عملے کی ڈیوٹی پر بروقت حاضری ہر صورت یقینی بنائی جائے تاکہ مریضوں کو علاج معالجہ کے دوران کسی قسم کی دشواری کا سامنا نہ کرنا پڑے۔

THE GIFT COLLEGE
THE GIFT COLLEGE
TGCIT 2026
50,0000

گوجرانوالہ۔ آسیہ صادق کو دی گفٹ کالج کھیالی کی طرف سے بورڈ میں فرسٹ پوزیشن حاصل کرنے پر ثاقب عدیل مہر اور پرنسپل شازیہ شاہد پانچ لاکھ روپے کا چیک پیش کر رہے ہیں

عوامی مسائل کے حل میں غیر ضروری تاخیر سے گریز کیا جائے: کمشنر

آسان رسائی، فوری شنوائی اور بروقت ریلیف کے اصول کو عملی جامہ پہناتے ہوئے وزیراعلیٰ پنجاب کے عوام دوست وژن کے تحت کمشنر گوجرانوالہ و گجرات ڈویژن محمد علی نے شہریوں سے ملاقات کی، ان کے مسائل اور شکایات تفصیل سے سنیں

عوامی خدمت حکومت کی اولین ترجیح ہے، شہریوں کی شکایات کے ازالے کیلئے افسران کو فیلڈ میں بھی متحرک رہنا ہوگا، انتظامیہ کا بنیادی مقصد عوام کو ریلیف فراہم کرنا اور ان کے مسائل کا قانون و میرٹ کے مطابق حل یقینی بنانا ہے

گوجرانوالہ (بیورو رپورٹ) آسان رسائی، فوری شنوائی اور بروقت ریلیف کے اصول کو عملی جامہ پہناتے ہوئے وزیراعلیٰ پنجاب کے عوام دوست وژن کے تحت کمشنر گوجرانوالہ و گجرات ڈویژن محمد علی نے شہریوں سے ملاقات کی، ان کے مسائل اور شکایات تفصیل سے سنیں اور موصول ہونے والی درخواستوں کا موقع پر ہی جائزہ لیا۔ کمشنر محمد علی نے شہریوں کی جانب سے پیش کی جانے والی درخواستوں پر متعلقہ افسران سے تفصیلات طلب کرتے ہوئے ہدایت کی کہ عوامی مسائل کے حل میں غیر ضروری تاخیر سے گریز کیا جائے اور ہر درخواست پر میرٹ، شفافیت اور قانون کیمطابق فوری کارروائی عمل میں لائی جائے۔ انہوں نے واضح کیا کہ شہریوں کو سرکاری دفاتر میں اپنے جائز مسائل کے حل کے لیے بار بار چکر نہ لگانا پڑیں بلکہ ان کی شکایات کو ترجیحی بنیادوں پر نمٹایا جائے۔ انہوں نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ شہریوں کی شکایات پر فوری کارروائی، مؤثر فالو اپ اور بروقت عملدرآمد یقینی بنایا جائے جبکہ درخواست گزاروں کو ان کی درخواستوں پر ہونے والی پیش رفت سے بھی آگاہ رکھا جائے۔ کمشنر نے کہا کہ انتظامیہ کا بنیادی مقصد عوام کو ریلیف فراہم کرنا اور ان کے مسائل کا قانون و میرٹ کے مطابق حل یقینی بنانا ہے۔ کمشنر محمد علی نے کہا کہ عوامی خدمت حکومت کی اولین ترجیح ہے، شہریوں کی شکایات کے ازالے کیلئے افسران کو فیلڈ میں بھی متحرک رہنا ہوگا۔ انہوں نیاس عزم کا اظہار کیا کہ انتظامیہ عوام کیلئے آسان رسائی، فوری شنوائی اور بروقت ریلیف کیاصول پر مؤثر انداز میں عملدرآمد جاری رکھے گی۔

گوجرانوالہ: ضلعی صدر پاکستان سنی تحریک محمد جاوید اقبال قادری اور سٹی صدر محمد آصف مغل کیلانی نو منتخب ایگزیکٹو ممبران چیمبر آف کامرس رانا محمد فرحان اصغر اور نیئر جمیل بھٹی کو پھولوں کا گلدستہ پیش کرتے ہوئے مبارکباد دے رہے ہیں

ڈپلومہ سپیشل ایجوکیشن کیامتحان میں سننے بولنے سے محروم طالبات کی پنجاب بھر میں پہلی اور تیسری پوزیشن

تاریخی کامیابی ڈائریکٹر نیشنل انسٹیٹیوٹ فار ڈیف محمد نعمان ریاض، پرنسپل جویریہ نعمان اور اساتذہ کی انتھک محنت، بہترین تعلیمی رہنمائی کا نتیجہ قرار

گوجرانوالہ (بیورو رپورٹ) گورنمنٹ پنجاب بورڈ آف ٹیکنیکل ایجوکیشن کے زیراہتمام ڈپلومہ ان اسپیشل ایجوکیشن کے امتحانات میں نیشنل انسٹیٹیوٹ فار ڈیف سیٹلائٹ ٹاؤن گوجرانوالہ کی سننے اور بولنے سے محروم طالبات نے پنجاب بھر میں شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے پہلی اور تیسری پوزیشن حاصل کرلی ادارے کی ہونہار طالبہ مروہ مشتاق نے پنجاب بھر میں پہلی پوزیشن جبکہ مومنہ کلیم نیتیسری پوزیشن حاصل کرکے اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوایا۔ دونوں طالبات کی شاندار کامیابی پر ادارے میں خوشی کی لہر دوڑ گئی، پوزیشن ہولڈر طالبات اوران کے والدین نے اس تاریخی کامیابی کا سہرا ڈائریکٹر نیشنل انسٹیٹیوٹ فار ڈیف محمد نعمان ریاض، پرنسپل جویریہ نعمان اور اساتذہ کی انتھک محنت، بہترین تعلیمی رہنمائی کو قرار دیا ہے۔

پی ایف اے ٹیموں کی کارروائیاں، خلاف ورزیوں پر لاکھوں کے جرمانے

2 فوڈ مراکز کیخلاف ایمرجنسی پروہیبیشن آرڈر جاری، ہزاروں لیٹر دودھ کو چیک کیا گیا

گوجرانوالہ (بیورو رپورٹ) پنجاب فوڈ اتھارٹی کی جانب سے ملاوٹ، غیر معیاری اور مضر صحت اشیائے خورونوش کیخلاف کارروائیاں جاری ہیں پنجاب فوڈ اتھارٹی کی ٹیموں نے ضلع بھر میں 153 فوڈ پوائنٹس کا معائنہ کیا، خلاف ورزیوں پر 12 فوڈ آٹ لیٹس کو مجموعی طور پر 2 لاکھ 40 ہزار روپے جرمانے عائد کیے جبکہ 2 فوڈ مراکز کے خلاف ایمرجنسی پروہیبیشن آرڈر جاری کیے گئے۔ کارروائیوں کے دوران 2 اشیائے خورونوش کے نمونے حاصل کیے گئے جبکہ 2.5 کلوگرام ممنوعہ و زائد المیعاد اشیائے خورونوش تلف کر دی گئیں۔ علاوہ ازیں 48 دودھ بردار گاڑیوں کی چیکنگ کے دوران 6 ہزار 990 لیٹر دودھ کی جانچ کی گئی اور خلاف ورزی پر ایک گاڑی کو 2 ہزار روپے جرمانہ عائد کیا گیا۔

☆☆☆☆

معروف قانون دان شیخ یونس کی نومنتخب صدر چیمبر سے ملاقات، کامیابی پر مبارکباد پیش کی

گوجرانوالہ (بیورو رپورٹ) معروف قانون دان شیخ محمد یونس ایڈووکیٹ نے چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کینومنتخب صدر شیخ غلام حسین جج کیدفتر میں ان سے ملاقات کی اورانہیں کامیابی اور بلامقابلہ صدر منتخب ہونے پر دلی مبارکباد پیش کی۔ اس موقع پر جواد اشرف بٹ، شیخ عثمان مشتاق، شیخ زید یونس، عبید یونس، معیز یونس، شیخ اسد بلال، نعیم خلیل اور با اعجاز انور بھی موجود تھے، شیخ محمد یونس ایڈووکیٹ نیکہا کہ تاجروں کیحقوق کے تحفظ اور گوجرانوالہ کی صنعتی و تجارتی سرگرمیوں کیفروغ کے لیےنو منتخب قیادت کا کردار اہم ہوگا انہوں نے کہا کہ شیخ غلام حسین جج کی کامیابی صرف ایک فرد کی کامیابی نہیں بلکہ گوجرانوالہ کی کاروباری برادری کے اعتماد اور توقعات کی بھی عکاس ہے۔

☆☆☆☆

پی ڈی پی کے تحت واسا ترقیاتی سکیموں کا جائزہ لینے کیلئے اعلیٰ سطحی اجلاس

متعلقہ محکموں کے افسران کو باہمی رابطے کے ساتھ کام کرنے اور فیلڈ میں منصوبوں کی باقاعدگی سے نگرانی کرنے کی ہدایت

گوجرانوالہ (بیورو رپورٹ) کمشنر ڈویژن محمد علی کی زیر صدارت واسا، پنجاب ڈویلپمنٹ پروگرام کے تحت جاری مختلف ترقیاتی منصوبوں کی پیش رفت کا جائزہ لینے کیلیا اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں ڈپٹی کمشنر گوجرانوالہ نوید احمد بھی شریک تھے۔ اجلاس میں واسا کے تحت پنجاب ڈویلپمنٹ پروگرام کے مختلف منصوبوں پر جاری کام، تعمیراتی پیشرفت، معیار، رفتار کار اور مقررہ اہداف کا جائزہ لیا گیا۔ کمشنر محمد علی نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ ترقیاتی منصوبوں پر کام کی رفتار مزید تیز کیجائے اور تمام منصوبے مقررہ ٹائم لائن کے مطابق مکمل کیے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ شہریوں کو بہتر سیوریج، نکاسی آب اور دیگر بنیادی سہولیات کی فراہمی انتظامیہ کی اولین ترجیحات میں شامل ہے، اس لیے منصوبوں کی تکمیل میں کسی قسم کی غیر ضروری تاخیر برداشت نہیں کی جائے گی۔ کمشنر نیہدایت کی کہ جاری منصوبوں میں تعمیراتی معیار پر خصوصی توجہ دی جائے اور کام کے معیار کو یقینی بنانے کے لیے مؤثر مانیٹرنگ کا نظام برقرار رکھا جائے۔ انہوں نے متعلقہ محکموں کے افسران کو باہمی رابطے کے ساتھ کام کرنے اور فیلڈ میں منصوبوں کی باقاعدگی سے نگرانی کرنے کی بھی ہدایت کی۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر نوید احمد نے جاری ترقیاتی منصوبوں اور ان کی پیش رفت کے حوالے سے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ منصوبوں کی بروقت تکمیل اور شہریوں کو بہتر سہولیات کی فراہمی کے لیے تمام متعلقہ محکمے مربوط انداز میں اقدامات کر رہے ہیں۔ اجلاس میں ترقیاتی منصوبوں سے متعلق مختلف امور پر غور اور آئندہ کے لائحہ عمل کا بھی جائزہ لیا گیا۔

30 ستمبر سے قبل ٹیکس جمع کرانے کی مہم، ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن کا فلیگ مارچ

شہر بھر میں گاڑیوں، رکشوں اور اہم چوک چوراہوں میں آگاہی بینرز و سٹیکرز آویزاں

گوجرانوالہ (بیورو رپورٹ) محکمہ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن کی جانب سے شہریوں اور تاجر برادری کو بروقت ٹیکس ادائیگی کے حوالے سے آگاہی فراہم کرنے کیلئے شہر بھر میں خصوصی آگاہی مہم کے سلسلے میں فلیگ مارچ کیا گیا۔ جس کی قیادت ای ٹی او ایڈمن اسد محمود کسانہ نے کی نگرانی میں نکالا گیا، جس میں محکمہ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن کے تمام انسپکٹرز، ایکسائز انسپکٹرز اور لیڈیز سٹاف نے بھرپور شرکت کی، فلیگ مارچ کے دوران گاڑیوں اور رکشوں پر آگاہی بینرز اور سٹیکرز آویزاں کیے گئے جبکہ شہر کے مختلف چوکوں، چوراہوں اور اہم شاہراہوں پر بھی ٹیکس ادائیگی سے متعلق آگاہی بینرز نصب کیے گئے۔ شہریوں اور کاروباری حضرات کو لاؤڈ اسپیکرز کے ذریعے اعلانات کرتے ہوئے 30 ستمبر سے قبل واجب الادا ٹیکس جمع کروانے اور 5 فیصد رعایت سے فائدہ اٹھانے کیحوالے سے آگاہی فراہم کی گئی۔

☆☆☆☆

بعدالت جناب حسیبہ یونس صاحبہ سول جج درجہ اول ماڈل ٹاؤن لاہور

دعویٰ استقرار حق
عنوان سعدیہ عثمان وغیرہ بنام عوام الناس وغیرہ
اشتہار بنام 2ہما عزیز منیر عزیز الرحمٰن ساکن مکان نمبر 212 سی-پی سی ایچ ایس غازی روڈ لاہور کینٹ لاہور 3ڈیفنس ہاؤسنگ اتھارٹی ڈی ایچ اے نزد بذریعہ ڈائریکٹر اینڈ ریکارڈ مین افس کیمپس بلاک Y کمرشل ایریا فیز تھری لاہور 4 لیک سٹی (ہولڈنگ) پرائیویٹ لمیٹڈ EX سٹیٹ لائف انشورش ایمپلائز کاپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی لمیٹڈ بذریعہ چیف ایگزیکٹو افیسر ای او 13 کلومیٹر رائیونڈ روڈ لاہور بنام مدعا علیہم
ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعلیہ/ مدعا علیہم تعمیل سمن سیگر یزاں ہیان کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہٰذا بذریعہ اشتہار اخبار مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ بتقرر 28-9-2026 کو بوقت 9 بجے صبح حاضر عدالت آویں ورنہ کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی۔
دستخط ومہر عدالت کے جاری ہوا۔

Cr..Yousaf

بعدالت جناب ناصر جاوید صاحب سول جج پسرور

دعوٰی حکم امتناعی دوامی: محمد سائیں بنام محمد قاسم وغیرہ: اشتہار بنام 1-محمد قاسم ولد محمد یعقوب 2-محمد یعقوب - 3-محمد مصطفٰی 4-محمد یوسف پسران سردار 5-محمد وقاص 6-محمد اویس 7-سیف علی 8-ارمان علی پسران محمد یوسف ذات راجپوت ساکنان مرزا پور تحصیل پسرور ضلع سیالکوٹ۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہم کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اشتہار اخبار آپ کو مطلع کیا جاتا ہے بتقرر 28-09-2026 بوقت 8 بجے تاریخ مقرر پر اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آ کر مقدمہ کی پیروی کریں بصورت دیگر کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا۔ آج بدستخط ہمارے اور مہر عدالت سے جاری ہوا۔

Cr..Shan

بعدالت جناب محمد اشفاق جسرا صاحب گارڈین جج فیروزوالہ

درخواست اجازت بیرون ملک، بعنوان: خسانہ جاوید بنام نعمان زاہد
اشتہار بنام: نعمان زاہد ولد حافظ محمد سلیمان ساکن KPS روڈ رحیم ٹاؤن فیروزوالہ ضلع شیخوپورہ بنام مدعا علیہ۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ کی تعمیل عام طریقہ سے نہ ہو رہی ہے اس لئے اشتہار ہذا بنام مدعا علیہ کی نام جاری کیا جاتا ہے اگر مدعا علیہ تاریخ 30-09-2026 کو بوقت صبح 8 بجے حاضر عدالت نہ ہوگا تو اس کی نسبت کاروائی یک طرفہ عمل میں آوے گی اور بعد میں کوئی عذر یا اعتراض قابل قبول نہ ہوگا آج بدستخط میرے ومہر عدالت جاری ہوا۔

Cr..FW

بعدالت جناب رانا عرفان صاحب تحصیلدار/ بعدالت جناب اسسٹنٹ ڈائریکٹر لینڈ ریکارڈ آفیسر صاحب اراضی ریکارڈ سنٹر کھڑیانوالہ تحصیل جڑانوالہ

ہر خاص وعام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ بشیراں بی بی دختر میر دین چک نمبر 104 گ ب تحصیل جڑانوالہ میں مالک اراضی فوت ہوچکا ہے۔ متوفی کے وارثان میں میر دین والد، سرداراں بی بی والدہ، محمد شفیع خاوند پہلے فوت شدگان، محمد خاں پسر، ثریا بی بی دختر زندہ وارثان ہیں۔ ان کے علاوہ کوئی جائز وارث ہو تو اندر 7 یوم بعد اشاعت اخبار اشتہار کے روبرو گواہان پیش ہو کر اپنا موقف زبانی ودستاویزی پیش کرسکتا ہے۔ بصورت دیگر انتقال تصدیق کر دیا جائے گا اور بعد میں کوئی عذر قابلِ قبول نہ ہوگا۔

Cr..Sajjad Ahmed Bhatt

ازدفتر جناب اسسٹنٹ ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ / کمیونٹی ڈویلپمنٹ جڑانوالہ

ہر خاص وعام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ محمد عمران ولد دولت علی سکنہ چک نمبر 205 رب موہل والا تحصیل جڑانوالہ ضلع فیصل آباد نے درخواست گزاری ہے۔ کہ سائل کے بچوں کے درست نام علی حسن اور علی اسد ہے جبکہ رجسٹر تاریخ و پیدائش یونین کونسل نمبر 31 چک نمبر 205 رب موہل والا کے ریکارڈ میں سائل کے بچوں والدین والے کالم میں والدین کے شناختی کارڈ نمبرز درج نہ ہیں بمطابق شناختی کارڈ والدہ کا نام اقراء بی بی اور والدین کے شناختی کارڈ نمبرز درج کیے جائیں۔ اس بابت اگر کسی کو کوئی عذر و اعتراض ہو تو اندر 10 یوم بعد اشاعت اخبار اشتہار کے روبرو گواہان پیش ہو کر اپنا موقف زبانی و دستاویزی پیش کرسکتا ہے۔ بصورت دیگر ریکارڈ میں درستگی کردی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔ المشتہر: اسسٹنٹ ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ جڑانوالہ

Cr..Sajjad Ahmed Bhatt

بعدالت جناب عمر بن اکبر قریشی صاحب ایڈیشنل ڈسٹرکٹ جج وزیر آباد،

اپیل دعویٰ دلاپانے رقم مبلغ 5500000 روپے وغیرہ
محمد خالق ولد محمد صدیق بنام محمد اکرم ولد اللہ دین قوم مسلم شیخ ل، آصف م، محمد ارشاد، محمد ارشد پسران محمد اکرم اقوام مسلم شیخ ساکنان ونجووالی تحصیل وضلع وزیر آباد
ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں ریسپانڈنٹس کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ تاریخ مقررہ مورخہ 07-اکتوبر-2026 بوقت 8 بجے صبح روبرو عدالت اصالتاً و وکالتاً پیش ہو کر اپنا موقف پیش کریں ورنہ عدم حاضری کی صورت میں یکطرفہ کاروائی عمل میں لائی جائے گی دستخط ومہر عدالت کے جاری ہوا

Cr..AM

بعدالت جناب شہزاد احسان بٹ صاحب سینئر سول جج جھنگ۔ سیدہ ثوبیہ بی بی بنام عوام الناس۔ وغیرہ درخواست جانشینی سیدہ ثوبیہ بی بی دختر سید امداد حسین شاہ زوجہ سید تصور عباس شاہ قوم سید سکنہ موضع قطب اعوان تحصیل وضلع جھنگ اشتہار بنام عوام الناس، مقدمہ عنوان بالا میں اپ کو متعدد بار طلب کیا گیا ہے لیکن عوام الناس کی تعمیل اسان طریقے سے ہونا ممکن نہ ہے لہذا اپ کو بذریعہ اشتہار اخبار مطالع کیا جاتا ہے کہ مقرر تاریخ 30-09-2026 اصالتا وکلاء حاضر عدالت بوقت 8 بجے پیش ہو ورنہ یکطرفہ کاروائی عمل میں لائی جائے گی

Cr..Shahid Shaki

بعدالت جناب خرم سہیل محمود صاحب سول جج تحصیل شاہکوٹ ضلع ننکانہ صاحب

دعویٰ حکم امتناعی دوامی
عنوان: انعام حسین بنام افتخار علی وغیرہ
اشتہار بنام: 1) افتخار علی 2) ذوالفقار علی 3) رانا عدنان حسین 4) امتیاز حسین پسران نذیر احمد اقوام راجپوت ساکنان چکنمبر 78 آر بی دھوپ سڑی تحصیل صفدر آباد ضلع شیخوپورہ 6) غلام دستگیر وکد محمد رفیق قوم ڈوگر ساکن گلی قیوم مسجد والی صفدر آباد ضلع شیخوپورہ
ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ تعمیل سے دیدہ دانستہ گریزاں ہے اور اس کی تعمیل آسان طریقہ سے مشکل ہے لہذا بذریعہ اشتہار اخبار ہذا مدعا علیہ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ تاریخ مقرر 05.10.2026 کو بوقت صبح 8 بجے عدالت ہذا میں اصالتاً یا وکالتاً حاضر آ کر مقدمہ کی پیروی کریں بصورت دیگر کاروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا
آج بدستخط ومہر عدالت کے جاری ہوا

C/o..RM

بعدالت جناب میڈم نازش نواز کیانی صاحبہ جج فیملی کورٹ پسرور

دعویٰ دلاپانے خرچہ نان ونفقہ: شمع شہزادی وغیرہ بنام محمد عامر وغیرہ: اشتہار بنام محمد عامر ولد ایوب خاں۔ ایوب خاں ولد محمد یعقوب اقوام مہناس ساکنان بھیلو مٹو تحصیل پسرور ضلع سیالکوٹ۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہم کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اشتہار اخبار آپ کو مطلع کیا جاتا ہے بتقرر 06-10-2026 بوقت 8 بجے تاریخ مقرر پر اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آ کر مقدمہ کی پیروی کریں بصورت دیگر کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا۔ آج بدستخط ہمارے اور مہر عدالت سے جاری ہوا۔

Cr..Shan

بعدالت جناب حافظ محمد طفیل صاحب سول جج فیروزوالہ

دعویٰ: استقرار حق، بعنوان: عائشہ یوسف بنام عوام الناس وغیرہ
عائشہ یوسف دختر محمد یوسف ساکن دھرا سندھا خورد ڈاکخانہ سیالکوٹ سٹی ضلع سیالکوٹ حال مقیم انیکسی امامیہ کالونی تحصیل فیروزوالہ ضلع شیخوپورہ بنام عوام الناس وغیرہ۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں سائل نے دعویٰ برائے استقرار حق نسبت عدالت ہذا میں گزارا ہے کہ عوام الناس کی تعمیل عام طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اشتہار ازاں عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر کسی کو کوئی عذر نسبت سائل بتقرر 12-10-2026 اصالتاً وکالتاً عدالت ہذا میں حاضر ہوں بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا اور کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائیگی۔ بدستخط میرے اور مہر عدالت کے جاری ہوا۔

Cr..FW

بعدالت جناب رانا عرفان صاحب تحصیلدار/ بعدالت جناب اسسٹنٹ ڈائریکٹر لینڈ ریکارڈ آفیسر صاحب اراضی ریکارڈ سنٹر کھڑیانوالہ تحصیل جڑانوالہ

ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ اسلامی تعلیمات انسانیت کی بھلائی، امن، رواداری اور باہمی احترام کی ضامن ہیں۔ اسلام میں شدت پسندی، دہشت گردی اور شرپسندی کی قطعی کوئی گنجائش نہیں۔

بقیہ سحر 40

افسر تک رسائی حاصل کرسکتا تھا۔ ان کے تبادلے کے بعد ریونیو معاملات میں تاخیر اور شہریوں کو مشکلات کا سامنا بڑھ گیا ہے۔

بقیہ سحر 41

کا جائزہ لیا جائے اور محنت سے روزی کمانے والے چھوٹے تاجروں کو ریلیف اور سہولت فراہم کی جائے، نہ کہ ان پر مزید مالی بوجھ ڈالا جائے۔

بقیہ سحر 42

کہ ''سانس انسانی زندگی کی بنیادی ضرورت ہے۔

بقیہ سحر 43

وروحانی سعادتوں کے حصول کی دعا کی۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے شرکاء نے کہا کہ بیت اللہ شریف اور روضہ رسول کی حاضری ہر مسلمان کے لیے عظیم سعادت اور باعثِ فخر ہے، اللہ تعالیٰ خوش نصیب افراد کی حاضری کو اپنی بارگاہ میں شرفِ قبولیت عطا فرمائے۔

بقیہ سحر 44

کے مفادات کو ہر دور اقتدار میں ہمیشہ اولین ترجیح دی اور اب بھی عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی اور درپیش مشکلات ومسائل کے خاتمہ کی خاطر برسرپیکار ہے۔

بقیہ سحر 45

سیاسی عدم استحکام مسلسل بڑھ رہا ہے اور قوم مایوسی و بددلی کا شکار ہے موجودہ ابتر حالات میں تحریک انصاف قوم کی واحد امید ہے جو ملک کو درپیش بحرانوں سے نکالنے اور دھاندلی کے ذریعے مسلط کئے گئے کرپٹ ٹولے سے نجات کی جدوجہد کر رہی ہے۔

بقیہ سحر 46

آباد کی گورنمنٹ کالج ویمن یونیورسٹی 674 ویں عالمی پوزیشن کے ساتھ تیسرے نمبر پر رہی۔

بقیہ سحر 47

تعلیم تک آسان اور کم لاگت رسائی عوام کا بنیادی حق ہے۔

بقیہ سحر 48

فروغ کے لیے اپنا بھرپور کردار ادا کریں، نوجوان نسل میں اعلیٰ اخلاق، دیانت اور اتحادِ امت کا شعور اجاگر کیا جائے۔

بقیہ سحر 49

متحد ہے اور ملک میں امن وامان کے قیام کے لیے جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے شہداکی قربانیاں ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی۔

بقیہ سحر 50

کت کی۔ محفل میں پیر محمد حسنات احمد مجددی سیفی، علامہ محمد فیصل علی جلالی، قاری احسان اللہ کیلانی، قاری بشیر احمد کیلانی، مفتی احسان الحق سیفی سمیت دیگر علماء کرام نے شرکت کی اور مرحوم کے لیے ایصال ثواب کیا۔

بقیہ سحر 51

روڈ پر واقع وائٹل فلنگ اسٹیشن کا معائنہ کیا جہاں پٹرولیم مصنوعات کے پیمانے اور نرخوں کی چیکنگ کے دوران پیمانے میں کمی پائی گئی۔

بقیہ سحر 52

درخواست گزار کے مطابق پولیس موقع پر پہنچی تو مبینہ ملزمان پولیس کو دیکھتے ہی وہاں سے فرار ہوگئے۔ پندرہ روز قبل بھی مبینہ قبضے کی کوشش کی ریاض حسین بنوانے اپنی درخواست میں یہ بھی موقف اختیار کیا ہے کہ 15 ستمبر 2026 کو بھی راو ذیشان وغیرہ کی جانب سے اسی پلاٹ پر مبینہ قبضہ کی کوشش کی گئی تھی، جس پر پولیس ایمرجنسی 15 پر اطلاع دینے کے علاوہ تھانہ سٹی دیپالپور میں درخواست بھی دی گئی تھی۔ درخواست گزار نے مذکورہ درخواست کی کاپی بھی موجودہ درخواست کے ساتھ منسلک کرنے کا ذکر کیا ہے۔ ملکیتی پلاٹ پر کسی کو زبردستی قبضہ نہیں کرنے دیں گے، درخواست گزار کا کہنا ہے کہ وہ ایک شریف شہری اور صحافتی حلقوں سے وابستہ شخص ہے اور قانون پر یقین رکھتا ہے، تاہم اس کے ملکیتی پلاٹ پر بار بار مبینہ مداخلت اور قبضے کی کوشش انتہائی تشویشناک ہے۔ اس نے پولیس حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ معاملے کی فوری، شفاف اور غیر جانب دارانہ تحقیقات کی جائیں اور مبینہ طور پر ملوث افراد کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے۔ اعلیٰ پولیس حکام سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ کیا گیا ہے شہری وصحافتی حلقوں نے ڈی پی او اوکاڑہ، متعلقہ ایس پی اور دیگر اعلیٰ پولیس حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ واقعہ کا فوری نوٹس لے کر حقائق کی مکمل چھان بین کرائی جائے، درخواست گزار اور اس کی ملکیتی جائیداد کو تحفظ فراہم کیا جائے اور اگر تحقیقات میں قبضے، توڑ پھوڑ، دھمکیوں یا دیگر جرائم کے الزامات درست ثابت ہوں تو ذمہ دار افراد کے خلاف بلاامتیاز قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے۔

بقیہ سحر 53

سے مطالبہ کیا کہ زخمیوں کو بہترین طبی سہولیات فراہم کی جائیں اور دہشت گردی میں ملوث عناصر کو قانون کے مطابق کیفر کردار تک پہنچایا جائے۔

بعدالت جناب کامران رسول
صاحب سول جج درجہ اول ضلع شیخوپورہ

مقدمہ نمبر 6159 مورخہ 08-08-26 سال 2026ء۔ دعوی استقرار حق معہ حکم امتناعی دوامی وتاکیدی۔ عنوان مقدمہ۔ محمد ارمان طاہر بنام محمد اشفاق شوکت وغیرہ۔ اخبار اشتہار بنام۔ (1) محمد اشفاق شوکت ولد شوکت محمود (2) شہناز بی بی بیوہ شوکت محمود (3) ارسلان شوکت ولد شوکت محمود (4) نداشوکت دختر شوکت محمود (5) محمد جمیل بھٹی ولد محمد اسماعیل بھٹی اقوام راجپوت بھٹی ساکنان کیراں بشمولہ مانانوالہ، تحصیل وضلع شیخوپورہ (6) نغمہ یاسمین دختر محمد رفیق ساکن ڈیفنس لاہور۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہم کو متعدد بار طلب کیا گیا ہے مگر تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اشتہار اخبار مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ تاریخ 03-10-2026 بوقت صبح 8 بجے حاضر عدالت آ کر مقدمہ کی پیروی و جوابدہی کریں۔ بصورت دیگر کاروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا۔ آج بدستخط ہمارے اور مہر عدالت سے جاری ہوا۔

cr...sana ullah

از دفتر اسسٹنٹ ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ اینڈ کمیونٹی ڈویلپمنٹ
بہاولنگر

عنوان۔ اخبار اشتہار برائے لیٹ اندراج پیدائش ہرگاہ عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ مسمی محمد اظہر ولد محمد سعید ذات جوئیہ یونسکا سکنہ کیسر سنگھ ڈاکخانہ ڈونگہ بونگہ تحصیل وضلع بہاولنگر نے اپنے بچوں کی تاریخ پیدائش کے لیٹ اندراج پیدائش کروانے کے لئے درخواست دفتر یونین کونسل کشن گڑھ تحصیل وضلع بہاولنگر میں گزاری ہے محمد احمد ولد محمد اظہر کی تاریخ پیدائش مورخہ 01-08-2018/ زینب دختر محمد اظہر کی تاریخ پیدائش مورخہ 03-06-2020/ فاطمہ دختر محمد اظہر کی تاریخ پیدائش مورخہ 04-06-2022/ حاجرہ کی تاریخ پیدائش مورخہ 05-04-2024/ عائشہ کی تاریخ پیدائش مورخہ 12-12-2025 درج کروائی ہے عوام الناس کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر کسی شخص یا کسی سرکاری یا نیم سرکاری ادارے کو اس تاریخ پیدائش پر کسی قسم کا کوئی عذر یا اعتراض ہو تو وہ اس اشتہار کی اشاعت کے سات یوم کے اندر اپنا تحریری عذر و اعتراض دفتر اسسٹنٹ ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ اینڈ کمیونٹی ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ بہاولنگر یا دفتر یونین کونسل کشن گڑھ حاضر آ کر جمع کروائے۔ بعد از میعاد اخبار اشتہار لیٹ اندراج پیدائش سٹرٹیفکیٹ جاری کردیا جائے گا اور بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا

المشتہر۔ اسسٹنٹ ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ اینڈ کمیونٹی ڈویلپمنٹ بہاولنگر

Cr..Donga

بعدالت جناب میڈم فائزہ ریاض
صاحبہ سول جج فرسٹ کلاس کھاریاں

درخواست گارڈین

اسیہ بی بی بنام عوام الناس

اشتہار منجانب اسیہ بی بی دختر محمد نواز بیوہ ملک اصغر علی بذریعہ مختار خاص مالک عابد علی ولد محمد نواز قوم ملک ساکن بدر مرجان تحصیل کھاریاں ضلع گجرات ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ کو متعدد بار طلب کیا گیا ہے مگر تعمیل اسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ بتاریخ 25-10-2026 بوقت 9 بجے صبح حاضر عدالت اویں ورنہ کاروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی

دستخط ومہر عدالت کے جاری ہوا

Cr..Afzal

بعدالت جناب کامران رسول
صاحب سول جج درجہ اول ضلع شیخوپورہ

مرمعہ دعوی تقسیم جائیداد معہ حکم امتناعی دوامی۔ عنوان مقدمہ۔ محمد رمضان بنام ناصر محمود وغیرہ۔ اخبار اشتہار بنام۔ (1) ناصر محمود ولد عبدالغنی ذات ڈوگر (2) نیاز محمد ولد دین (متوفی) بذریعہ وارثان (2A) عبداللہ (2B) ستار (2C) مشتاق (2D) یاسر پسران نیاز محمد اقوام گجر (3) منگت ولد رحمت علی قوم جٹ چھینہ (4) مشتاق علی ولد شاہ محمد قوم مغل (5) محمد سجاد ولد شمشاد قوم ڈوگر (6) محمد عباس ولد خوشی محمد ذات ڈوگر ساکنان پڈیانوالہ، بشمولہ فاروق آباد، تحصیل وضلع شیخوپورہ۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہم کو متعدد بار طلب کیا گیا ہے مگر تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اشتہار اخبار مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ تاریخ 29-09-2026 بوقت صبح 8 بجے حاضر عدالت آ کر مقدمہ کی پیروی و جوابدہی کریں۔ بصورت دیگر کاروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا۔ آج بدستخط ہمارے اور مہر عدالت سے جاری ہوا۔

cr...sana ullah

بعدالت جناب کامران رسول
صاحب سول جج درجہ اول ضلع شیخوپورہ

دعوی استقرار حق معہ حکم امتناعی دوامی۔ عنوان مقدمہ۔ غلام عباس بنام صوبہ پنجاب وغیرہ۔ اخبار اشتہار بنام۔ (1) صوبہ پنجاب بذریعہ ڈسٹرکٹ کلکٹر شیخوپورہ (2) سب رجسٹرار تحصیل فیروز والہ ضلع شیخوپورہ (3) پٹواری حلقہ موضع منڈھیالی تحصیل فیروز والہ ضلع شیخوپورہ (4) عمران بٹ ولد اکبر بٹ ساکن نزد مسجد یارسول اللہ محلّہ پرانا دھوبی گھاٹ چاہ میراں لاہور (5) محمد ناصر ولد محمد صابر ساکن منڈھیالی تحصیل فیروز والہ ضلع شیخوپورہ۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہم کو متعدد بار طلب کیا گیا ہے مگر تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اشتہار اخبار مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ تاریخ 28-09-2026 بوقت صبح 8 بجے حاضر عدالت آ کر مقدمہ کی پیروی و جوابدہی کریں۔ بصورت دیگر کاروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا۔ آج بدستخط ہمارے اور مہر عدالت سے جاری ہوا۔

cr...sana ullah

بعدالت جناب تحصیلدار صاحب
ڈسکہ

بروئے انتقال نمبر 1019، وراثت موضع کوٹلی خانوں، تحصیل ڈسکہ کے تحت متوفیہ مسمات طاہرہ بی بی بیوہ محمد ارشد ساکن ڈاکخانہ میترانوالی، کوٹلی خانوں، تحصیل ڈسکہ، ضلع سیالکوٹ کا مورخہ 09-12-2022 کو فوت ہونا درج ہوا ہے جس کے شرعی وارثان کے نام وراثت کا انتقال ابھی تک درج نہ ہوا ہے اور اس کے قانونی وشرعی وارثان میں وسیم عباس، لقمان علی، خضر عباس پسران، سانیہ ارشد، صنم شہزادی دختران زندہ بروئے شجرہ نسب مرتبہ پٹواری درج بر پشت انتقال میں اگر ان وارثان کے علاوہ کوئی اور وارث ہو یا کسی کو علم ہو کسی کو کوئی اعتراض ہو تو اندر سات یوم حاضر آ ویں عذر پیش کریں بصورت دیگر انتقال کا فیصلہ جلسہ عام مقام دیہہ میں کردیا جاوے گا بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا آج ہماری مہر و دستخط سے جاری ہوا۔

Cr..Zia

بعدالت جناب محترمہ نادیہ نذیر صاحبہ
سول جج درجہ اول ضلع شیخوپورہ

درخواست برائے بحالی دعوی تکمیل مختص معاہدہ معہ حکم امتناعی دوامی۔ عنوان مقدمہ۔ مقصود حسین وغیرہ بنام عبدالستار وغیرہ۔ اخبار اشتہار بنام۔ (1) عبدالستار ولد محمد حسین ساکن ہاؤسنگ کالونی شیخوپورہ، تحصیل وضلع شیخوپورہ (2) اصغر علی ولد غلام رسول ساکن بوریا نوالہ، تحصیل صفدر آباد، ضلع شیخوپورہ۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مسئول علیہم کو متعدد بار طلب کیا گیا ہے مگر تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اشتہار اخبار مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ تاریخ 03-10-2026 بوقت صبح 8 بجے حاضر عدالت آ کر مقدمہ کی پیروی و جوابدہی کریں۔ بصورت دیگر کاروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا۔ آج بدستخط ہمارے اور مہر عدالت سے جاری ہوا۔

cr...sana ullah

بعدالت جناب نوشابہ مشتاق صاحبہ
جج فیملی کورٹ لاہور

دعوی: تنسیخ نکاح

عنوان: دعا کمال بنام عبدالولی صدیقی

اخبار اشتہار بنام عبدالولی صدیقی ولد عبدالواحد صدیقی سکنہ مکان نمبر 2513 سٹریٹ نمبر 12 محلّہ پارک ویو سوسائٹی ملتان روڈ لاہور،

ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہم کو متعدد بار طلب کیا گیا ہے مگر تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اشتہار اخبار مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ تاریخ 28-9-2026 بوقت صبح 8 بجے حاضر عدالت آ کر مقدمہ کی پیروی و جوابدہی کریں۔ بصورت دیگر کاروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا۔ آج بدستخط ہمارے اور مہر عدالت سے جاری ہوا

Cr..Anwar

از دفتر ایڈمنسٹریٹر صاحب یونین کونسل
نمبر 10 موسے وال تحصیل وضلع پاکپتن

ہرگاہ عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ مدثر ندیم ولد محمد اشرف سکنہ 38 ایس پی تحصیل وضلع پاکپتن نے درخواست گزاری ہے، میرے بچوں محمد احمد، منہال فاطمہ کے برتھ سٹرٹیفکیٹ میں میرا شناختی کارڈ نمبر 3640295137337 اور میری بیوی منیبہ کوثر کا شناختی کارڈ نمبر 3640290875088 درج نہ ہے، شناختی کارڈ درج کرنا قانونی امر ہے، لہذا یونین کونسل نمبر 10 موسے وال پاکپتن میں میرا شناختی کارڈ نمبر درج کیا جائے

Cr..Waqar Farid

بعدالت جناب میڈم فائزہ ریاض
صاحبہ سول جج فرسٹ کلاس کھاریاں

درخواست برائے اجازت لے کر جانے بیرون ملک انگلینڈ

سید علی عباس ولد سید ضیا عباس قوم سید ساکن کلیووال سیدہ تحصیل کھاریاں ضلع گجرات بنام عوام الناس

اشتہار بنام نانا نہ بالغ علی رضا شاہ ساکن کلیووال سیدہ ماموں بالغ کاظم شاہ ساکن کلیووال سیدہ لاریب فاطمہ والدہ نابالغہ ساکن کلیووال سیدہ تحصیل کھاریاں ضلع گجرات

ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ کو متعدد بار طلب کیا گیا ہے مگر تعمیل اسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ بتاریخ 02-10-2026 بوقت 9 بجے صبح حاضر عدالت اویں ورنہ کاروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی

دستخط ومہر عدالت کے جاری ہوا

Cr..Afzal

بعدالت جناب شہباز اقبال تارڑ
صاحب ایڈیشنل ڈسٹرکٹ جج گجرات،

مقدمہ: اپیل دیونی، خالد لطیف وغیرہ بنام: احمد حسین وغیرہ، اشتہار بنام: احمد حسین متوفی بذریعہ قائمقامان وارثان محمد اکمل، قمر شہزاد، مظفر اقبال پسران، رخسانہ کوثر، ثوبیہ کوثر دختران متوفی، نذیر بی بی بیوہ متوفی احمد حسین ولد عبداللہ ذات کھوکھر ساکنائے غازی کھوکھر، انجم یوسف ولد محمد صابر ذات جٹ گوندل سکنہ چاہ بیری والا شہر گجرات، زینب اسلم زوجہ صلاح الدین مرزا ساکن محلّہ اچادارہ نزد نور پور روڈ رفیق جنرل سٹور گلی شہر گجرات، محمد شفیق ولد محمد رفیق ذات رحمانی شادیوال والے نزد سکول ماسٹر بشیر صاحب بالمقابل مسجد بیت المکرّم محلّہ چاہ بیری والا گجرات شہر تحصیل وضلع گجرات، ہرگاہ عنوان بالا میں مدعاعلیہم کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا ممکن نہ ہے لہذا مدعاعلیہم کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ آئندہ تاریخ پیشی 03/10/2026 بوقت 8:00 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت ہوں بصورت دیگر کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائیگی، دستخط ومہر عدالت سے جاری ہوا ہے۔

Cr..Ghafar

بعدالت جناب اسسٹنٹ ڈائریکٹر
لینڈ ریکارڈ/تحصیلدار صاحب اوکاڑہ

ہرگاہ عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ متوفی حال ستاں بی بی زوجہ محمد انور کا انتقال وراثت چک نمبر 31 ٹو ایل تحصیل وضلع اوکاڑہ درج رجسٹرڈ ہو کر عدالت ہذا میں پیش ہوا ہے بازگشت میں محمد انور خاوند۔ غلام نبی۔ محمد یسین۔ ارشد علی پسران ارشاد بی بی دختر وارثان ظاہر کیے گئے ہیں دیگر کوئی وارث یا حقدار ہو یا کسی کو کوئی عذر واعتراض ہو تو اشتہار ہذا کی اشاعت کے بعد سات یوم کے اندر عدالت ہذا میں پیش ہو کر اپنا عذر بیان کرے باصورت دیگر یکطرفہ کاروائی عمل میں لائی جائے گی اور بعد ازاں کوئی عضر قابل قبول نہ ہوگا

KhokharasifCr

از دفتر ڈپٹی ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ اینڈ
کمیونٹی ڈویلپمنٹ تحصیل وضلع پاکپتن

ہرگاہ مطلع کیا جاتا ہے کہ خورشید بی بی بیوہ لیاقت علی قوم پن سکنہ شام گڑھ تحصیل وضلع پاکپتن نے درخواست گزاری ہے کہ اس کی بیٹی بھرائی بی بی کی تاریخ پیدائش 1 جنوری 1979 ہے جسکا اندراج یونین کونسل نمبر 2 ٹوانہ کلاں تحصیل وضلع پاکپتن میں کروانا قانونی امر ہے اگر کسی کو اعتراض ہو تو وہ اندر سات یوم دفتر ہذا رابطہ کرے بعد میں کوئی عزر/اعتراض قابل قبول نہ ہوگا

Cr..Waqar Farid

بعدالت جناب میڈم فائزہ ریاض
صاحبہ سول جج فرسٹ کلاس کھاریاں

درخواست گارڈین

اسیہ بی بی بنام عوام الناس

اشتہار منجانب اسیہ بی بی دختر محمد نواز بیوہ ملک اصغر علی بذریعہ مختار خاص مالک عابد علی ولد محمد نواز قوم ملک ساکن بدر مرجان تحصیل کھاریاں ضلع گجرات ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ کو متعدد بار طلب کیا گیا ہے مگر تعمیل اسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ بتاریخ 25-09-2026 بوقت 9 بجے صبح حاضر عدالت اویں ورنہ کاروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی

دستخط ومہر عدالت کے جاری ہوا

Cr..Afzal

بعدالت جناب رانا محمد تنویر انور
صاحب سول جج جہلم

دعوی دلاپانے خرچہ نان ونفقہ وغیرہ عنوان مقدمہ اکرام زہرہ وغیرہ بنام پیر طارق انور ہاشمی اخبار اشتہار بنام پیر طارق انور ہاشمی ولد پیر انور علی شاہ ہاشمی ساکن پیراں والا ڈاکخانہ پنڈی سید پور تحصیل پنڈدادنخان ضلع جہلم۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہ کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ تاریخ مقررہ مورخہ 07-10-2026 بوقت 8 بجے صبح روبرو عدالت اصالتاً وکالتاً پیش ہو کر اپنا موقف پیش کریں ورنہ عدم حاضری کی صورت میں یکطرفہ کاروائی عمل میں لائی جائیگی۔

Cr..Faraz

بعدالت جناب فوزیہ سائرہ صاحبہ
سول جج گجرات،

مقدمہ: دعوی استقرار حق وغیرہ، عنوان: اقصیٰ ناز، بنام: صوبہ پنجاب وغیرہ، اشتہار بنام: تجمل فاروق پسر، خالدہ بی بی بیوہ محمد خاں اقوام جٹ ہنجراء ساکنائے چک منگوں، شہزادہ بیگم دختر محمد خاں زوجہ افضال احمد قوم جٹ ہنجراء ساکن شاہ جہانی تحصیل وضلع گجرات، ہرگاہ عنوان بالا میں مدعاعلیہم کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا ممکن نہ ہے لہذا مدعاعلیہم کو بذریعہ اخبار اشتہار طلب کیا جاتا ہے کہ وہ آئندہ تاریخ پیشی 30/09/2026 بوقت 8:00 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت ہوں بصورت دیگر کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائیگی دستخط ہمارے ومہر عدالت سے جاری ہوا ہے

Cr..Ghafar

بعدالت جناب تحصیلدار صاحب
اوکاڑہ

ہرگاہ عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ متوفی حال محمد سلیم ولد محمد دین کا انتقال وراثت سکنی کرپارام فیکٹری تحصیل وضلع اوکاڑہ درج رجسٹرڈ ہو کر عدالت ہذا میں پیش ہوا ہے بازگشت میں لطیفاں بی بی بیوہ۔ محمد عثمان۔ محمد ذوالفقار۔ محمد طیب۔ ابوسفیاں۔ مشمد احمد۔ مریم۔ تنزل سلیم۔ کومل سلیم۔ مزمل بی بی پسران و دختران وارثان ظاہر کیے گئے ہیں دیگر کوئی وارث یا حقدار ہو یا کسی کو کوئی عذر واعتراض ہو تو اشتہار ہذا کی اشاعت کے بعد سات یوم کے اندر عدالت ہذا میں پیش ہو کر اپنا عذر بیان کرے باصورت دیگر یکطرفہ کاروائی عمل میں لائی جائے گی اور بعد ازاں کوئی عضر قابل قبول نہ ہوگا

KhokharasifCr

درستگی نام واندراج شناختی کارڈ نمبر

یونین کونسل نمبر 11 بائل گنج میں پیدائش سٹرٹیفکیٹ پر میری بیٹی آمنہ بی بی کا نام انگلش میں غلطی سے AMNAH BIBI لکھا گیا ہے جبکہ درست نام AMINA BIBI ہے جبکہ بیٹے کا نام غلطی سے MUHAMMADZEEN لکھا گیا ہے درست نام MUHMMADZAIN ہے والدہ کا نام BUSHRAN BIBI درج ہے درست نام BUSHRA BIBI ہے اور والدہ بشریٰ بی بی کا شناختی کارڈ نمبر 3640205145360 بھی درج کیا جائے، المشتہر۔ عبدالمجید ولد محمد یار کوٹ کاہن سنگھ تحصیل وضلع پاکپتن

Cr..Waqar Farid

بعدالت جناب ریونیو افسر
اسسٹنٹ کلکٹر درجہ اول کھاریاں

درخواست تقسیم

محمد افضل بنام رابعہ بی بی

اشتہار بنام رابعہ بی بی محمد زمان محمد عمران پسران منظور حسین محمد اعظم محمد صدیق پسران محمد دین احمد دین محمد خالد ولد برکت علی محمد امین ولد لدخان زین خالد ولد محمد خالد محمد تنویر محمد بشیر پسران محمد امین محمد رفیق صابر حسین کنیز بیگم زبیدہ بیگم خدیجہ بیگم بشیر بیگم دختران برکت علی جنت بی بی اقوام جٹ ساکن دھوریہ تحصیل کھاریاں ضلع گجرات یوسف بشیر محمد یونس پسران بشیر احمد اقوام بھٹی نادیہ بی بی زوجہ علی بخش قوم مچھی سکنائے دھوریہ تحصیل کھاریاں ضلع گجرات

ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ کو متعدد بار طلب کیا گیا ہے مگر تعمیل اسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ بتاریخ 03-10-2026 بوقت 9 بجے صبح حاضر عدالت اویں ورنہ کاروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی

دستخط ومہر عدالت کے جاری ہوا

Cr..Afzal

بعدالت جناب محمد عمران یوسف
صاحب سول جج جہلم

دعوی تنسیخ نکاح وغیرہ عنوان مقدمہ سونیا سلیم وغیرہ بنام چوہدری احمد علی اخبار اشتہار بنام چوہدری احمد علی ولد چوہدری فضل داد ساکن مکان نمبر 4 کوثر کالونی سول لائن جہلم۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہ کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ تاریخ مقررہ مورخہ 07-10-2026 بوقت 8 بجے صبح روبرو عدالت اصالتاً وکالتاً پیش ہو کر اپنا موقف پیش کریں ورنہ عدم حاضری کی صورت میں یکطرفہ کاروائی عمل میں لائی جائیگی۔

Cr..Faraz

بعدالت جناب قیصر مختار احمد صاحب
سول جج گجرات،

مقدمہ: دعوی استقرار حق، عنوان: تنویر احمد، بنام: ایڈمنسٹریٹر، اشتہار بنام: ایڈمنسٹریٹر یونین کونسل سماں، سیکرٹری یونین کونسل سماں تحصیل وضلع گجرات، ہرگاہ عنوان بالا میں مدعاعلیہم کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا ممکن نہ ہے لہذا مدعاعلیہم کو بذریعہ اخبار اشتہار طلب کیا جاتا ہے کہ وہ آئندہ تاریخ پیشی 30/09/2026 بوقت 8:00 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت ہوں بصورت دیگر کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائیگی دستخط ہمارے ومہر عدالت سے جاری ہوا ہے

Cr..Ghafar

بعدالت جناب تحصیلدار صاحب
اوکاڑہ

ہرگاہ عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ متوفی حال اللہ دتہ ولد غلام محمد کا انتقال وراثت 32 جےڈی تحصیل وضلع اوکاڑہ درج رجسٹرڈ ہو کر عدالت ہذا میں پیش ہوا ہے بازگشت میں نذیراں بی بی بیوہ۔ مظہر اقبال۔ اظہر حسین پسران عذرا بی بی۔ رضیہ پروین۔ شازیہ پروین۔ رابعہ پروین۔ عظمیٰ پروین۔ نادیہ۔ ثنا اللہ دتہ دختران وارثان ظاہر کیے گئے ہیں دیگر کوئی وارث یا حقدار ہو یا کسی کو کوئی عذر واعتراض ہو تو اشتہار ہذا کی اشاعت کے بعد سات یوم کے اندر عدالت ہذا میں پیش ہو کر اپنا عذر بیان کرے باصورت دیگر یکطرفہ کاروائی عمل میں لائی جائے گی اور بعد ازاں کوئی عضر قابل قبول نہ ہوگا

KhokharasifCr

از دفتر ڈپٹی ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ اینڈ
کمیونٹی ڈویلپمنٹ تحصیل وضلع پاکپتن

اخبار اشتہار لیٹ اندراج ہرگاہ مطلع کیا جاتا ہے کہ عبدالمجید ولد محمد یار سکنہ کوٹ کاہن سنگھ تحصیل وضلع پاکپتن نے درخواست گزاری ہے کہ محمد فیضان کی تاریخ پیدائش 17 اگست 2017 ہے جسکا اندراج یونین کونسل بائل گنج نمبر 11 میں کروانا قانونی امر ہے اگر کسی کو اعتراض ہو تو وہ اندر سات یوم دفتر ہذا رابطہ کرے بعد میں کوئی عزر/اعتراض قابل قبول نہ ہوگا

Cr..Waqar Farid

بعدالت جناب محمد شعبان گجر صاحب
تحصیلدار کھاریاں

درخواست تقسیم اراضی

ساجد محمود بنام۔ محمد یوسف

اشتہار بنام۔ محمد یوسف ولد نور عالم ساکن پسوال تحصیل کھاریاں ضلع گجرات

شہباز حسین ولد نور محمد قوم کھوکھر ساکن پسوال تحصیل کھاریاں ضلع گجرات

3۔ سلیم اشرف ولد محمد اشرف قوم گجر ساکن پسوال تحصیل کھاریاں ضلع گجرات

ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ کو متعدد بار طلب کیا گیا ہے مگر تعمیل اسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ بتاریخ 28-09-2026 بوقت 9 بجے صبح حاضر عدالت اویں ورنہ کاروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی

دستخط ومہر عدالت کے جاری ہوا

Cr..Afzal

بعدالت جناب سید قمر عباس صاحب
سول جج جہلم

درخواست گارڈین عنوان مقدمہ شازیہ ندیم بنام عوام الناس وغیرہ اخبار اشتہار منجانب شازیہ ندیم زوجہ ندیم احمد ساکن ڈومیلی مکان نمبر 116 گلی 12 دینہ ضلع جہلم بنام عوام الناس۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں عوام الناس کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ تاریخ مقررہ مورخہ 02-10-2026 بوقت 8 بجے صبح روبرو عدالت اصالتاً وکالتاً پیش ہو کر اپنا موقف پیش کریں ورنہ عدم حاضری کی صورت میں یکطرفہ کاروائی عمل میں لائی جائیگی۔

Cr..Faraz

بعدالت جناب محمد ساجد بلال
صاحب سول جج فیملی کورٹ گجرات،

مقدمہ: دعوی تنسیخ نکاح ہ، عنوان: اقراء رانی، بنام: عابد حسین، اشتہار بنام: عابد حسین ولد محمد یعقوب ساکن ڈاکخانہ چک نمبر 1 ڈی این بی تحصیل یزمان ضلع بہاولپور حال مقیم نتھو کوٹ تحصیل وضلع گجرات، ہرگاہ عنوان بالا میں مدعاعلیہ کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا ممکن نہ ہے لہذا مدعاعلیہ کو بذریعہ اخبار اشتہار طلب کیا جاتا ہے کہ وہ آئندہ تاریخ پیشی 19/09/2026 بوقت 8:00 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت ہوں بصورت دیگر کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائیگی دستخط ہمارے ومہر عدالت سے جاری ہوا ہے

Cr..Ghafar

بعدالت جناب تحصیلدار صاحب
اوکاڑہ

ہرگاہ عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ متوفی حال ظہور احمد ولد قمر دین کا انتقال وراثت موضع بھگوان پورہ تحصیل وضلع اوکاڑہ درج رجسٹرڈ ہو کر عدالت ہذا میں پیش ہوا ہے بازگشت میں اللہ جوائی والدہ۔ فاطمہ بی بی بیوہ۔ عاطف ظہور۔ عاکف ظہور پسران شہر بانو۔ مقدس ظہور دختران وارثان ظاہر کیے گئے ہیں دیگر کوئی وارث یا حقدار ہو یا کسی کو کوئی عذر واعتراض ہو تو اشتہار ہذا کی اشاعت کے بعد سات یوم کے اندر عدالت ہذا میں پیش ہو کر اپنا عذر بیان کرے باصورت دیگر یکطرفہ کاروائی عمل میں لائی جائے گی اور بعد ازاں کوئی عضر قابل قبول نہ ہوگا

KhokharasifCr

بعدالت جناب رانا محمد عدیل
صاحب تحصیل دار تحصیل وضلع پاکپتن

اشتہار وراثتی انتقال ہرگاہ خاص وعام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ متوفی نذیر احمد ولد صوبہ قوم گوندل سکنہ چک نمبر 8 کے بی تحصیل وضلع پاکپتن جو کہ 27 فروری 2018 کو بقضاء الٰہی وفات پا چکا ہے جس کا وراثتی انتقال درج کیا جانا ہے، صوبہ والد، عائشہ بی بی والدہ پہلے فوت شدہ ہیں، وارثان بازگشت میں سائرہ بی بی بیوہ، محمد اکرم پسر (بعد میں فوت شد) محمد اشرف، عاصم، نوشیر احمد، حافظ نور احمد، یسین نذیر پسران جمیلہ بی بی دختر زندہ اور وشرعی وارث ہیں انکے علاوہ کوئی وارث ہو یا عذر اعتراض ہو تو اشاعت اخبار اشتہار اندر سات یوم رابطہ کرے، بعد ازاں کوئی عذر/اعتراض قابل قبول نہ ہوگا

Cr..Waqar Farid

بعدالت جناب غفیفہ ممتاز صاحبہ سول جج اجج
فیملی کورٹ تحصیل وضلع پاکپتن شریف

عنوان، دعوی دلاپانے سامان جہیز

فریق اول، نسیم بی بی دختر محمد اشرف قوم رحمانی سکنہ سردار پورہ پاکپتن، فجر فاطمہ نابالغہ دختر محمد ارشد بعمر 8 ماہ بدرفاقت والدہ حقیقی مدعیہ نمبر 1 بنام فریق دوم محمد ارشد ولد محمد حسن قوم رحمانی سکنہ صوفیہ آباد پاکپتن شریف، ہرگاہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ فریق اول نے درخواست برائے دعوی دلاپانے سامان جہیز دائر کر رکھا ہے، جس کی بابت متعدد بار نوٹس کیا گیا مگر اطلاع یابی آسان طریقہ سے نہیں ہو رہی لہذا بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ آئندہ پیشی بتاریخ 28 ستمبر 2026 صبح 8 بجے کو اصالتاً یا وکالتاً عدالت ہذا میں حاضر آویں عدم حاضری کی صورت میں یکطرفہ کاروائی عمل میں لائی جائیگی اور کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا

دستخط مجاز ومہر عدالت

Cr..Waqar Farid

بعدالت جناب سید قمر عباس صاحب
سول جج جہلم

درخواست گارڈین عنوان مقدمہ سفینہ قدیر بنام عوام الناس وغیرہ اخبار اشتہار بنام عوام الناس، احسان علی ولد فرمان علی ساکن سعیلہ محلّہ دیوا والا تحصیل وضلع جہلم ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں عوام الناس/مدعاعلیہ کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ تاریخ مقررہ مورخہ 30-09-2026 بوقت 8 بجے صبح روبرو عدالت اصالتاً وکالتاً پیش ہو کر اپنا موقف پیش کریں ورنہ عدم حاضری کی صورت میں یکطرفہ کاروائی عمل میں لائی جائیگی۔

Cr..Faraz

بعدالت جناب میڈم فوزیہ سائرہ
صاحبہ سول جج فیملی کورٹ گجرات،

مقدمہ: دعوی استقرار حق ومنسوخی انتقال معہ حکم امتناعی دوامی وغیرہ، عنوان: ساجدہ بی بی، بنام: صوبہ پنجاب وغیرہ، اشتہار بنام: صوبہ پنجاب بذریعہ کلکٹر گجرات، نائب تحصیلدار محال ٹانڈہ، حلقہ پٹواری محال ٹانڈہ، عبدالعزیز ولد نذیر احمد سکنہ ٹانڈہ تحصیل وضلع گجرات، ہرگاہ عنوان بالا میں مدعاعلیہم کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا ممکن نہ ہے لہذا مدعاعلیہم کو بذریعہ اخبار اشتہار طلب کیا جاتا ہے کہ وہ آئندہ تاریخ پیشی 06/10/2026 بوقت 8:00 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت ہوں بصورت دیگر کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائیگی دستخط ہمارے ومہر عدالت سے جاری ہوا ہے

Cr..Ghafar

از دفتر ڈپٹی ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ/
کیمونٹی ڈویلپمنٹ ضلع اوکاڑہ لیٹ
اندراج وفات

مسمی محمد ارشد ولد محمد یونس نے اپنے والد محمد یونس ولد میاں قائم دین کی وفات مورخہ 6 دسمبر 2023 لیٹ اندراج بابت درخواست گزاری ہے اس بابت اگر کسی شخص/ادارے/ایجنسی کو کوئی اعتراض ہو تو اشتہار ہذا کی اشاعت کے اندر سات یوم دفتر ڈپٹی ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ اوکاڑہ کو شعبہ لیٹ اندراج پیدائش کو تحریری طور پر مطلع کرے باصورت دیگر یکطرفہ کاروائی عمل میں لائی جائے گی۔

المشتہر: محمد ارشد ولد محمد یونس سکنہ صابری کالونی فتح نور ٹاؤن اوکاڑہ

khokharasifCr

بقیہ سحر 1

کی نشاندہی کی جو مقامی آبادی کے لیے خطرہ بنے ہوئے تھے۔ ترجمان پاک فوج کے مطابق سیکیورٹی فورسز نے 21 ستمبر 2026 کو مصدقہ انٹیلی جنس معلومات پر زیارت اور گردونواح کے علاقوں میں دہشت گردوں کے خلاف آپریشن شروع کیا، آپریشن شابان کے دوران سیکیورٹی فورسز نے دہشت گردوں کے متعدد ٹھکانوں کو تباہ کیا، شدید فائرنگ کے تبادلے میں اب تک بھارت کے حمایت یافتہ 33 دہشت گرد ہلاک ہو چکے ہیں۔ بیان میں کہا گیا کہ آپریشن کے دوران اسلحہ، گولہ بارود اور دھماکہ خیز مواد بھی برآمد کیا گیا، گزشتہ 72 گھنٹوں کے دوران آپریشن تیز کرتے ہوئے مزید 23 دہشت گرد ہلاک کئے گئے، سیکیورٹی فورسز نے ایک وسیع علاقے کو کلیئر کرایا ہے۔ آئی ایس پی آر نے کہا کہ مقامی آبادی کو 'فتنہ الخوارج' اور 'فتنہ الہند' کے خطرے سے نجات دلائی گئی، یہ کلیئرنس آپریشن خطرے کے مکمل خاتمے تک جاری رہے گا، 25 ستمبر 2026 کو ضلع نوشکی میں انٹیلی جنس کی بنیاد پر الگ آپریشن کیا گیا، نوشکی میں آپریشن کے دوران بھارت کے حمایت یافتہ 11 دہشت گردوں کو ہلاک کیا گیا۔ بیان میں کہا گیا کہ مند' کے علاقے میں سیکیورٹی فورسز نے 'فتنہ الہند' کے 6 دہشت گردوں کو ہلاک اور اسلحہ و گولہ بارود برآمد کیا، گزشتہ 96 گھنٹوں کے دوران آپریشن شابان اور دیگر علاقوں میں 71 سے زائد دہشت گرد ہلاک ہو چکے ہیں، عزمِ استحکام ویژن کے تحت دہشت گردی کے خلاف مہم پورے عزم کے ساتھ جاری رہے گی۔ آئی ایس پی آر کے مطابق سیکیورٹی فورسز ملک سے غیر ملکی حمایت یافتہ دہشت گردی کے خاتمے کے لیے پرعزم ہے۔

بقیہ سحر 2

تیاری کی توثیق ہوئی۔ آئی ایس پی آر کے مطابق ہنگور کی کامیاب فائرنگ پاک بحریہ کی زیرِ آب جنگی صلاحیتوں میں اہم سنگِ میل ہے۔ نیول چیف نے پی این ایس/ایم ہنگور کی جنگی صلاحیت اور عملے کی پیشہ ورانہ مہارت کو سراہا۔ نیول چیف نے کہا کہ زیرِ آب جنگی صلاحیتوں میں مسلسل اضافہ آپریشنل تیاری اور قابلِ اعتماد دفاعی صلاحیت کے لیے ناگزیر ہے، پاک بحریہ پاکستان کی بحری سرحدوں کے دفاع اور خطے میں امن واستحکام کے لیے پرعزم ہے۔

بقیہ سحر 3

کا دورہ کیا جہاں ان کی زیرِ صدارت خصوصی اجلاس ہوا جس میں سائبر کرائمز کے خلاف جاری آپریشنز اور تحقیقات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ خصوصی اجلاس میں آن لائن مالیاتی فراڈ، ہراسانی اور منظم سائبر کرائم نیٹ ورکس کے خلاف کریک ڈاؤن مزید تیز کرنے کا فیصلہ کیا گیا، وفاقی وزیرِ داخلہ نے شکایات سیل، فرانزک لیب اور انویسٹی گیشن ونگ کا معائنہ کیا، شہریوں کی شکایات سے لے کر تفتیش اور ملزمان کے خلاف کارروائی تک پورے نظام کا جائزہ لیا گیا۔

بقیہ سحر 4

کہا ہے کہ غیر ملکی سرپرستی اور معاونت سے ہونے والی دہشت گردی کے مکمل خاتمے کے لیے کارروائیاں جاری رہیں گی۔ ایوانِ صدر کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق صدر آصف علی زرداری نے آپریشن شعبان اور بلوچستان کے دیگر علاقوں میں 71 سے زائد دہشت گردوں کو ہلاک کرنے پر سکیورٹی فورسز کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ بھارت اور افغان طالبان کی سرپرستی میں سرگرم فتنہ الخوارج اور فتنہ الہندوستان کے دہشت گردوں کے خلاف کامیاب کارروائیاں قابلِ تحسین ہیں، بلوچستان میں دہشت گردوں کے متعدد ٹھکانے کلیئر کرنا سکیورٹی فورسز کی بڑی کامیابی ہے۔ صدر آصف علی زرداری نے کہا کہ غیر ملکی سرپرستی اور معاونت سے ہونے والی دہشت گردی کے مکمل خاتمے کے لیے کارروائیاں جاری رہیں گی، دہشت گردی کے خلاف جنگ میں سکیورٹی فورسز کی قربانیاں اور خدمات قوم کے لیے باعثِ فخر ہیں۔

بقیہ سحر 5

ہٹانے کی ہدایت کی ہے۔ بیرسٹر گوہر نے واضح کیا کہ وزیرِاعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل خان آفریدی کو بانی پی ٹی آئی کا مکمل اعتماد حاصل ہے اور پی ٹی آئی بھی ان کی مکمل حمایت کرے گی۔ چیئرمین پی ٹی آئی کا کہنا تھا کہ سب کو سمجھنا ہوگا کہ یہ حالات کو خراب کرنے کا وقت نہیں، اس وقت سب کو کوشش کرنی چاہیے

بقیہ سحر 6

تاریخی اور مذہبی مقامات کے ساتھ شعبہ سیاحت میں روشن امکانات رکھتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت ملکی سیاحت کے فروغ، سیاحتی بنیادی ڈھانچے کی بہتری اور اس شعبہ سے وابستہ مقامی آبادی اور نوجوانوں کیلئے روزگار و ترقی کے مواقع پیدا کرنے کیلئے کام کر رہی ہے، حکومت پُرعزم ہے کہ پاکستان کو ایک محفوظ، پُرکشش اور مسابقتی سیاحتی مقام کے طور پر دنیا کے سامنے اجاگر کیا جائے۔ شہباز شریف نے کہا کہ پاکستان کا معتدل موسم، پہاڑی علاقوں کی پُرفضا آب و ہوا اور خوشگوار وادیاں عالمی سیاحت کو متوجہ کرنے کی بھرپور صلاحیت رکھتی ہیں، پاکستان کی دھرتی، وادی سندھ اور گندھارا سمیت ہزاروں سال قدیم تہذیبوں اور شاندار ثقافتی ورثے کی امین ہے۔

بقیہ سحر 7

ممالک کے قومی کوارڈی نیٹرز اور ایس سی او سیکرٹریٹ کے نمائندے شرکت کریں گے۔ دفترِ خارجہ کے مطابق اجلاس کی صدارت پاکستان کے قومی کوارڈی نیٹر کریں گے۔ اجلاس میں ایس سی او کے باہمی تعاون اور رابطہ کاری سے متعلق مختلف امور کا جائزہ لیا جائے گا جبکہ پاکستان کی چیئرمین شپ کے دوران سرگرمیوں کے پروگرام اور آئندہ ایس سی او اجلاسوں اور تقریبات کی تیاریوں پر بھی غور کیا جائے گا۔ پاکستان 2026-27 کے لیے ایس سی او کونسل آف ہیڈز آف اسٹیٹ کی صدارت کر رہا ہے اور اس دوران تنظیم کے مقاصد کو وژن کو عملی اقدامات میں بدلنا، رابطہ کاری، جدت اور مشترکہ خوشحالی کے عنوان کے تحت آگے بڑھانے پر توجہ دی جائے گی۔ دفترِ خارجہ کے مطابق پاکستان کی چیئرمین شپ میں باہمی رابطوں کے فروغ، جدت کو آگے بڑھانے، معاشی تعاون میں اضافے اور عوامی سطح پر روابط مضبوط بنانے پر توجہ مرکوز کی جائے گی، تاکہ رکن ممالک کے مشترکہ وژن کو عملی اور باہمی مفاد پر مبنی اقدامات میں تبدیل کیا جا سکے۔ اجلاس پاکستان کی چیئرمین شپ کے تحت ایس سی او کی سرگرمیوں کے آغاز کی اہم کڑی ہوگا اور تنظیم کے مختلف اعلیٰ سطحی اجلاسوں اور سرگرمیوں کی تیاری میں معاون ثابت ہوگا

بقیہ سحر 8

جا سکتا ہے تو ریاست اتنی کمزور نہیں ہے۔ اپنے حلقہ انتخاب میں گفتگو کرتے ہوئے وزیرِ پیٹرولیم علی پرویز ملک نے کہا مشکل کی اس گھڑی میں وزیرِاعظم اور حکومت ایک قدم بھی پیچھے نہیں ہٹے گی، اگر 10 ماہ تک یہ نظام چلانا پڑا تو حکومت اپنے بجٹ سے 400 سے 500 ارب روپے کم کر کے عوام پر خرچ کرے گی۔ وزیرِاعظم شہباز شریف نے موٹر سائیکلوں اور چھوٹی گاڑیوں کے لئے پیٹرول کی قیمت میں 100 روپے فی لیٹر تک کمی کی ہے، اب تک 60 لاکھ سے زائد افراد اپنی موٹر سائیکلیں اور گاڑیاں رجسٹر کرا چکے ہیں، تقریباً 60 لاکھ افراد کے پاس 20 سال پرانی موٹر سائیکلیں ہیں۔ علی پرویز ملک نے مزید کہا کہ وزیرِاعظم شہباز شریف کو عوام کی مشکلات اور تکلیف کا احساس ہے، حکومت وہ کام نہیں کرے گی جو 2022 میں سابق حکومت نے کیا تھا۔

بقیہ سحر 9

بروئے کار لائے جائیں گے۔ مریم نواز شریف نے سیاحت کے پرعزم جذبے رکھنے والوں کو سلام پیش کرتے ہوئے کہا کہ اللہ تعالیٰ نے انسان کو زمین پر چلنے

پھرنے اور غور وفکر کی دعوت دی ہے

بقیہ سحر 10

دفاعی اور سیکیورٹی امور میں وسیع تجربہ رکھتے ہیں، وہ سعودی مسلح افواج میں بطور میجر جنرل خدمات بھی انجام دے چکے ہیں۔ پاک سعودی عرب اسٹریٹجک دفاعی معاہدہ اور مکہ دفاعی معاہدے کے تناظر میں ڈاکٹر راجح کی تقرری اہمیت کی حامل ہے۔

بقیہ سحر 11

کاری سے اصلاحات جاری ہیں اسی سلسلے میں سیکریٹری ایس آئی ایف سی کی عالمی بینک کے وفد سے اہم ملاقات ہوئی۔ ملاقات میں آسان کاروبار فریم ورک اور پاکستان بزنس پورٹل کے ذریعے کاروباری قوانین آسان بنانے پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ عالمی بینک نے ایس آئی ایف سی کے جامع طریقہ کار کو سراہتے ہوئے مسلسل تعاون کی یقین دہانی کرائی۔ اصلاحات کا مقصد ضابطہ جاتی عمل آسان، کاروباری اداروں پر تعمیلی بوجھ کم اور کاروباری سرگرمیاں مزید آسان بنانا ہے۔

بقیہ سحر 12

میں صرف صارف نہیں بلکہ فیصلہ سازی کا حصہ بننا ہوگا۔ یہ بات انہوں نے اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے سائیڈ ایونٹ سوشل بزنس، یوتھ اور ٹیکنالوجی کے اعلیٰ سطحی فورم سے خطاب کے دوران کیا۔ اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی عالمی مسائل، پالیسی سازی اور بین الاقوامی تعاون پر تبادلہ خیال کا اہم فورم ہے۔ بلال بن ثاقب نے کہا کہ گلوبل ساؤتھ کو ٹیکنالوجی کے شعبے میں صرف صارف نہیں بلکہ فیصلہ سازی کا حصہ بننا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان ڈیجیٹل فنانس کے فروغ کیلئے عالمی سطح پر اہم کردار ادا کر رہا ہے

بقیہ سحر 13

الیکشن کمشنر گیانیش کمار کیخلاف بے ضابطگیوں کی رپورٹس کے بعد بھارتی الیکشن کمیشن کو شدید عدم اعتماد کا سامنا ہے، بھارتی اپوزیشن کے مطابق الیکشن کمیشن بی جے پی کو فائدہ پہنچانے کیلئے ایس آئی آر کے ذریعے ووٹرز خارج کیے جا رہے ہیں، عالمی جریدہ کے مطابق کا کروچ جنتا پارٹی نے 48 گھنٹوں میں چیف الیکشن کمشنر کا استعفیٰ موصول نہ ہونے پر احتجاج کا اعلان کیا۔

بقیہ سحر 14

کے درمیان ملاقات ہوئی۔ علی امین گنڈاپور کے ترجمان فراز مغل کے مطابق وزیرِاعلیٰ سہیل آفریدی سابق وزیرِاعلیٰ کی رہائش گاہ پہنچے تو علی امین گنڈاپور نے خود ان کا استقبال کیا۔ ملاقات کے بعد وزیرِاعلیٰ سہیل آفریدی اور علی امین گنڈاپور درازندہ میں گزشتہ روز ہونے والے خودکش حملے کے زخمیوں کی عیادت کیلئے ہسپتال پہنچے اور زیرِ علاج زخمیوں کی عیادت کی، ان کی جلد صحتیابی کیلئے دعا کی۔ انہوں نے ڈاکٹروں سے زخمیوں کی صحت اور انہیں فراہم کئے جانے والے علاج معالجے کے بارے میں بریفنگ لی۔۔

بقیہ سحر 15

وابستہ صدیوں پرانے آثار و ثقافتیں ملکی سیاحتی ورثے کا قیمتی حصہ ہیں۔ پاکستان ان چند ممالک میں شامل ہے جہاں چاروں موسم اپنی منفرد خوبصورتی کے ساتھ پائے جاتے ہیں جو ملکی سیاحت کے فروغ کے لیے ایک قدرتی اور اہم اثاثہ ہے۔

بقیہ سحر 16

اور ریسکیو 1122 اہلکار شریف اللہ کی نمازِ جنازہ اعجاز شہید پولیس لائنز میں سرکاری اعزاز کے ساتھ ادا کی گئی۔ نمازِ جنازہ میں کمشنر ڈیرہ ڈویژن داور خان، اسٹیشن کمانڈر بریگیڈیئر سلمان عادل شاہ، آر پی او غلام مبشر میکن، ڈی پی او ضیا الدین احمد سمیت اعلیٰ حکام، پولیس، سیکیورٹی فورسز، کسٹمز اور ریسکیو 1122 کے افسران و اہلکاروں نے شرکت کی۔۔

بقیہ سحر 17

میں با اختیار ہیں کہ مارچ کب اور کیسے کرنا ہے۔ نجی ٹی وی کے پروگرام میں اظہار خیال کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ہماری کوشش ہوگی کہ لانگ مارچ 4 اکتوبر سے آگے نہ جائے لیکن ہم اپنے فیصلوں میں با اختیار ہیں اور اس کا فیصلہ پی ٹی آئی قیادت فیصلہ کرے گی کہ ہم نے اپنا لانگ مارچ کب کیا اور کیسے کرنا ہے۔

بقیہ سحر 18

پھول لے کر آئیں، سیاسی جماعت ہراول دستہ اور قوم تبدیلی لاتی ہے، فیصلہ قوم نے کرنا ہوتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہمارا کام پرامن جدوجہد کرنا ہے، مذاکرات سے متعلق اختیار محمود اچکزئی اور علامہ راجہ ناصر عباس کے پاس ہے۔ سلمان اکرم راجہ نے کہا کہ ہم نہیں سمجھتے کہ ہمیں عدالت سے کوئی انصاف ملے گا، اگر یہ گورنر راج لگاتے ہیں تو پھر فیصلہ عوام کو ہی کرنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ یہ کچھ بھی کر سکتے ہیں، کسی سفید کاغذ پر کالے لفظ لکھے جا سکتے ہیں

بقیہ سحر 19

نے کہا ہے کہ پہلے وفات پا چکے بھائی کے بچوں کو چچا کی جائیداد میں حق وراثت نہیں ملے گا، شرعی حصے دار موجود ہوں تو دور کے رشتہ دار وراثت کے حق دار نہیں ہوتے، مسلم فیملی لاز آرڈیننس کی دفعہ 4 کا اطلاق صرف بیٹے یا بیٹی کی اولاد پر ہوتا ہے۔ فیصلے کے مطابق پہلے وفات پا چکے بھائی کے بچوں کو دفعہ 4 کے تحت نمائندگی کا حق نہیں دیا جا سکتا، صرف خونی رشتہ وراثت کا حق پیدا نہیں کرتا، وارث کی قانونی حیثیت بھی دیکھی جائے گی۔ کہا گیا کہ اصل سوال یہ نہیں کہ درخواست گزار متوفی کے رشتہ دار ہیں یا نہیں،

بقیہ سحر 20

۔عدالت نے سرکاری اداروں کی سفارش پر پاسپورٹ کنٹرول لسٹ میں نام شامل کرنے کی متعلقہ شق کالعدم قرار دے دی۔ جسٹس راجہ انعام امین منہاس نے عمرہ پر جانے والے شہری کو آف لوڈ کرنے کے خلاف درخواست پر فیصلہ جاری کیا۔ عدالت نے قرار دیا کہ قانونی تقاضے پورے کیے بغیر کسی شہری کو بیرونِ ملک سفر سے نہیں روکا جا سکتا۔

بقیہ سحر 21

موجود ہے تاہم اس پر ابھی تک کوئی فیصلہ نہیں ہوا۔ ایک انٹرویو میں رانا ثنا اللہ نے کہا کہ وفاقی حکومت آئینی طور پر کسی بھی صوبے میں جن وجوہات کی بنیاد پر گورنر راج لگا سکتی ہے، خیبر پختونخوا حکومت ان تمام شرائط پر پورا اترتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخوا میں گورنر راج کا آپشن موجود ہے، تاہم اس پر ابھی تک کوئی فیصلہ نہیں ہوا لیکن یہ فیصلہ ہو بھی سکتا ہے کیونکہ خیبر پختونخوا حکومت آئین اور قانون کے مطابق نہیں چلائی جا رہی۔

بقیہ سحر 22

دیتے ہوئے مسترد کر دیا۔ اس حوالے سے وزارتِ اطلاعات ونشریات نے کہا ہے کہ پاکستان کا نورستان یا افغانستان میں کسی بھی اندرونی جھڑپ سے کوئی تعلق نہیں، پاکستانی سیکیورٹی فورسز اور انٹیلی جنس اداروں کے ملوث ہونے کے دعوے من گھڑت ہیں، سابق افغان اہل کاروں کی بھرتی یا تربیت اور داعش سمیت کسی دہشت گرد گروہ کو سہولت کاری کے الزامات کو مسترد کرتے ہیں۔ وزارتِ اطلاعات نے کہا ہے کہ پاکستان کے ملوث ہونے کا کوئی قابلِ تصدیق ثبوت پیش نہیں کیا گیا، الزامات کے حق میں شناخت، دستاویزات، مواصلاتی ریکارڈ یا فرانزک شواہد فراہم نہیں کیے گئے، سوشل میڈیا پر زیرِ گردش مبینہ ویڈیو پاکستان سے کسی تعلق کو ثابت نہیں کرتی، اقوامِ متحدہ کی تسلسل رپورٹس افغانستان میں دہشت گرد تنظیموں کی موجودگی اور سرگرمیوں کی نشاندہی کرتی ہیں۔

بقیہ سحر 23

ہیڈ آف مشن بلال حسن، معروف پاکستانی بزنس مین میاں محمد ریاض اور امیر حمزہ بھی اس موقعے پر موجود تھے۔ پی ایم وائے پی کے اعلامیے کے مطابق رانا مشہود احمد خان کے دورے میں اہم ملاقاتوں کا سلسلہ متوقع ہے جس دوران دونوں ملکوں کے باہمی تعلقات کے فروغ بارے تبادلہ خیال کیا جائیگا۔ رانا مشہود احمد خان کے دورے میں نوجوانوں کے لیے نئے مواقع بارے اہم پیش رفت متوقع ہے، مختلف شعبوں میں دونوں ممالک کے تعاون کو مزید مضبوط بنانے کے لیے بات چیت کی جائے گی۔ چیئرمین وزیرِاعظم یوتھ پروگرام پاکستانی کمیونٹی سے بھی ملاقاتیں کریں گے۔

بقیہ سحر 24

لٹر تک پہنچا دی گئی جبکہ حکومت نے عوام کو ریلیف دینے کے بجائے پٹرولیم مصنوعات پر لیوی میں اضافہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ حالات میں حکمرانوں نے ایسے معاہدے کیے جنہوں نے ملکی معیشت کو نقصان پہنچایا، جماعت اسلامی نے آئی پی پیز کے معاملے سمیت طاقتور مافیاز کے خلاف احتجاج کر کے عوام کو ان کے حقوق سے آگاہ کیا۔۔

بقیہ سحر 25

یا حج پورٹل کے ذریعے اپنے حج پیکیج کے دورانیے اور رہائش کی نوعیت میں ترمیم کر سکتے ہیں۔ عازمین کے لیے دو بیڈ، تین بیڈ کے الگ کمرے، 4 تا 6 افراد کے گروپ کے لیے فیملی روم یا شیئرنگ رہائش کے انتخاب کی سہولت بھی فراہم کر دی گئی ہے۔

بقیہ سحر 26

متعدد کنکشن حاصل کرنے کی اجازت دینے کی بھی تجویز پیش کی گئی ہے۔ نیشنل الیکٹرک پاور ریگولیٹری اتھارٹی (نیپرا) نے اپنے کنزیومر سروس مینوئل میں مجوزہ ترامیم پر عوام سے رائے طلب کر لی ہے۔۔

بقیہ سحر 27

پولیس لائنز تک پہنچنے کے لیے بارودی مواد سے بھری گاڑی کے علاوہ رکشہ اور موٹر سائیکل بھی استعمال کی، خودکش بمبار رکشے میں جبکہ 2 دہشتگرد موٹر سائیکل پر پولیس لائنز تک پہنچے۔ حکام کے مطابق ہلاک دہشتگرد پولیس لائنز حملے کے لیے آئی ای ڈیز، دستی بم اور بھاری اسلحہ ساتھ لائے تھے، جبکہ واردات سے قبل دہشتگردوں نے پولیس لائنز کی کئی بار ریکی بھی کی۔ تفتیشی حکام کے مطابق حملے میں ملوث سہولت کاروں کے خلاف بھی کارروائیاں جاری ہیں، سہولت کاروں میں دہشتگردوں کو مکان فراہم کرنے اور پولیس لائنز تک رسائی ممکن بنانے والے افراد شامل ہیں۔ حکام کے مطابق واقعے سے متعلق کچھ اہم شواہد فرانزک تجزیے کے لیے بھجوائے گئے ہیں، جبکہ مزید تفتیش جاری ہے۔

بقیہ سحر 28

فضائی میزبان دورانِ فلائنگ ڈیوٹی صرف ایک سگریٹ پیکٹ یعنی 20 سگریٹ اپنے ساتھ لے جا سکیں گے، ایک پیکٹ یا 20 سگریٹ سے زیادہ لے جانے کی اجازت نہیں ہوگی۔ سرکلر میں واضح کیا گیا کہ مقررہ حد سے زیادہ سگریٹ لے جانے والے فضائی میزبانوں کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی جبکہ خلاف ورزی پر انہیں معطل کرنے یا فلائنگ ڈیوٹی سے ہٹانے کی کارروائی بھی ہوسکتی ہے۔ پی آئی اے نے فضائی میزبانوں کو روانگی سے قبل ہونے والی بریفنگ میں نئی ہدایات سے آگاہ کرنے اور ان پر مکمل عملدرآمد یقینی بنانے کی ہدایت کر دی ہے۔ ذرائع کے مطابق چند روز قبل ملتان سے جدہ جانے والی پرواز کے پانچ فضائی میزبانوں سے بڑی تعداد میں سگریٹ کے پیکٹ برآمد ہوئے تھے۔ واقعے پر پانچوں فضائی میزبانوں کے خلاف پی آئی اے کے شعبہ ہیومن ریسورسز میں تحقیقات جاری ہیں۔

بقیہ سحر 29

نے اپنے سوشل میڈیا پلیٹ فارم پر نمایاں کر دیا۔ فلسطینی مشن کے مطابق وزیرِاعظم شہباز شریف نے جنرل اسمبلی سے خطاب میں فلسطین کا خصوصی ذکر کیا۔ وزیرِاعظم شہباز شریف نے فلسطینی خواتین، بچوں اور بزرگوں پر ہونے والے مظالم کو عالمی ضمیر کے سامنے اجاگر کیا۔ وزیرِاعظم نے عالمی برادری کے سامنے غزہ کے بچوں کے حقِ زندگی، بہتر مستقبل اور خوابوں کی تکمیل کا سوال اٹھایا۔

بقیہ سحر 30

م آباد کے ریڈزون کے اطراف کنٹینرز کی تعداد میں اضافہ ہونے لگا، داخلی و خارجی راستے کھلے ہیں مگر سڑکوں کے قریب کنٹینرز بھی رکھے گئے ہیں۔ ٹیکسلا میں پنجاب کے داخلی راستوں پر رکھے گئے کنٹینرز سائیڈ پر رکھ دیئے گئے ہیں جس کے بعد ٹریفک کی آمد ورفت معمول پر آ گئی۔ علاوہ ازیں اٹک پل پر رکاوٹیں ہٹا دی گئیں۔

بقیہ سحر 31

کسی فیڈر کو 24 گھنٹوں کے دوران 2 گھنٹے سے زائد بند رکھنے کی اجازت نہیں ہوگی دوسری جانب لیسکو میں رات کے اوقات میں بجلی کی لوڈشیڈنگ کا شیڈول بھی ترتیب دیا گیا ہے۔ ذرائع کے مطابق لاہور کے مختلف علاقوں میں شیڈول کے تحت 2 گھنٹے تک بجلی کی لوڈشیڈنگ ہونے لگی ہے۔

بقیہ سحر 32

31 دسمبر تک ریلوے سسٹم میں موجود تمام سکریپ کو ڈسپوز کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔ وزیرِ ریلوے حنیف عباسی نے وے برجز پر اوور لوڈنگ کا سخت نوٹس لیتے ہوئے شکایت پر فوری کارروائی کی ہدایت جاری کیں۔ اجلاس میں ڈویژنز میں جاری منصوبوں کی بروقت تکمیل کے لئے اہم فیصلے کئے گئے جس کے تحت ہیڈکوارٹرز آفس ڈویژنوں کی ڈیمانڈ کا 72 گھنٹے میں جواب دینے کا پابند ہوگا۔ حنیف عباسی نے کہا کہ تجاوزات کے خلاف آپریشن میں عملے کے ساتھ کھڑا ہوں، کسی دباؤ کو خاطر میں نہیں لایا جائے گا۔ تجاوزات کے خلاف کامیابی کے لئے نیب اور دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں کی مدد لی جا رہی ہے۔ وزیرِ ریلوے نے ہدایت کی کہ اپ گریڈ ہونے والی ٹرین کا ریک کسی صورت تبدیل نہ کیا جائے۔ وزیرِ ریلوے نے پہلی سہ ماہی میں 26 ارب آمدن حاصل کرنے پر اظہارِ اطمینان کرتے ہوئے انتظامیہ کو شاباش دی۔

بقیہ سحر 33

نافذ کرنے والے اداروں کے اہلکاروں کی شہادت کی شدید مذمت کرتے ہوئے دہشتگرد حملہ میں قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا۔ وزارت خزانہ کے مطابق سینیٹر محمد اورنگزیب نے فرض کی ادائیگی کے دوران شہید ہونے والے اہلکاروں کے اہلخانہ سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار بھی کیا۔

بقیہ سحر 34

کے باعث پاکستان کو غیر معمولی سیکورٹی چیلنج درپیش ہے اسلیے امریکی اتحادیوں کو بھی پاکستان کی دہشتگردی کے خلاف کوششوں میں تعاون پر آمادہ کیا جانا چاہیے

بقیہ سحر 35

گئیں، موٹروے پر رکھی گئی ریت کی بوریاں، موٹروے ایم ون سے لوہے کی شیٹیں اور کنٹینر ہٹانے کا کام دن بھر جاری رہا۔ ذرائع کے مطابق رکاوٹیں ہٹانے کے بعد موٹروے ایم ون بھی ٹریفک کے لیے کھول دیا جائے گا۔ ٹیکسلا میں پنجاب کے داخلی راستوں پر رکھے گئے کنٹینرز سائیڈ پر رکھ دیئے گئے ہیں جس کے بعد ٹریفک کی آمد ورفت معمول پر آ گئی۔ علاوہ ازیں اٹک پل پر رکاوٹیں ہٹا دی گئیں۔

بقیہ سحر 36

سہولیات اور مقامی برادریوں کی۔

بقیہ سحر 37

کے لیے کھانا لینے گئے، واپسی پر گاڑی میرا دوست چلا رہا تھا کہ اسی دوران اذان ہوگئی، میں نے کھانے کا بیگ کھولا تو اس میں سے اتنی بھاپ نکلی کہ ہر چیز دھندلا گئی۔ انہوں نے کہا کہ جب تک میرے دوست نے گاڑی کے شیشے صاف کیے گاڑی سڑک سے اتر کر کسی چیز ٹکرا چکی تھی، میں ونڈ اسکرین سے ٹکرا گیا، اس حادثے کے نتیجے میں میری دونوں آنکھوں کی بینائی چلی گئی تھی۔ ایچ ایس وائی نے کہا کہ اچانک بینائی سے محرومی نے مجھ پر گہرا اثر ڈالا، بینائی ختم ہونے کے بعد مجھے اپنے دیگر حواس پر زیادہ انحصار کرنا پڑا۔ انہوں نے بتایا کہ جب کسی کی آنکھیں کام کرنا چھوڑ دیتی ہیں تو اس کے دوسرے حواس زیادہ تیز ہو جاتے ہیں

بقیہ سحر 38

اور شفاف انتخابات کو وقت کی ضرورت قرار دیا آفاق احمد کا کہنا تھا کہ جس دن عوام کو یقین ہو گیا کہ ان کے ووٹ کی عزت ہے اور وہ ووٹ کے ذریعے تبدیلی لا سکتے ہیں انتخابی ٹرن آؤٹ میں نمایاں اضافہ ہوگا۔ انہوں نے ووٹ کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ ایسے نظام میں تبدیلی ممکن نہیں جہاں بدعنوان عناصر کو تحفظ حاصل ہو۔ کراچی کی صورتحال پر بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ شہر میں ڈکیتی کے دوران شہری قتل ہو جاتے ہیں اور ڈمپر حادثات میں بھی قیمتی جانیں ضائع ہو رہی ہیں لیکن ذمہ داروں کو سزائیں ملنے کے حوالے سے سوالات موجود ہیں۔ انہوں نے پکا قلعہ واقعے میں ہونے والی ہلاکتوں کا بھی ذکر کیا اور کہا کہ کراچی سے کسی کو ہمدردی نہیں۔

بقیہ سحر 39

اور گفت وشنید جاری رکھیں، مسائل حل کرنے کی نیت ہو تو راستہ ضرور نکلتا ہے۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر اپنے پیغام میں خواجہ سعد رفیق نے کہا کہ حکومتیں اور احتجاج کرنے والے اناؤں، ضدوں اور دھڑے بندیوں سے اوپر اٹھیں، آپ میں سے کوئی فاتح نہیں ہوگا کیونکہ سب ہار رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پہل ہمیشہ ریاست کرتی ہے، پہل کی جائے اور جانی و مالی نقصانات سے بچا جائے۔ ایک دوسرے کی عزت نفس کو تار تار کرنا کم ظرفی ہے، کوئی فخریہ کام نہیں، مہنگائی، بے روزگاری، ناانصافی اور دہشتگردی کی آگ میں جھلسا ہوا پاکستان کراہ رہا ہے، پکار رہا ہے، اس کی پکار سنی جائے۔ انہوں نے کہا کہ عام آدمی پس چکا ہے، اسے مباحثوں، ملاکھڑوں، الزامات، دھینگا مشتی اور خدمات کا ڈھنڈورا پیٹنے سے کوئی دلچسپی نہیں، جینا تقریباً ناممکن ہو چکا ہے۔ خواجہ سعد رفیق نے کہا کہ بروقت علاج نہ کیا جائے تو رستے ہوئے زخم ناسور بن جاتے ہیں، پھر ساری قوم دہائیوں تک اس کی قیمت ادا کرتی رہتی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ تاریخ لکھی جا رہی ہے، اسے قید کیا جا سکتا ہے نہ روکا جا سکتا ہے۔ لاعلاج زخم چھوڑ کر جانے والے ہمیشہ تاریخ کے کٹہرے میں کھڑے رہتے ہیں۔

بقیہ سحر 40

پیش آیا ہے۔ پولیس نے مقتول عدنان یوسف کے بھائی شہزاد یوسف کی مدعیت میں قتل بالسبب کے جرم میں مقدمہ درج کر لیا، 34 سالہ بھائی عدنان یوسف نجی ہاسنگ سوسائٹی میں پرائیویٹ ملازمت کرتا اور تین بچوں کا والد تھا . بھائی کے بچے اور اہلیہ گاں میں ہی مقیم ہیں۔ اپنے گھر ایبٹ آباد موجود تھے کہ فون پر اطلاع ملی کے چھوٹے بھائی عدنان یوسف کی نعش نجی سوسائٹی کے ہسپتال میں موجود ہے۔

بقیہ سحر 41

مکان دینے والے اور پولیس لائنز تک رسائی ممکن بنانیوالے افراد شامل ہیں۔ حکام کے مطابق اقعے سے متعلق کچھ اہم شواہد فارنزک کے لئے بھجوائے گئے ہیں

بقیہ سحر 42

دہشتگردوں کو جہنم واصل کرنے پر سکیورٹی فورسز کی پیشہ وارانہ صلاحیتوں کو سراہا۔ وزیر داخلہ نے کہا کہ سکیورٹی فورسز نے کامیاب آپریشنز کر کے دہشت گردوں کے مذموم عزائم کو ناکام بنایا۔ محسن نقوی نے کہا کہ سکیورٹی فورسز کے بہادر سپوت قوم کا سرمایہ افتخار ہیں، دہشتگردی کے خاتمے کیلئے قوم سکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ محسن نقوی نے کہا کہ فتنہ الہندوستان اور فتنہ الخوارج کے دہشتگردوں کے مکمل خاتمے تک آپریشنز جاری رہیں گے۔

بقیہ سحر 43

میں مسئلہ کشمیر کے پرامن اور منصفانہ حل کے لیے سفارتی اقدامات پر زور دیا گیا۔

بقیہ سحر 44

کر دی گئی ہے۔ پی ٹی اے کے مطابق جڑواں شہروں میں موبائل ڈیٹا اور وائی فائی سروسز اب معمول کے مطابق کام کر رہی ہیں۔ پی ٹی اے کے مطابق ایک ٹیلی کام آپریٹر کے نیٹ ورک میں آپٹیکل فائبر کیبل کٹنے سے سروس متاثر ہوئی تھی، جس کے باعث چند سروس فراہم کنندگان کے نیٹ ورک میں جزوی خرابی دیکھی گئی۔ پی ٹی اے نے کہا کہ انٹرنیٹ سروس میں خرابی مقامی اور گردونواح کے چند علاقوں تک محدود تھی، جبکہ ملک کے وسطی اور جنوبی علاقوں میں انٹرنیٹ سروس معمول کے مطابق جاری رہی۔ شمالی ریجن کے کچھ علاقوں میں بھی انٹرنیٹ سروس متاثر ہوئی تھی۔ پی ٹی اے کے مطابق تکنیکی ٹیموں نے آپٹیکل فائبر کیبل کی مرمت اور سروس کی بحالی کے لیے کام کیا، جس کے بعد زیادہ تر علاقوں میں سروسز بحال کر دی گئیں۔ راولپنڈی اور اسلام آباد میں انٹرنیٹ سروسز مکمل طور پر بحال ہو چکی ہیں اور اب انٹرنیٹ معمول کے مطابق کام کر رہا ہے۔

بقیہ سحر 45

مواد سے جنسی استحصال کے مبینہ شواہد ملے، جبکہ دورانِ تفتیش جنسی استحصال کے نیٹ ورک سے متعلق تفصیلات بھی حاصل ہوئیں۔ ایف آئی اے ترجمان کے مطابق خواتین کے جنسی استحصال میں ملوث گینگ کا سرغنہ سعودی عرب سے نیٹ ورک چلا رہا تھا، جبکہ ایجنٹ نے عمرہ ویزے کی آڑ میں خاتون کو سعودی عرب بھجوانے کے انتظامات کیے تھے۔ خاتون مسافر کے موبائل فون اور دیگر مواد کو مزید تحقیقات کے لیے تحویل میں لے لیا گیا ہے۔ خاتون مسافر اور گرفتار ایجنٹ کو ایف آئی اے اینٹی ہیومن ٹریفکنگ سرکل ملتان کے حوالے کر دیا گیا۔ ترجمان نے کہا کہ نیٹ ورک میں ملوث تمام عناصر کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی کی جائے گی۔

بقیہ سحر 46

دوران 70 افراد کو گرفتار کر لیا گیا، گرفتار افراد مبینہ طور پر غیر ملکی شہریوں سے فراڈ میں ملوث ہیں، کال سینٹر میں غیر قانونی سرگرمیاں جاری تھیں۔ این سی سی آئی اے ذرائع کے مطابق کال سینٹر سے دیگر سامان بھی تحویل میں لیا گیا ہے، گرفتار افراد سے مزید تفتیش شروع کر دی گئی

بقیہ سحر 47

ہے کہ ارکان اسمبلی کو حاصل پارلیمانی استحقاق کوئی نئی ایجاد نہیں ہے، پارلیمانی استحقاق کسی رکن اسمبلی کو قانون سے بالاتر نہیں بناتے، ہر رکن تفتیش، مقدمے اور عدالتی کارروائی کا سامنا کرے گا۔

بقیہ سحر 48

موصول ہونے والے قانونی معاملات پنجاب بار کونسل کو بھجوائے جائیں گے، جہاں ماہر وکلا مفت قانونی مشاورت اور رہنمائی فراہم کریں گے، دونوں اداروں کے درمیان کسی بھی اختلاف یا تنازع کو باہمی مشاورت کے ذریعے حل کیا جائیگا اس مفاہمتی تعاون کی مدت دو سال ہوگی، جس میں باہمی تحریری رضامندی سے توسیع کی جا سکے گی۔

بقیہ سحر 49

ہے اور اس کا تعلق ساہیوال سے ہے جب کہ وہ مبینہ طور پر مذکورہ خاتون کے خاندان کا ڈرائیور ہے، آڈیو گرفتار شخص کے موبائل فون سے ملی، جس کا فرانزک پنجاب فرانزک سائنس ایجنسی سے کرایا جائے گا۔ ڈی آئی جی آپریشنز نے دعویٰ کیا کہ پولیس اس بات کا بھی سراغ لگا رہی ہے کہ مبینہ طور پر افراد کو تربیت کہاں دی جا رہی ہے، باہر سے ایسے افراد کو لاہور لانے کی کوشش کی جا رہی ہے جن کے بارے میں مقامی پولیس کو پہلے سے علم نہ ہو۔

بقیہ سحر 50

ممالک کو منشیات کی علاقائی اور عالمی ترسیل کیلئے اہم راستوں میں تبدیل کر رہا ہے، افغانستان میں منشیات کی تجارت کاشت سے بڑھ کر خفیہ کیمیائی لیبارٹریوں تک پھیل چکی ہے، اسلام آباد میں امریکی سفارت خانے کے مطابق افغانستان سے سری لنکا اسمگل کی جانے والی 2 کروڑ 10 لاکھ ڈالرز کی آئس پکڑی گئی ہے۔

بقیہ سحر 51

کیے ہیں جبکہ اسٹیل، ادویہ سازی اور ہیلتھ ٹیکنالوجی کے شعبوں سے وابستہ کمپنیوں کے ساتھ بھی الگ الگ بات چیت کی ہے۔ ان اقدامات کا مقصد پاکستان اور چین کے درمیان صنعتی اور تجارتی روابط کو مزید وسعت دینا ہے۔ گوادر پرو کے مطابق گوئی ژو چیمبر آف کامرس کے زیر اہتمام منعقدہ گوئی ژو۔ پاکستان اقتصادی وتجارتی سمپوزیم کے موقع پر کمپنی نے گوئی ژو میں قائم چار کاروباری اداروں کے ساتھ مفاہمت کی یادداشتوں (MoUs) اور شراکت داری کے معاہدوں پر دستخط کیے

بقیہ سحر 52

کے تنظیمی ڈھانچے، سرگرمیوں اور کارکردگی کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ قائم مقام صوبائی چیئرمین نے بتایا کہ خیبر پختونخوا بھر میں پاکستان بوائز سکاؤٹس ایسوسی ایشن سے تقریباً ایک لاکھ بوائے سکاؤٹس وابستہ ہیں، جو مختلف سماجی، تربیتی اور فلاحی سرگرمیوں میں حصہ لے رہے ہیں۔ انہوں نے صوبے میں سکاؤٹس کی تربیت کے لیے موجود سہولیات سے بھی گورنر کو آگاہ کیا، جن میں ایبٹ آباد اور کبل سوات میں قائم ٹریننگ سینٹرز شامل ہیں۔ گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے سکاؤٹنگ کی سرگرمیوں اور نوجوانوں کی کردار سازی میں پاکستان بوائز سکاؤٹس ایسوسی ایشن کے کردار کو سراہا۔ انہوں نے کہا کہ نوجوانوں میں نظم وضبط، خدمتِ خلق، قیادت اور قومی ذمہ داری کا شعور اجاگر کرنے کے لیے سکاؤٹنگ ایک اہم پلیٹ فارم ہے۔ قائم مقام صوبائی کمشنر شمس خان نے گورنر خیبر پختونخوا کو صوبائی ہیڈکوارٹر کے دورے کی دعوت دی اور تنظیم کی سرگرمیوں میں دلچسپی لینے پر ان کا شکریہ ادا کیا

بقیہ سحر 53

کہا کہ یونیورسٹی روڈ کے 2.7 کلومیٹر حصے میں مزید ایک آدھ ماہ لگے گا، جبکہ کے فور آگمنٹیشن کی لائن بھی بچھائی جا رہی ہے۔ شرجیل میمن کا کہنا ہے کہ یونیورسٹی روڈ پر مکسڈ لین بنادی گئی ہے، کام کے دوران ایف ڈبلیو او کو بھی کئی چیلنجز کا سامنا رہا۔ صوبائی وزیر نے کہا ہے کہ کراچی کے ہر سیکٹر میں کام کرنا ہے، کے ایم سی بھی شہر میں کام کر رہی ہے اور اربوں روپے کا انفرا اسٹرکچر بنایا جا رہا ہے، کراچی میں دن رات کام ہو رہا ہے، شہر بڑا ہے اور یہاں چیلنجز بھی بڑے ہیں۔

بقیہ سحر 54

کرکٹ میچز کھیلے جا چکے ہیں، جبکہ مزید 24 سکولز کی انٹری کے بعد شریک سکولوں کی مجموعی تعداد 1424 ہوگئی ہے ٹورنامنٹ کا باقاعدہ افتتاح چیئرمین پی سی بی محسن نقوی نے قذافی سٹیڈیم لاہور میں کیا تھا۔ ٹورنامنٹ میں نوجوان کرکٹرز کی جانب سے شاندار کارکردگی کا سلسلہ جاری ہے، اب تک 83 بلے باز سنچریاں جبکہ 8 کھلاڑی ڈبل سنچریاں اسکور کر چکے ہیں۔

بقیہ سحر 55

مظاہرہ کیا جس میں بین الاقوامی توجہ جموں وکشمیر کے حل طلب سوال کی طرف مبذول کرائی گئی اور اقوام متحدہ پر زور دیا گیا کہ وہ کشمیر سے متعلق اپنے وعدوں کو پورا کرے۔ تیز ہواؤں اور موسلا دھار بارش کے باوجود، مظاہرین، جن میں سے زیادہ تر خواتین اور بچے ہیں، بینرز اور پلے کارڈز اٹھائے اقوام متحدہ کے باہر کھڑے رہے اور امن، انصاف اور کشمیر کے لوگوں کے اپنے سیاسی مستقبل کا تعین کرنے کے حق کی حمایت میں نعرے بلند کر رہے تھے۔

بقیہ سحر 56

برباد کرنے میں کوئی کسر باقی نہیں چھوڑی، نام نہاد جمہوریت کے دعویداروں نے پی ٹی آئی سے پرامن احتجاج کا حق بھی چھین لیا۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ دہائیوں سے قابض دونوں جماعتوں نے ملک کو تباہ و برباد کر دیا، ان کی پہلی ترجیح تحریک انصاف کو انتقام کا بدترین نشانہ بنانا ہے، دونوں جماعتوں نے لوٹ مار کے اگلے پچھلے اپنے تمام ریکارڈ توڑ دیئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی اور (ن) لیگ نے عوام کو بیروزگاری کے تحفے کے سوا کچھ نہیں دیا، عوام ان کا کڑا محاسبہ کریں گے۔

بقیہ سحر 57

میں 2 6 فیصد، کارڈیالوجی کے مریضوں میں 12 فیصد اور سرجری کے مریضوں میں 10 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔ سرکاری ہسپتالوں میں بچوں اور امراض جلد کے مریضوں میں 9، 9 فیصد اضافہ ہوا ہے۔ سرکاری ہسپتالوں میں آنے والے ای این ٹی کے مریض 7 فیصد بڑھ گئے۔ کینسر اور کارڈیک میڈیسن کے 21 لاکھ سے زائد پارسل مریضوں کو مل گئے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی زیرِ صدارت سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن کے خصوصی اجلاس میں سرکاری ہسپتالوں میں مریضوں کی آمد اور علاج سے متعلق تفصیلی رپورٹ پیش کی گئی۔

بقیہ سحر 58

ملزم تنویر کی ملکیت ہے جسے پولیس نے تحویل میں لے لیا ہے۔ پولیس ترجمان کے مطابق واقعے میں اب تک 3 افراد کو حراست میں لیا گیا ہے

بقیہ سحر 59

اور ڈائریکٹر سپورٹس ڈاکٹر سمیرا ستار نے خدیجہ عافیت کو شاندار کامیابی پر مبارکباد دیتے ہوئے اسے یونیورسٹی کے لیے باعثِ فخر قرار دیا۔ ان کا کہنا تھا کہ طالبات کی قومی سطح پر کھیلوں کے میدان میں نمایاں کامیابیاں LCWU کی جانب سے کھیلوں کے فروغ اور طالبات کی ہمہ جہت تربیت کے عزم کی عکاس ہیں۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ خدیجہ عافیت کی کامیابی دیگر طالبات کے لیے بھی کھیلوں میں آگے بڑھنے اور ملک وقوم کا نام روشن کرنے کا باعث بنے گی۔

بقیہ سحر 60

کے مطابق پولیو ایک لاعلاج مرض ہے، تاہم ویکسین کے ذریعے اس سے بچاؤ ممکن ہے۔ نیشنل ای او سی نے والدین سے اپیل کی ہے کہ پولیو ورکرز سے تعاون کریں اور پانچ سال تک کے ہر بچے کو پولیو مہم کے دوران پولیو سے بچاؤ کے قطرے لازمی پلوائیں

بقیہ سحر 61

ہماری اولین ترجیح ہے، چیمبر کی قیادت سنبھالنے کے بعد اس سمت میں بھرپور توجہ دی جائے گی۔ مبارکباد دینے آنے والوں سے ملاقات میں گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ انتخابی مہم کے دوران کاروباری برادری سے کئے گئے وعدوں کی تکمیل کیلئے کوئی کسر اٹھا نہیں رکھیں گے۔ لاہور کی کاروباری برادری کو درپیش دیرینہ مسائل کے حل کیلئے متعلقہ حکام سے موثر رابطہ کیا جائے گا اور عملی اقدامات یقینی بنانے کی کوشش کی جائے گی۔

علی حسام اصغر نے کہا کہ چیمبر ہر شعبے اور ہر طبقے کے تاجروں و صنعتکاروں کی بلا تفریق نمائندگی کرے گا۔ کاروبار کیلئے سازگار ماحول، سرمایہ کاری میں اضافہ اور صنعتی و تجارتی سرگرمیوں کے فروغ سے لاہور کی معیشت کو مزید مضبوط بنایا جا سکتا ہے۔

بقیہ سحر 62

خریدے اور زیادہ تر رقم وہیں خرچ کر دی۔ ویڈیو وائرل ہونے کے بعد سوشل میڈیا صارفین کی بڑی تعداد نے اس اقدام کو تنقید کا نشانہ بنایا۔ کچھ صارفین نے کہا کہ عوام کے سامنے اس طرح دولت کی نمائش مناسب نہیں، جبکہ دیگر نے اسے غیر ضروری دکھاوا قرار دیا۔ کچھ افراد نے کہا کہ مسئلہ پیسہ خرچ کرنے کا نہیں بلکہ اسے سوشل میڈیا پر دکھانے کا ہے۔ دوسری جانب چند صارفین کا کہنا تھا کہ تنقید کے باوجود ایسے وی لاگز سے یوٹیوبرز کو مزید شہرت اور آمدن حاصل ہوتی ہے۔

بقیہ سحر 63

پاکستان کے نائب امیر لیاقت بلوچ، جاوید قصوری سے منصورہ میں ملاقات کی اور جماعت اسلامی پاکستان کے نائب امیر حافظ محمد ادریس مرحوم کی وفات پر تعزیت کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ حافظ محمد ادریس نے اپنی ساری زندگی دین کی اشاعت کیلئے گزاری، ان کی وفات سے دینی حلقہ ایک بہترین عالم دین سے محروم ہو گئے ہیں۔

بقیہ سحر 64

، جبکہ ایجنٹ نے عمرہ ویزے کی آڑ میں خاتون کو سعودی عرب بھجوانے کے انتظامات کیے تھے۔ خاتون مسافر کے موبائل فون اور دیگر مواد کو مزید تحقیقات کے لیے تحویل میں لے لیا گیا ہے۔ خاتون مسافر اور گرفتار ایجنٹ کو ایف آئی اے اینٹی ہیومن ٹریفکنگ سرکل ملتان کے حوالے کر دیا گیا۔ ترجمان کے مطابق نیٹ ورک میں ملوث تمام عناصر کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی کی جائے گی۔

بقیہ سحر 65

چھت کا کام آئندہ 15 روز میں مکمل کر لیا جائے گا جبکہ زنانہ لنگر خانے کی بیسمنٹ میں چھت کی سطح تک کالمز کی تعمیر بھی مکمل کر دی جائے گی۔ ڈاکٹر احسان بھٹہ نے ہدایت کی کہ ترقیاتی کاموں کی رفتار مزید تیز کی جائے اور مقررہ مدت میں منصوبوں کی تکمیل یقینی بنائی جائے، تاہم کام کی رفتار کے ساتھ تعمیراتی معیار، ساختی مضبوطی اور حفاظتی تقاضوں کو بھی ہر صورت ملحوظ رکھا جائے۔ انہوں نے کہا کہ زائرین کی سہولت کے لیے جاری بڑے تعمیراتی وتوسیعی منصوبوں کی بروقت تکمیل ناگزیر ہے، اس لیے متعلقہ افسران اور کنٹریکٹرز کام کی مسلسل نگرانی کریں

بقیہ سحر 66

اور صلاحیتوں کا اظہار ہے، گلگت بلتستان سے تعلق رکھنے والی منیشہ علی نے عالمی مقابلے میں پاکستان کی نمائندگی کرتے ہوئے گولڈ میڈل حاصل کیا، جو ملک کے لیے باعثِ فخر ہے۔ انہوں نے کہا کہ چند روز قبل پاکستان ایم ایم اے ٹیم کی انگولا روانگی سے قبل لاہور میں میڈیا انٹرایکشن کے دوران ٹیم کے ارکان نے عالمی مقابلے میں پاکستان کی نمائندگی کے عزم کا اظہار کیا تھا۔ منیشہ علی کی کامیابی اسی سفر کا قابلِ فخر نتیجہ ہے۔ ایگزیکٹو ڈائریکٹر الحمرا نے کہا کہ کھیل ہماری ثقافتی زندگی کا بھی اہم حصہ ہیں

بقیہ سحر 67

14 ملین روپے سے بڑھ کر 74 ملین روپے تک پہنچ گئی۔ آڈٹ رپورٹ میں ترقیاتی سکیموں میں تاخیر کے ذمہ داروں کا تعین کرنے کی سفارش کرتے ہوئے تحقیقات کرانے کی سفارش کی گئی ہے۔ ڈسٹرکٹ ہیلتھ اتھارٹی کی کمزور مالی گرفت پر بھی آڈٹ ڈیپارٹمنٹ نے تشویش کا اظہار کیا ہے۔

بقیہ سحر 68

میں آلو کے نرخ جاری نہیں کئے گئے تاہم اوپن مارکیٹ میں مختلف مقامات پر فی کلو 40 سے 50 روپے تک فروخت ہوا، ادرک تھائی لینڈ 3 8 5 کی بجائے 4 5 0، ادرک چائنہ 3 5 0 کی بجائے 4 0 0 سے 4 2 0، اروی 9 0 کی بجائے 1 4 0، بینگن 7 0 کی بجائے 1 2 0 سے 1 4 0، بند گوبھی 1 5 0 کی بجائے 2 0 0، بھنڈی 1 8 0 کی بجائے 250 سے 260، روپے فروخت ہوا۔

بقیہ سحر 69

قالینوں کی 42 ویں عالمی نمائش صنعت کی مجموعی گروتھ، نئے برآمدی مواقع پیدا کرنے اور قیمتی زرمبادلہ کمانے کے حوالے سے اہم سنگ میل ثابت ہوگی، مختلف ممالک سے 100 کے قریب غیر ملکی خریداروں کی شرکت کیلئے رجسٹریشن نہایت حوصلہ افزا ہے، نمائش کے نتیجے میں پاکستانی قالینوں کیلئے نئی عالمی منڈیوں کے دروازے کھلنے اور صنعت کی مجموعی ترقی کو نمایاں تقویت ملنے کی توقع ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے لاہور کے مقامی ہوٹل میں 6 سے 8 اکتوبر تک منعقد ہونے والی عالمی نمائش کی تیاریوں کے حوالے سے جائزہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر پیٹرن انچیف عبد اللطیف ملک، چیئر پرسن کارپٹ ٹریننگ انسٹی ٹیوٹ اعجاز الرحمٰن، سینئر ممبر عثمان اشرف، سعید خان سمیت دیگر بھی موجود تھے۔ میاں عتیق الرحمٰن اور ریاض احمد نے کہا کہ عالمی نمائش کے انعقاد سے ہاتھ سے بنے قالینوں کی صنعت کو نئی عالمی منڈیوں تک رسائی، براہ راست خریداروں سے روابط اور برآمدی سودوں کے حصول کے حوالے سے بڑی توقعات وابستہ ہیں۔ غیر ملکی خریداروں کی بڑی تعداد میں شرکت اس امر کا واضح اظہار ہے کہ پاکستانی ہاتھ سے بنے قالین اب بھی عالمی منڈی میں اپنی منفرد شناخت اور کاروباری اہمیت رکھتے ہیں

بقیہ سحر 70

کو برآمد کروایا جائے اور ملزمان کو گرفتار کر کے قانون کے مطابق سزا دلوائی جائے۔

بقیہ سحر 71

کو مبارکباد دی گورنر فیصل کریم کنڈی نے نجی شعبے میں سرمایہ کاری کرنے والوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ خیبر پختونخوا میں موجودہ طبی سہولیات کے تناظر میں نجی ہسپتال کا قیام اور اس کا آغاز صوبے کے عوام کے لیے نیک شگون ہے۔ انہوں نے کہا کہ صوبے کی آبادی میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے، جس کے پیش نظر دور دراز اضلاع سمیت مختلف علاقوں میں مزید سرکاری اور نجی ہسپتالوں کے قیام کی اشد ضرورت ہے۔

بقیہ سحر 72

ڈالر جبکہ درآمدات 15.2 فیصد اضافے سے 7 . 1 ارب ڈالر تک پہنچ گئیں، زرعی درآمدات برآمدات کے مقابلے میں دوگنا ہونا ملکی معیشت کیلئے لمحہ فکریہ ہے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ جدید زرعی تحقیق، ٹیکنالوجی اور ویلیو ایڈیشن کی کمی کے باعث پاکستان عالمی منڈی میں اپنی مصنوعات کی مسابقتی صلاحیت بہتر نہیں بنا سکا۔ عالمی معیار اور رجحانات کے مطابق لاہور، کراچی اور اسلام آباد میں زرعی شعبے کیلئے جدید اداروں اور یونیورسٹیوں کا قیام ناگزیر ہے، لاہور میں تحقیق، جدید ٹیکنالوجی، جدت اور کسانوں کی تربیت پر توجہ دینے والی ایگریکلچر یونیورسٹیز قائم کی جانی چاہیے

بقیہ سحر 73

ء کے درمیان موثر رابطوں اور دوستانہ ماحول کو فروغ دینے کے لئے تجاویز بھی کی گئی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ملاقات میں وکلاء کے خلاف انسداد دہشت گردی ایکٹ کی دفعہ ATA-7 کے تحت ایف آئی آرز کے اندراج کا معاملے پر بھی تفصیلی گفتگو ہوئی، آئی جی پنجاب سے مطالبہ کیا کہ وکلاء کے خلاف انسداد دہشت گردی کی دفعات کے تحت مقدمات کا اندراج فی الفور روکا جائے

پی سی بی ٹیلنٹ ہنٹ پروگرام فار سکولز سیزن ٹو

پی سی بی کا 40 اوورز کے میچز پر مشتمل سکولز کرکٹ ٹورنامنٹ 100 اضلاع میں جاری

Aichi-Nagoya 2026

لاہور (سپورٹس رپورٹر) پی سی بی ٹیلنٹ ہنٹ پروگرام فار سکولز سیزن ٹو۔ پی سی بی کا 40 اوورز کے میچز پر مشتمل سکولز کرکٹ ٹورنامنٹ 100 اضلاع میں جاری۔ ٹورنامنٹ میں 21000 سٹوڈنٹس حصہ لے رہے ہیں۔ 19 ستمبر سے اب تک 500 کے قریب سکول کرکٹ میچز کا انعقاد ٹورنامنٹ کا باقاعدہ افتتاح چیئرمین پی سی بی محسن نقوی نے قذافی سٹیڈیم لاہور میں کیا تھا۔ ٹورنامنٹ میں 24 مزید سکولز کی انٹری، تعداد بڑھ کر 1424 ہوگئی ٹورنامنٹ میں اب تک 83 بلے باز سنچریاں جبکہ 8 کھلاڑیوں نے ڈبل سنچریاں اسکور کی ہیں ڈبل سنچری کرنے والے بلے بازوں میں اسلام آباد سے بیت اللہ وزیر، حر علی مہدی، فواد عالم اور ابو معاویہ شامل دیگر ڈبل سنچوریز میں خضدار سے اسد مینگل، لاہور سے ارمان سعید، قصور سے نعمان صفدر اور گوجرانوالہ سے عمران احمد شامل ٹورنامنٹ میں اب تک 216 باؤلرز پانچ یا زائد وکٹیں حاصل کر چکے ہیں۔ فاٹا ریجن کے فاسٹ باؤلر آصف خان نے ایک میچ میں تمام 10 وکٹیں حاصل کر کے شاندار کارنامہ انجام دیا اسلام آباد سے تعلق رکھنے والے محمد ساحل کی ایک اننگز میں نو وکٹیں حاصل کیں

پاکستان جس میچ کی وجہ سے باہر ہوا وہ تھائی لینڈ سے شکست ہے، محمد رمضان گھمن

ایشین گیمز یا کسی بھی میگا ایونٹ میں پہلی مرتبہ پاکستان میڈل اور سیمی فائنل سے باہر ہونے کا افسوس ہے

FRIENDSHIP SUMMER GAMES
LAHORE
24-28

لاہور (عبدالقیوم سے) پاکستان کبڈی فیڈریشن کے نائب صدر محمد رمضان گھمن نے کہا ہے کہ ایشین گیمز یا کسی بھی میگا ایونٹ میں پہلی مرتبہ پاکستان میڈل اور سیمی فائنل سے باہر ہونے کا افسوس ہے۔ پاکستان جس میچ کی وجہ سے باہر ہوا وہ تھائی لینڈ سے شکست ہے لیکن یہ میچ ہارنے والا نہیں تھا پاکستان یہ میچ جیت رہا تھا لیکن آخری چند منٹ میں کوچ کی جانب سے حکمت عملی نہ بنائی گئی جسکے باعث حریف تھائی لینڈ نے کامیابی حاصل کی۔ انکا کہنا ہے ہارے ضرور ہیں لیکن اسکی کی وجوہات ہیں۔ سب سے اہم بات یہ ہے کہ پاکستان ٹیم کا کسی بھی ایونٹ کے لئے لگایا جانے والا کیمپ چند ہفتوں کا ہوتا ہے۔ جس سے ٹیم کے کھلاڑیوں کا کمبینیشن نہیں بن پاتا تمام کھلاڑی مختلف اداروں کے ہوتے اور اداروں میں بھی سال بھر کیمپ نہیں لگتے ٹیم اداروں کے کھلاڑیوں پر مشتمل ہوتی ہے مختصر کیمپ میں کھلاڑیوں کا آپس میں تال میل نہیں ہوتا۔ اس کے علاوہ کبڈی بہت آگے نکل گئی ہے دوسرے ممالک اس پر بہت پیسہ لگا رہے ہیں۔ رمضان گھمن نے کہا کبڈی زیادہ تر پنجاب میں لاہور فیصل آباد اور سرگودھا کے گردونواح میں ہوتی لیکن پاکستان میں پنجاب میں وہ کام نہیں ہو رہا جو ہونا چاہیئے۔ انکا مزید کہنا ہے کبڈی ہمیشہ میڈل جیت کر آئی ہے لیکن پہلی مرتبہ اگر نہ جیت سکی تو کبڈی ختم نہیں ہوئی کرکٹ پر حکومت اور سپانسر اربوں روپے لگاتے ہیں اور اس نے ہمیشہ قوم کو مایوس کیا پہلے مرحلے میں ہی باہر ہو جاتے ہیں لیکن اس پر کوئی تنقید نہیں ہوتی ہاکی اور دیگر کھیل میں بھی ہارتے ہیں۔ لیکن کیونکہ کبڈی ہمیشہ جیتی رہی اس لئے ہار برداشت نہ ہو سکی۔ آئندہ میگا ایونٹ کے لئے حکومتی سطح پر کم از کم چھ ماہ کا تربیتی کیمپ لگایا جائے تاکہ قومی ٹیم میڈل جیت سکے انکا کہنا ہے ک پاکستان کبڈی صرف رانا سرور کی وجہ سے چل رہی ہے اگر رانا سرور نہ ہو تو پاکستان کو عالمی مقابلوں میں شرکت کرنا بھی مشکل ہو جائے اس لئے ملکی سطح ایونٹ اور لیگ کا انعقاد کیا جائے تاکہ پاکستان عالمی سطح پر دیگر ٹیموں کے ہم پلہ ہو سکے۔ آخر میں رانا سرور کو ورلڈ کا ایڈوائزر بنائے جانے پر سیکرٹری پاکستان کبڈی فیڈریشن رانا محمد سرور کو مبارکباد بھی پیش کی ہے۔۔۔

لاہور چیمبرز کے 2026-28 انتخابات میں من پسند میڈیا رسائی پر سوالات اٹھنے لگے

ایل سی سی آئی میں میڈیا انٹری کارڈز جاری کرنے کا معیار کیا تھا اور کیا یہ معیار تمام صحافیوں پر یکساں طور پر لاگو کیا گیا؟

لاہور (کامرس رپورٹر) لاہور چیمبرز آف کامرس انڈسٹریز کے 2026-28 انتخابات میں من پسند میڈیا رسائی پر سوالات اٹھنے لگے، پی آر او تیمور ملک کا کردار زیر بحث آزادانہ صحافت سے روکنے کے لئے لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (ایل سی سی آئی) کے انتخابات کی کوریج کے دوران بعض صحافیوں کو انٹری کارڈز جاری نہ کیے گئے جبکہ دیگر میڈیا نمائندوں کو کال کر کے کارڈ جاری کئے گئے۔ لہذا ایکریڈیٹیشن کے طریقہ کار پر سوالات اٹھ گئے۔ صحافیوں کے مطابق ایل سی سی آئی کے پی آر او میڈیا سے متعلق انٹری انتظامات کی کوآرڈینیشن میں شامل تھے اور متعدد صحافیوں سے رابطہ کر کے انہیں انتخابی مقام میں داخلے کے لیے کارڈز فراہم کیے گئے، تاہم بعض صحافی جو باقاعدگی سے ایل سی سی آئی اور کاروباری سرگرمیوں کی کوریج کرتے ہیں، انہیں انٹری کارڈز جاری نہیں کیے گئے۔ اس صورتحال کے باعث صحافتی حلقوں میں سوال اٹھایا جا رہا ہے کہ میڈیا کارڈز کے لیے کیا معیار مقرر کیا گیا تھا اور آیا تمام صحافیوں کے لیے یکساں طریقہ کار اختیار کیا گیا یا پسند نہ پسند کے تحت کام کیا اس مد میں اگر انٹری کارڈز کی تعداد محدود تھی تو اس کی بنیاد کیا تھی، صحافیوں کی فہرست کس نے تیار کی اور مختلف میڈیا اداروں کے نمائندوں کو کارڈز جاری کرنے کے لیے کون سے اصول اپنائے گئے۔ بعض صحافیوں کی جانب سے یہ تاثر بھی سامنے آیا کہ میڈیا رسائی کے انتظامات میں یکساں رویہ اختیار نہیں کیا گیا۔ تاہم اس حوالے سے کسی مخصوص صحافی کو کارڈ جاری نہ کیے جانے کی وجہ یا اس کے پس پردہ مقصد کے بارے میں کوئی حتمی نتیجہ اخذ نہیں کیا جا سکتا۔ پی آر او سے یہ وضاحت ضروری ہے کہ آیا انٹری کارڈز کسی پیشگی منظور شدہ فہرست کے تحت جاری کیے گئے، کیا کارڈز کی تعداد محدود تھی، اور جن صحافیوں کو کارڈز نہیں ملے ان کے لیے متبادل کوریج انتظامات کیوں نہیں کیے گئے۔ ایل سی سی آئی کے انتخابات لاہور کی کاروباری برادری کے لیے اہم سرگرمی ہیں، جبکہ کارپوریٹ کلاس کی پولنگ میں ساڑھے پانچ ہزار رجسٹرڈ ووٹرز شامل تھے۔ ایسوسی ایٹ کلاس کی پولنگ 24 ستمبر کو ہوئی نو ہزار سے زائد ووٹرز نے ووٹ کاسٹ کئے۔ ایسے اہم انتخابی عمل کی کوریج کے لیے میڈیا کو یکساں اور شفاف رسائی فراہم کرنا صحافیوں کو پولنگ، ووٹر ٹرن آؤٹ، امیدواروں کی سرگرمیوں اور انتخابی انتظامات کی آزادانہ رپورٹنگ میں مدد دیتا ہے۔ اس معاملے میں بنیادی سوال یہی ہے کہ ایل سی سی آئی میں میڈیا انٹری کارڈز جاری کرنے کا معیار کیا تھا اور کیا یہ معیار تمام صحافیوں پر یکساں طور پر لاگو کیا گیا؟ ایل سی سی آئی میڈیا کا مؤقف سامنے آنے کے بعد اسے بھی خبر میں شامل کیا جانا چاہیے تاکہ میڈیا ایکریڈیٹیشن کے معاملے پر دونوں پہلو واضح ہو سکیں۔

انعام اللہ کا اسٹیشن کا مسافروں کیلئے سہولیات میں مزید بہتری کے حوالے سے خصوصی دورہ

ڈی ایس ریلوے لاہور نے خصوصی طور پر پلیٹ فارم نمبر 2 اور 1 پر پلیٹ فارمز کی لمبائی میں توسیع کے کام کا معائنہ کیا

لاہور (وقائع نگار) ڈویژنل سپرنٹنڈنٹ پاکستان ریلوے لاہور انعام اللہ نے افسران کے ہمراہ چھٹی کے روز لاہور ریلوے اسٹیشن کا مسافروں کیلئے سہولیات میں مزید بہتری کے حوالے سے خصوصی دورہ کیا اور مختلف ترقیاتی، تزئین و آرائش اور تعمیراتی کاموں کا تفصیلی معائنہ کیا۔ ڈی ایس ریلوے لاہور نے خصوصی طور پر پلیٹ فارم نمبر 2 اور 1 پر پلیٹ فارمز کی لمبائی میں توسیع کے کام کا معائنہ کیا اور متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ کام کو مقررہ معیار کے مطابق جلد از جلد مکمل کیا جائے۔ اسٹیشن پر مسافروں کیلئے دستیاب سہولیات کا معائنہ کرتے ہوئے ڈی ایس ریلوے لاہور کا کہنا تھا کہ مسافر ریلوے کا قیمتی اثاثہ ہیں تاہم مسافروں کے لیے بہترین سہولیات کی دستیابی یقینی بنائی جائے گی۔ دورے کے موقع پر ڈویژنل کمرشل آفیسر عبداللہ ارشد، ڈویژنل الیکٹریکل ایگزیکٹو انجینئر غلام مرتضی سمیت دیگر افسران اور متعلقہ عملہ بھی موجود تھا۔

الحمدللہ! علی حسام اصغر کو لاہور کی کاروباری کمیونٹی نے بھرپور طریقہ سے سپورٹ کیا ہے، چوہدری ناصر صدیق کمبوہ

لاہور (عبدالقیوم سے) لاہور چیمبرز آف کامرس انڈسٹریز کے 2026-28 کے انتخابات میں کامیابی پر آل پاکستان این جی اوز ایسوسی ایشن کے صدر چوہدری ناصر صدیق کمبوہ نے حسام اصغر اور انکی پوری ٹیم کو مبارکباد کا پیغام دیتے ہوئے کہا کہ الحمدللہ! علی حسام اصغر کو لاہور کی کاروباری کمیونٹی نے بھرپور طریقہ سے سپورٹ کیا ہے۔ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کا صدر منتخب ہونے پر دل کی گہرائیوں سے اپنی ایسوسی ایشن کی جانب سے مبارکباد پیش کرتے ہیں۔ دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ انکو اس نئی ذمہ داری میں کامیابی عطا فرمائے اور انکی قیادت میں لاہور کی تاجر برادری ترقی اور خوشحالی کی نئی منازل طے کرے۔ چوہدری ناصر نے مزید کہا کہ وہ ایسوسی ایشن لائنز صدر مال روڈ کی حیثیت سے امید ہے کہ وہ تاجروں کے مسائل کو بہتر طریقہ سے حل کریں گے کیونکہ مال روڈ کے تاجروں نے بھرپور ساتھ دیا ہے۔ اسکے ساتھ ساتھ وہ سی ای او سی این کی جانب سے حسام کی شاندار کامیابی کو حسام اصغر کی محنت اور لگن کا نتیجہ ہے جنہوں نے ہر سطح پر حسام کا ساتھ دیا اور انکی کامیابی میں بھرپور ساتھ دیا۔ خواہ تمام ایسوسی ایشن نے حسام کی صلاحیتوں کو سراہتے ہوئے انکو ووٹ دیا اب حسام اصغر کو چاہیئے تمام بزنس کمیونٹی کے ساتھ کھڑے ہو اور انکے مسائل کا مثبت حل تلاش کریں۔۔۔

امریکی کانگریس میں پاکستان کاکس کے چیئرمین کانگریس مین ٹام شوازی اور ماہر امور خارجہ محمد مہدی ملاقات کررہے ہیں

پاکستان دنیا میں دہشتگردی سے برکینا فاسو سے بھی زیادہ متاثر ہے، ٹام شوازی

نہ صرف امریکہ اتحادیوں کو بھی پاکستان کی دہشتگردی کیخلاف کوششوں میں تعاون پر آمادہ کیا جانا چاہیے، غیرملکی سرمایہ کاری کے فروغ کیلئے آزاد ثالثی بورڈ قائم کیا جائے' امریکی کانگریس میں پاکستان کاکس کے چیئرمین

2025 میں پاکستان میں انہوں نے کرتارپور صاحب کا دورہ کیا تھا اور امید ظاہر کی کہ کرتارپور کو دونوں ممالک کے درمیان کشیدگی کم کرنے کے ذریعے کے طور پر استعمال کیا جاسکتا ہے

نیویارک (فارن ڈیسک) امریکی کانگریس میں پاکستان کاکس کے چیئرمین کانگریس مین ٹام شوازی نے ماہر امور خارجہ محمد مہدی سے نیویارک میں ملاقات کی۔ امریکی کانگریس مین ٹام شوازی نے کہا ہے کہ پاکستان دنیا میں دہشتگردی سے سب سے زیادہ متاثر ہونے والے ممالک میں شامل ہے بلکہ دہشتگردی کے اثرات کے اعتبار سے وہ برکینا فاسو سے بھی زیادہ متاثر ہوا ہے۔ انہوں نے کہا کہ امریکہ کو پاکستان کی سلامتی کے لیے ہر ممکن تعاون کرنا چاہیے جس میں انٹیلی جنس کے تبادلے کے ساتھ دہشتگردی کے خلاف دفاعی صلاحیت بڑھانے میں معاونت بھی شامل ہے۔ سوزی نے کہا کہ دشوارگزار اور پہاڑی سرحدوں (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 34)

کراچی: سندھ کے سینئر وزیر شرجیل میمن میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے

اقوام متحدہ ہیڈکوارٹرز کے باہر کشمیری امریکی کمیونٹیز کے زیراہتمام احتجاجی مظاہرہ

مظاہرین کا اقوام متحدہ سے کشمیر سے متعلق اپنی قراردادوں پر عملدرآمد اور کشمیریوں کے حقِ خودارادیت کی حمایت کا مطالبہ

مظاہرے کے اختتام پر اقوام متحدہ کے حکام کو ایک یادداشت پیش کی گئی

نیویارک (مانیٹرنگ ڈیسک) اقوام متحدہ کے ہیڈکوارٹرز کے باہر ورلڈ کشمیر اویئرنس فورم اور نیویارک و واشنگٹن میٹروپولیٹن علاقوں کی کشمیری امریکی کمیونٹیز کے زیراہتمام احتجاجی مظاہرہ کیا گیا، جس میں کشمیری، پاکستانی اور دیگر کمیونٹی نمائندوں سمیت خواتین، بچوں اور بزرگوں نے شرکت کی۔ مظاہرین نے اقوام متحدہ سے کشمیر سے متعلق اپنی قراردادوں پر عملدرآمد اور کشمیریوں کے حقِ خودارادیت کی حمایت کا مطالبہ کیا۔ مشترکہ بیان میں بھارتی وزیرخارجہ کو اقوام متحدہ کے پلیٹ فارم سے خطاب کا موقع دیے جانے پر بھی احتجاج ریکارڈ کروایا گیا اور بھارت پر کشمیر میں انسانی حقوق کی مبینہ خلاف ورزیوں کے الزامات کی عالمی سطح پر تحقیقات کا مطالبہ کیا گیا۔ مظاہرے کے اختتام پر اقوام متحدہ کے حکام کو ایک یادداشت پیش کی گئی، جس (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 43)

عمرہ ویزے کی آڑ میں خواتین کے جنسی استحصال کی کوشش ناکام، ایجنٹ گرفتار

خاتون فلائٹ نمبر ایس وی 801 کے ذریعے عمرہ ویزے پر سعودی عرب جارہی تھی، رپورٹ

نیٹ ورک میں ملوث تمام عناصر کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی کی جائے گی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) ایف آئی اے امیگریشن نے ملتان ایئرپورٹ پر کارروائی کرتے ہوئے عمرہ ویزے کی آڑ میں خاتون کے جنسی استحصال کی کوشش ناکام بنادی۔ ترجمان کے مطابق خاتون مسافر انیشہ بی بی کی نشاندہی پر امجد نامی ایجنٹ کو گرفتار کرلیا گیا۔ خاتون فلائٹ نمبر ایس وی 801 کے ذریعے عمرہ ویزے پر سعودی عرب جارہی تھی۔ امیگریشن کلیئرنس کے دوران خاتون مسافر کو جانچ پڑتال کے لیے شفٹ انچارج کے حوالے کیا گیا۔ ابتدائی تفتیش میں خاتون کو جنسی استحصال کے لیے بیرون ملک بھجوانے کے شواہد سامنے آئے۔ ترجمان کے مطابق خاتون کے موبائل فون، چیٹس اور دیگر ڈیجیٹل (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 45)

صوبائی وزیر/ وائس چیئرمین اوورسیز پاکستانی کمیشن پنجاب بیرسٹر امجد ملک کا پنجاب بار کونسل کے وفد سے ملاقات کے موقع پر گروپ فوٹو

بیرسٹر امجد ملک کی دعوت پر پنجاب بار کونسل کے وفد کا دورہ برطانیہ

اوورسیز پاکستانیوں کو قانونی سہولیات کی فراہمی کیلئے باہمی تعاون پر اتفاق

جہاں ماہر وکلا مفت قانونی مشاورت اور رہنمائی فراہم کریں گے، دونوں اداروں کے درمیان کسی بھی اختلاف یا تنازع کو باہمی مشاورت کے ذریعے حل کیا جائیگا

اس مفاہمتی تعاون کی مدت دو سال ہوگی، جس میں باہمی تحریری رضامندی سے توسیع کی جاسکے گی، اعلامیہ

راچڈیل (مانیٹرنگ ڈیسک) اوورسیز پاکستانیز کمیشن پنجاب اور پنجاب بار کونسل نے اوورسیز پاکستانیوں کو قانونی سہولیات کی فراہمی کیلئے باہمی تعاون پر اتفاق کرتے ہوئے کہا ہے کہ پنجاب کے تمام اضلاع میں اوورسیز پاکستانیوں کو سول، فوجداری، خاندانی اور جائیداد سے متعلق مقدمات میں بلا معاوضہ قانونی خدمات فراہم کی جائیں گی، اوورسیز پاکستانیوں کے مقدمات کی جلد سماعت اور بروقت فیصلوں کیلئے ممکنہ تعاون فراہم کیا جائے گا، فاسٹ ٹریک انصاف سے متعلق معلوماتی مواد بھی تیار کیا جائے گا، درخواست گزار کو اپنی پسند کا وکیل منتخب کرنے کا مکمل حق حاصل ہوگا، اوپی سی کی جانب سے (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 48)

ٹوبہ ٹیک سنگھ ڈسٹرکٹ ہیلتھ اتھارٹی کی ترقیاتی سکیموں میں غفلت کا انکشاف

سکیموں میں تاخیر، تعمیراتی لاگت میں لاکھوں روپے کے اضافے کا آڈٹ اعتراض

لاہور (سٹاف رپورٹر) ٹوبہ ٹیک سنگھ ڈسٹرکٹ ہیلتھ اتھارٹی کی ترقیاتی سکیموں میں مبینہ غفلت سامنے آگئی، بروقت سکیمیں مکمل نہ ہونے سے تعمیراتی لاگت میں کئی گنا اضافے کا انکشاف ہوا ہے، ایمرجنسی بلاک، ڈائلاسز سنٹر سمیت دیگر ترقیاتی منصوبے بروقت مکمل نہ ہوسکے۔ آڈٹ رپورٹ 2019-20 میں ڈسٹرکٹ ہیلتھ اتھارٹی کی مالی کمزوری کی نشاندہی کی گئی، تاخیر کی وجہ سے تعمیراتی لاگت (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 67)

لاہور: ڈی ایس ریلوے لاہور اسٹیشن پر تعمیراتی کام کا معیار چیک کررہے ہیں

نامعلوم افراد نے چار بچوں کی ماں کو مبینہ اغواء کرلیا

ملزمان کو گرفتار کرکے قانون کے مطابق سزا دلوائی جائے، محمد منیر

لاہور (کرائم رپورٹر) نامعلوم افراد نے چار بچوں کی ماں کو اغواء کرلیا، تفصیلات کے مطابق شہری محمد منیر نے تھانہ فیصل ٹاؤن میں درخواست دی کہ اس کی بیوی بعمر 45 سال چار بچوں کی ماں 26-09-2026 کو گھر سے بتائے بغیر چلی گئی اور واپس نہ آئی، شک ہے کہ میری بیوی کو نامعلوم افراد نے حرام کاری اور زنا کاری کے لئے اغواء کیا ہے، تمام رشتہ داروں سے معلوم کرنے پر بھی کوئی اس کی کوئی خبر نہیں ملی، متاثرہ شخص نے اپیل کی ہے کہ اس کی بیوی (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 70)

صوبے کی آبادی میں مسلسل اضافہ ہورہا ہے، گورنر خیبرپختونخوا فیصل کریم کنڈی

صوبے میں صحت کی سہولیات محدود ہونے اور سرکاری ہسپتالوں میں خاطر خواہ اضافہ نہ ہونے کے باعث موجودہ ہسپتالوں پر مریضوں کا بوجھ مسلسل بڑھ رہا ہے

(رپورٹ جہانگیر خان مست خیل پشاور بیورو) گورنر خیبرپختونخوا فیصل کریم کنڈی نے کہا ہے کہ صوبے میں صحت کی سہولیات محدود ہونے اور سرکاری ہسپتالوں میں خاطر خواہ اضافہ نہ ہونے کے باعث موجودہ ہسپتالوں پر مریضوں کا بوجھ مسلسل بڑھ رہا ہے، ایسے میں نجی شعبے میں نئے ہسپتالوں کا قیام خوش آئند اقدام ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے حیات آباد پشاور میں ایلیٹ کیئر جنرل ہسپتال کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ گورنر نے اس موقع پر ہسپتال کا باقاعدہ افتتاح کیا اور منتظمین (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 71)

آئی جی سے ملاقات کرکے وکلاء کے تحفظات سے آگاہ کیا گیا ہے، پنجاب بار کونسل

موثر رابطوں، باہمی مشاورت یقینی بنانے کیلئے ہر ڈویژن میں فوکل پرسنز مقرر کرنے کا مطالبہ

وکلاء کیخلاف انسداد دہشتگردی کی دفعات کے تحت مقدمات کا اندراج روکا جائے، وائس چیئرمین، چیئرمین ایگزیکٹو کمیٹی

لاہور (سٹاف رپورٹر) پنجاب بار کونسل کے وائس چیئرمین چودھری قیصر نذیر احمد ساہی اور چیئرمین ایگزیکٹو کمیٹی چودھری ارشد علی ہنجرا نے کہا ہے کہ آئی جی پنجاب عبدالکریم سے ملاقات کرکے وکلاء کے محکمہ پولیس سے متعلق مسائل اور شدید تحفظات سے آگاہ کیا ہے، امید ہے آئی جی پنجاب مثبت ردعمل کے طور پر ہماری گزارشات کو زیرغور لائیں گے۔ وائس چیئرمین چودھری قیصر نذیر احمد ساہی اور چیئرمین ایگزیکٹو کمیٹی چودھری ارشد علی ہنجرا نے کہا کہ آئی جی پنجاب عبدالکریم سے ملاقات کرکے وکلاء کو پولیس سے متعلق درپیش مسائل اور دیگر امور پر تفصیلی تبادلہ خیال اور وکلاء کو درپیش مسائل کے حل، پولیس اور وکلا (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 73)

اسلام آباد: ڈی آئی جی اسلام آباد کھلی کچہری کے دوران شہری کے مسائل سن کر افسران کو حل کیلئے احکامات جاری کررہے ہیں

محسن نقوی کا بلوچستان کے مختلف علاقوں میں دہشتگردوں کے خلاف کامیاب کارروائیوں پر سکیورٹی فورسز کی تحسین پیش

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیرداخلہ محسن نقوی نے بلوچستان کے مختلف علاقوں میں فتنہ الہندوستان اور فتنہ الخوارج کے دہشتگردوں کے خلاف کامیاب کارروائیوں پر سکیورٹی فورسز کی تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ سکیورٹی فورسز کے بہادر سپوت قوم کا سرمایہ افتخار ہیں، دہشتگردی کے خاتمے کیلئے قوم سکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ اپنے بیان میں وزیر داخلہ نے متعدد (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 42)

راولپنڈی، اسلام آباد میں انٹرنیٹ سروس مکمل بحال

راولپنڈی (ڈسٹرکٹ رپورٹر) راولپنڈی اور اسلام آباد کے مختلف علاقوں میں متاثر ہونے والی انٹرنیٹ سروس مکمل طور پر بحال (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 44)

کراچی، این سی سی آئی اے کا کال سینٹر پر چھاپہ، مبینہ طور پر غیرملکی شہریوں سے فراڈ میں ملوث 70 افراد گرفتار

کراچی (بیورو رپورٹ) کراچی میں نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی نے کال سینٹر پر چھاپہ مار کر 70 افراد کو گرفتار کرلیا۔ نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی نے کراچی کے علاقے پی ای سی ایچ ایس بلاک 6 میں کال سینٹر پر چھاپہ مارا۔ این سی سی آئی اے ذرائع نے بتایا کہ کارروائی کے (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 46)

وزیر داخلہ منتخب نمائندے ہوتے تو جانتے کہ ارکان اسمبلی کو حاصل پارلیمانی استحقاق نئی ایجاد نہیں، اسپیکر کے پی اسمبلی

پشاور (بیورو رپورٹ) اسپیکر خیبر پختونخوا اسمبلی بابر سلیم سواتی نے وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کے بیان پر ردعمل دیتے ہوئے کہا (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 47)

منیشہ علی کی عالمی کامیابی پاکستان کے نوجوانوں کی صلاحیت اور عزم کا اظہار ہے' محمد نواز گوندل

لاہور (سٹاف رپورٹر) ایگزیکٹو ڈائریکٹر لاہور آرٹس کونسل الحمرا محمد نواز گوندل نے پاکستانی فائٹر منیشہ علی کو انگولا میں منعقدہ آئی ایم ایم اے ایف ورلڈ کپ میں گولڈ میڈل حاصل کرنے پر مبارکباد پیش کی ہے۔ محمد نواز گوندل نے کہا کہ منیشہ علی کی عالمی کامیابی پاکستان کے نوجوانوں کی محنت، عزم (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 66)

انتظامیہ سرکاری نرخنامے پر عملدرآمد کرانے میں ناکام، سبزیاں، پھل مہنگے فروخت ہوتے رہے

لاہور (سٹاف رپورٹر) صوبائی دارالحکومت کی اوپن مارکیٹوں میں دکانداروں نے سبزیاں اور پھل سرکاری نرخنامے کے برعکس مرضی کی قیمت پر فروخت کئے جس کی وجہ سے خریداروں اور دکانداروں میں توں تکرار ہوتی رہیں۔ سرکاری نرخنامے (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 68)

عالمی نمائش کیلئے بڑی تعداد میں غیرملکی خریداروں کی رجسٹریشن حوصلہ افزا ہے' پی سی ایم ای اے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان کارپٹ مینوفیکچررز اینڈ ایکسپورٹرز ایسوسی ایشن کے چیئرمین میاں عتیق الرحمن اور چیئرمین ایگزیبیشن ریاض احمد نے کہا ہے کہ ہاتھ سے بنے (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 69)

عالمی معیار، رجحانات کے مطابق زرعی شعبے کیلئے جدید اداروں، یونیورسٹیز کا قیام ناگزیر ہے' نجم مزاری

لاہور (سٹاف رپورٹر) آرگینک زراعت اور مصنوعات پر ریسرچ کرنے والے ادارے کے سربراہ نجم مزاری نے کہا ہے کہ مضبوط قومی پالیسی نہ ہونے کی وجہ سے پاکستان زرعی ملک ہونے کے باوجود عالمی زرعی برآمدات میں اپنی صلاحیت کے مطابق مقام حاصل نہیں کرسکا، پاکستان اکنامک سروے 2025-26 کے مطابق جولائی تا مارچ خوراک کی برآمدات 33.9 فیصد کمی سے 3.8 ارب (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 72)

مندرہ، بیوہ خاتون کے گھر سے چوری کا معمہ کا حل، ملزمہ رشتہ دار نکلی

پولیس نے گرفتار کرکے ساڑھے 4 تولے مسروقہ طلائی زیورات ورقم 7لاکھ 50ہزار روپے اور موبائل فون برآمد کرلئے

مندرہ (مانیٹرنگ ڈیسک) تھانہ مندرہ پولیس کی کارروائی کرتے ہوئے بیوہ خاتون کے گھر سے چوری کی ملزمہ رشتہ دار خاتون کو گرفتار کرلیا ہے، ساڑھے 4 تولے مسروقہ طلائی زیورات و رقم 7لاکھ 50ہزار روپے اور موبائل فون بھی برآمد کرلئے گئے، ملزمہ نے ساتھیوں کے ساتھ ملکر گھر میں چوری کی واردات کی اور فرار ہوگئی، مندرہ پولیس نے مقدمہ درج کرکے ٹیکنیکل و ہیومن انٹیلی جنس ذرائع بروئے کارلاتے ہوئے ملزمہ کو دوساتھیوں سمیت گرفتار کرلیا، زیرحراست افراد کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان کیا جائے گا۔

ایک سال تک بینائی سے مکمل طور پر محروم رہا، اداکار حسن شہریار یاسین کا انکشاف

تجربے نے مجھے شدید ذہنی دباؤ میں مبتلا کردیا تھا جس کے بعد زندگی کو دیکھنے اور محسوس کرنے کا میرا انداز بھی بدل گیا، انٹرویو

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستانی فیشن انڈسٹری کے مقبول ڈیزائنر و اداکار حسن شہریار یاسین المعروف ایچ ایس وائی نے دونوں آنکھوں کی بینائی سے محرومی کا انکشاف کرتے ہوئے کہا ہے کہ میں تقریباً ایک سال تک دونوں آنکھوں کی بینائی سے مکمل طور پر محروم رہا۔ ایک حالیہ انٹرویو میں فیشن ڈیزائنر و اداکار نے بتایا کہ اس تجربے نے مجھے شدید ذہنی دباؤ میں مبتلا کردیا تھا، جس کے بعد زندگی کو دیکھنے اور محسوس کرنے کا میرا انداز بھی بدل گیا۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے بینائی سے محرومی کا باعث بننے والا واقعہ شیئر کیا۔ انہوں نے بتایا کہ رمضان کے دن تھے، میں اور میرا دوست افطاری (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 37)

کوہاٹ پولیس لائنز دھماکے سے متعلق سی ٹی ڈی کی تحقیقات جاری

واردات میں ملوث سہولت کاروں کے خلاف بھی کارروائیاں جاری ہیں، تفتیشی حکام

کوہاٹ (مانیٹرنگ ڈیسک) محکمہ انسداد دہشت گردی کی تفتیشی ٹیم کی 18 ستمبر کو کوہاٹ میں پرانی پولیس لائنز پر خودکش دھماکے سے متعلق تحقیقات جاری ہیں۔ تفتیشی حکام کے مطابق دہشت گرد پولیس لائنز تک بارود سے بھری گاڑی اور رکشہ استعمال کرکے پہنچے، خودکش بمبار رکشے جبکہ 2 دہشت گرد موٹر سائیکل پر پولیس لائنز تک پہنچے۔ حکام کے مطابق دہشت گرد حملے کیلئے آئی ای ڈیز، دستی بم اور بھاری اسلحہ ساتھ لائے تھے، جبکہ واردات سے قبل پولیس لائنز کی کئی بار ریکی بھی کی گئی۔ تفتیشی حکام کے مطابق واردات میں ملوث سہولت کاروں کے خلاف بھی کارروائیاں جاری ہیں، سہولت کاروں میں (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 41)

پی ٹی آئی کا احتجاج کو پرامن قرار دینے کے دعوے غلط، ایک مبینہ آڈیو سامنے آئی ہے: فیصل کامران

گرفتار شخص کا نام امین ہے اور اس کا تعلق ساہیوال سے ہے جب کہ وہ مبینہ طور پر مذکورہ خاتون کے خاندان کا ڈرائیور ہے

لاہور (سٹاف رپورٹر) ڈی آئی جی آپریشنز فیصل کامران نے کہا ہے کہ 27 ستمبر اور 5 اکتوبر کے احتجاج کو پرامن قرار دینے کے دعوے غلط ہیں، تاہم پولیس کے سامنے آنے والی ایک مبینہ آڈیو کی تحقیقات سے مختلف پہلو سامنے آئے ہیں۔ ڈی جی پی آر میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے ڈی آئی جی آپریشنز لاہور فیصل کامران نے دعویٰ کیا کہ ایک آڈیو سامنے آئی ہے جس میں پی ٹی آئی سے وابستہ خاتون فاطمہ حیدر کی جانب سے 20 سے 30 افراد کو لانے اور انہیں مبینہ طور پر تربیت دینے سے متعلق گفتگو کی گئی ہے، پولیس نے آڈیو سے متعلق ایک شخص کو گرفتار کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ گرفتار شخص کا نام امین (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 49)

لاہور: ڈی آئی جی آپریشنز فیصل کامران پریس کانفرنس کررہے ہیں

پنجاب کے سرکاری ہسپتالوں میں مریضوں کی تعداد میں اضافے کا قابل قدر رجحان

بڑے سرکاری ٹرثری ہسپتالوں میں مریضوں کی تعداد میں 16 فیصد اضافہ

او پی ڈی میں 21 فیصد، آئی پی ڈی 11 فیصد اور ایمرجنسی مریضوں میں 9 فیصد اضافہ

لاہور (سٹاف رپورٹر) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نوازشریف نے کہا ہے کہ پنجاب کے سرکاری ہسپتالوں میں مریضوں کی تعداد میں اضافے کا قابل قدر رجحان دیکھا گیا ہے۔ بڑے سرکاری ٹرثری ہسپتالوں میں مریضوں کی تعداد میں 16 فیصد اضافہ ہوا ہے۔ سرکاری ہسپتالوں کی او پی ڈی میں 21 فیصد، آئی پی ڈی (داخلہ) 11 فیصد اور ایمرجنسی مریضوں میں 9 فیصد اضافہ ہوا ہے۔ پنجاب کے بڑے ہسپتالوں میں مریضوں کی تعداد 4 کروڑ 57 لاکھ سے بڑھ گئی ہے۔ انٹرنل میڈیسن کے مریضوں (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 57)

غیرملکی خاتون سے اجتماعی زیادتی میں ملوث مرکزی ملزم کی شناخت، گاڑی برآمد

ملزمان کے نام اسٹاپ لسٹ میں ڈال دیئے گئے ہیں، تین افراد زیر حراست ہیں

واردات میں استعمال ہونے والی گاڑی مبینہ ملزم تنویر کی ملکیت ہے جسے پولیس نے تحویل میں لے لیا ہے

لاہور (کرائم رپورٹر) صوبائی دارالحکومت لاہور کے علاقے ڈیفنس میں غیرملکی خاتون سے گینگ ریپ کی تفتیش میں اہم پیشرفت ہوئی ہے۔ پولیس کے مطابق خاتون کو جس گاڑی پر اغواء کیا گیا وہ گاڑی برآمد کرلی گئی، گاڑی کو مرکزی ملزم کے رشتے دار کے گھر سے برآمد کیا گیا۔ پولیس کے مطابق واقعے کے مرکزی ملزم کا رشتے دار بھی فرار ہے، ملزمان کے نام اسٹاپ لسٹ میں بھی ڈال دیئے گئے ہیں۔ پولیس نے بتایا ہے کہ خاتون کا میڈیکل کروالیا گیا، ابھی بیان دینے کے قابل نہیں، ہوش میں آنے کے بعد متاثرہ خاتون کا بیان لیا جائے گا، ملزمان کی گرفتاری کے لیے چھاپے مارے جارہے ہیں۔ بتایا گیا ہے کہ پولیس نے کیس کی تفتیش کے دوران تین افراد کو حراست میں لیا ہے۔ ملزمان کی سی سی ٹی وی فوٹیج بھی سامنے آگئی ہے جس میں مبینہ ملزمان کو ڈیفنس میں ایک مارکیٹ کے باہر کھڑے دیکھا جاسکتا ہے جبکہ غیرملکی خاتون کو لے جانے کے لیے سفید رنگ کی گاڑی استعمال کی گئی پولیس کے مطابق واردات میں استعمال ہونے والی گاڑی مبینہ (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 58)

انسدادِ پولیو مہم اختتام پذیر، 2 کروڑ 81 لاکھ سے زائد بچوں کی ویکسینیشن مکمل

پانچ سال تک کے ہر بچے کو پولیو مہم کے دوران پولیو سے بچاؤ کے قطرے لازمی پلوائیں

لاہور: (اے ایف پی) ملک کے منتخب اضلاع میں انسدادِ پولیو کی خصوصی مہم ساتویں اور آخری روز بھی جاری رہی۔ نیشنل ای او سی کے مطابق مہم کے پہلے چھ روز میں 2 کروڑ 81 لاکھ سے زائد بچوں کی ویکسینیشن مکمل کی جا چکی ہے۔ نیشنل ای او سی کے مطابق 2 لاکھ 73 ہزار پولیو ورکرز گھر گھر جا کر بچوں کو پولیو سے محفوظ بنانے میں مصروف ہیں۔ پنجاب کے منتخب اضلاع میں 79 لاکھ 92 ہزار سے زائد بچوں کو پولیو کے قطرے پلائے جا چکے ہیں، جبکہ سندھ کے 30 منتخب اضلاع میں 1 کروڑ 69 ہزار سے زائد بچوں کی ویکسینیشن مکمل ہو چکی ہے۔ خیبر پختونخوا کے 37 منتخب اضلاع میں 71 لاکھ 74 ہزار بچوں کو پولیو کے قطرے پلائے گئے ہیں، جبکہ بلوچستان کے 32 منتخب اضلاع میں 22 لاکھ 88 ہزار بچوں کی ویکسینیشن مکمل کی جا چکی ہے۔ اسلام آباد میں 4 لاکھ 43 ہزار سے زائد بچوں کو پولیو کے قطرے پلائے جا چکے ہیں، جبکہ گلگت بلتستان کے 2 منتخب اضلاع میں تقریباً 1 لاکھ 40 ہزار بچوں کی ویکسینیشن مکمل ہوئی ہے۔ نیشنل ای او سی (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 60)

ایک دن میں ایک کروڑ خرچ، ڈکی بھائی اور عروب جتوئی کو تنقید کا سامنا

سوشل میڈیا صارفین نے دولت کی نمائش کو نامناسب قرار دیدیا، وی لاگ پر ملا جلا ردعمل

تنقید کے باوجود ایسے وی لاگز سے یوٹیوبرز کو مزید شہرت اور آمدن حاصل ہوتی ہے، صارفین

لاہور (سٹاف رپورٹر) پاکستان کے معروف یوٹیوبر ڈکی بھائی اور ان کی اہلیہ عروب جتوئی ایک نئے وی لاگ کے بعد سوشل میڈیا پر شدید تنقید کی زد میں آگئے ہیں، جس میں عروب نے ایک ہی دن میں ایک کروڑ روپے خرچ کرنے کا چیلنج لیا۔ وی لاگ میں عروب جتوئی نے بتایا کہ انہوں نے پہلے ایک لگژری ریسٹورنٹ میں کھانا کھایا جہاں بل تقریباً 50 ہزار روپے آیا جس کے بعد انہوں نے جدید آئی فون خریدا جس کی قیمت تقریباً 10 لاکھ روپے تھی۔ بعد ازاں وہ جیولری شاپ گئیں جہاں سونے کے زیورات (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 62)

مزارِ بی بی پاکدامن پر جاری ترقیاتی منصوبوں کو مقررہ مدت میں مکمل کیا جائے' ڈاکٹر احسان بھٹہ

داتا دربار ہسپتال میں زائرین اور مریضوں کو جدید اور معیاری طبی سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جائے

مریضوں کے لیے ضروری ادویات وطبی سہولیات کی بلاتعطل فراہمی یقینی بنائی جائے

لاہور (سٹاف رپورٹر) سیکرٹری / چیف ایڈمنسٹریٹر اوقاف پنجاب ڈاکٹر احسان بھٹہ نے ہدایت کی ہے کہ مزارِ بی بی پاکدامن پر جاری ترقیاتی منصوبوں کو مقررہ مدت میں مکمل کیا جائے جبکہ داتا دربار ہسپتال میں زائرین اور مریضوں کو جدید اور معیاری طبی سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جائے۔ انہوں نے مزارِ بی بی پاکدامن کے فیز ٹو کے تحت جاری ترقیاتی کاموں کا تفصیلی معائنہ کیا اور مردانہ و زنانہ لنگر خانوں، وضو کی سہولیات، کھڑکیوں کی تنصیب، پلسترنگ اور بیسمنٹ میں کنکریٹنگ سمیت مختلف تعمیراتی سرگرمیوں کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر پراجیکٹ ڈائریکٹر اوقاف رفیق نور وٹو، ایکسین محکمہ مواصلات وتعمیرات فہد نوید، ایس ڈی او حذیفہ، منیجر اوقاف گلزار احمد اور دیگر متعلقہ افسران موجود تھے۔ ایکسین فہد نوید نے جاری کاموں اور پیش رفت کے حوالے سے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ مردانہ لنگر خانے کی پہلی منزل کی (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 65)

جنوبی سندھ صوبے کی تحریک پہلے بھی چلائی، آج بھی مؤقف پر قائم ہوں، آفاق احمد

مہاجر برادری کو روزگار سمیت تمام شعبوں میں اس کا جائز حق ملنا چاہیے، چیئرمین مہاجر قومی موومنٹ

شہر میں ڈکیتی کے دوران شہری قتل ہوجاتے ہیں اور ڈمپر حادثات میں بھی قیمتی جانیں ضائع ہورہی ہیں

جب تک عوام کو پانی، صحت، تعلیم اور روزگار کی سہولتیں نہیں ملتیں، ملک کا نظام مؤثر انداز میں نہیں چل سکتا

کراچی (بیورو رپورٹ) مہاجر قومی موومنٹ پاکستان کے چیئرمین آفاق احمد نے کہا ہے کہ وہ ہمیشہ جنوبی سندھ صوبے کے قیام کے حق میں رہے ہیں اور اس وقت بھی تحریک چلائی جب اس مطالبے پر بات کرنا جرم سمجھا جاتا تھا۔ شاہ فیصل ٹاؤن میں خواتین کنونشن سے خطاب کرتے ہوئے آفاق احمد نے کہا کہ جنوبی سندھ صوبے کے لیے دستخطی مہم بھی چلائی گئی ملک کی تقدیر کا فیصلہ چند خاندان نہیں بلکہ 27 کروڑ عوام کریں گے۔ ملک میں سیاسی تجربات کا سلسلہ اب بند ہونا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ جب تک عوام کو پانی، صحت، تعلیم اور روزگار کی سہولتیں نہیں ملتیں، ملک کا نظام مؤثر انداز میں نہیں چل سکتا۔ ایسا حکمران ہونا چاہیے جو عوام کو جوابدہ ہو جبکہ احتساب کا حق بھی عوام ہی کو حاصل ہے۔ انہوں نے ملک میں صاف (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 38)

اسلام آباد، خیرآباد کے مقام پر جی ٹی روڈ ٹریفک کے لیے کھول دیا گیا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) اسلام آباد میں خیر آباد کے مقام پر جی ٹی روڈ ٹریفک کے لیے کھول دیا گیا۔ ذرائع موٹروے پولیس کے مطابق موٹروے ایم ون سے رکاوٹیں ہٹا دی (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 35)

ہماری حکومت پائیدار سیاحتی ترقی، بہتر بنیادی سہولیات اور مقامی برادریوں کی شمولیت کے لیے پرعزم ہے، وزیراعلیٰ گلگت بلتستان

گلگت (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعلیٰ گلگت بلتستان امجد حسین نے کہا ہے کہ ہماری حکومت پائیدار سیاحتی ترقی، بہتر بنیادی (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 36)

خواجہ سعد رفیق

حکومت اور احتجاج کرنے والے انا اور ضد چھوڑ کر بات چیت کریں

آپ میں سے کوئی فاتح نہیں ہوگا کیونکہ سب ہار رہے ہیں' پہل ہمیشہ ریاست کرتی ہے، پہل کی جائے اور جانی و مالی نقصانات سے بچا جائے

حکومتیں اور احتجاج کرنے والے اناؤں، ضدوں اور دھڑے بندیوں سے اوپر اٹھیں، آپ میں سے کوئی فاتح نہیں ہوگا کیونکہ سب ہار رہے ہیں

لاہور (سٹاف رپورٹر) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے سینئر رہنما وسابق وفاقی وزیر خواجہ سعد رفیق نے کہا ہے کہ حکومت اور احتجاج کرنے والے ایک دوسرے سے بات چیت کریں (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 39)

پشاور: گورنر کے پی کے فیصل کریم کنڈی سے پاکستان بوائز سکاؤٹس ایسوسی ایشن کے قائمقام صوبائی کمشنر شمس خان ملاقات کرتے ہوئے

راولپنڈی میں 34 سالہ شخص کی سیکورٹی عملے کی تحویل میں پراسرار ہلاکت

راولپنڈی (ڈسٹرکٹ رپورٹر) راولپنڈی کے تھانہ روات کے علاقے میں مبینہ تشدد کے شکار 34 سالہ شخص کی نجی ہاؤسنگ سوسائٹی کے سیکورٹی عملے کی تحویل میں پراسرار ہلاکت کا واقعہ (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 40)

افغانستان سے سری لنکا اسمگل کی جانے والی 2 کروڑ 10 لاکھ ڈالرز کی منشیات پکڑی گئی

کابل (مانیٹرنگ ڈیسک) افغانستان دنیا بھر میں کرسٹل میتھ (آئس) کی بڑھتی پیداوار اور اسمگلنگ کے خطرناک مراکز میں شامل ہوگیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق افغانستان پڑوسی (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 50)

گورنر خیبرپختونخوا فیصل کریم کنڈی سے قائم مقام صوبائی کمشنر شمس خان کی ملاقات

قائم مقام صوبائی کمشنر شمس خان نے گورنر خیبرپختونخوا کو صوبائی ہیڈکوارٹر کے دورے کی دعوت دی

(رپورٹ جہانگیر خان مست خیل پشاور بیورو) گورنر خیبرپختونخوا فیصل کریم کنڈی سے پاکستان بوائز سکاؤٹس ایسوسی ایشن کے قائم مقام صوبائی کمشنر شمس خان نے گورنر ہاؤس پشاور میں ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران شمس خان نے گورنر کو پاکستان بوائز سکاؤٹس ایسوسی ایشن خیبرپختونخوا (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 52)

پاک چین کمپنیوں کے درمیان معاہدے پر دستخط، پاکستان میں صنعتی تعاون کو فروغ دینے کی کوششیں

کراچی (بیورو رپورٹ) پاکستان میں قائم تجارتی و سرمایہ کاری سہولت فراہم کرنے والی کمپنی سلک وے اپیکس نے چین کے صوبہ گوئی ژو میں چینی کمپنیوں کے ساتھ معاہدوں پر دستخط (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 51)

یونیورسٹی روڈ تقریباً مکمل، عوام کو ہونے والی تکلیف پر معذرت خواہ ہیں: شرجیل میمن

حکومت کو احساس ہے کہ لوگوں کا روزگار متاثر نہ ہو، تاہم ٹریفک کے مسائل بھی نہیں ہونے دیں گے

کراچی (سی ایم لنکس) سندھ کے سینئر وزیر شرجیل میمن نے کہا ہے کہ یونیورسٹی روڈ تقریباً مکمل ہوچکی ہے، لوگوں کو تکلیف ہوئی، اس پر معذرت چاہتے ہیں۔ شرجیل میمن کے مطابق ایف ڈبلیو او نے تیز رفتاری سے کام کیا اور دن رات محنت کرکے مشکل کام مکمل کیا۔ انہوں نے (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 53)

اقوام متحدہ کے ہیڈکوارٹر کے باہر کشمیریوں کا احتجاج انصاف اور کشمیر پر اقوام متحدہ کے وعدوں کو پورا کرنے کا مطالبہ

اقوام متحدہ، نیویارک (سی ایم لنکس) ہندوستان کے وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے 26 ستمبر کو نیویارک میں اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے 81ویں اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے اقوام متحدہ کے صدر دفتر کے باہر ایک پرامن (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 55)

پی سی بی ٹیلنٹ ہنٹ پروگرام فار سکولز سیزن ٹو 100 اضلاع میں کرکٹ ٹورنامنٹ جاری

21 ہزار طلبہ شریک، 1424 سکولوں کی ٹیمیں ایکشن میں، 83 سنچریاں اور 8 ڈبل سنچریاں اسکور

اسلام آباد کے محمد ساحل نے ایک اننگز میں 9 وکٹیں حاصل کیں

لاہور (سپورٹس رپورٹر) پاکستان کرکٹ بورڈ کے ٹیلنٹ ہنٹ پروگرام فار سکولز سیزن ٹو کے تحت 40 اوورز پر مشتمل سکولز کرکٹ ٹورنامنٹ ملک بھر کے 100 اضلاع میں جاری ہے، جس میں تقریباً 21 ہزار طلبہ حصہ لے رہے ہیں۔ 19 ستمبر سے جاری ٹورنامنٹ میں اب تک تقریباً 500 سکول (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 54)

پی پی، (ن) لیگ نے ملک کو تباہ وبرباد کردیا' میاں شاہد حسین

لاہور (سٹاف رپورٹر) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما میاں شاہد حسین نے کہا ہے کہ پیپلز پارٹی اور مسلم لیگ (ن) نے ملک کو تباہ و (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 56)

لاہور کالج فار ویمن یونیورسٹی کی طالبہ خدیجہ عافیت نے لاہور میراتھن 2026 میں سلور میڈل جیت لیا

42 کلومیٹر ریس میں شاندار کارکردگی پر سلور میڈل کے ساتھ 8 لاکھ 50 ہزار روپے کا نقد انعام بھی حاصل کرلیا

وائس چانسلر LCWU پروفیسر ڈاکٹر عظمیٰ قریشی اور ڈائریکٹر سپورٹس ڈاکٹر سمیرا ستار نے خدیجہ عافیت کو شاندار کامیابی پر مبارکباد دیتے ہوئے اسے یونیورسٹی کیلئے باعثِ فخر قرار دیا

لاہور (ایجوکیشن رپورٹر) لاہور کالج فار وویمن یونیورسٹی (LCWU) کے شعبہ ہیلتھ اینڈ فزیکل ایجوکیشن کی طالبہ خدیجہ عافیت نے الائیڈ بینک لاہور میراتھن 2026 کی 42 کلومیٹر ریس میں شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے سلور میڈل اپنے نام کرلیا خدیجہ عافیت نے بہترین کھیل کا مظاہرہ کرتے ہوئے دوسری پوزیشن حاصل کی اور 8 لاکھ 50 ہزار روپے کا نقد انعام بھی حاصل کیا وائس چانسلر LCWU پروفیسر ڈاکٹر عظمیٰ قریشی (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 59)

لاہور میراتھن 2026 میں نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والی LCWU کی طالبہ خدیجہ عافیت دیگر پوزیشن ہولڈرز اور منتظمین کے ہمراہ میڈل تھامے گروپ فوٹو میں موجود ہیں

عمرہ ویزے کی آڑ میں خواتین کے جنسی استحصال کی کوشش ناکام، ایجنٹ گرفتار

خاتون کے موبائل فون، چیٹس اور دیگر ڈیجیٹل مواد سے جنسی استحصال کے مبینہ شواہد ملے

خواتین کے جنسی استحصال میں ملوث گینگ کا سرغنہ سعودی عرب سے نیٹ ورک چلا رہا تھا

لاہور (کرائم رپورٹر) ایف آئی اے امیگریشن نے عمرہ ویزے کی آڑ میں خاتون کے جنسی استحصال کی کوشش ناکام بنادی۔ ترجمان کے مطابق خاتون مسافر انیشہ بی بی کی نشاندہی پر امجد نامی ایجنٹ کو گرفتار کرلیا گیا۔ خاتون ملتان ائیرپورٹ سے فلائٹ نمبر ایس وی 801 کے ذریعے عمرہ ویزے پر سعودی عرب جارہی تھی۔ امیگریشن کلیئرنس کے دوران خاتون مسافر کو جانچ پڑتال کے لیے شفٹ انچارج کے حوالے کیا گیا۔ ابتدائی تفتیش میں خاتون کو جنسی استحصال کے لیے بیرون ملک بھجوانے کے شواہد سامنے آئے۔ ترجمان کے مطابق خاتون کے موبائل فون، چیٹس اور دیگر ڈیجیٹل مواد سے جنسی استحصال کے مبینہ شواہد ملے، جبکہ دوران تفتیش جنسی استحصال کے نیٹ ورک سے متعلق تفصیلات بھی حاصل ہوئیں۔ ایف آئی اے ترجمان کے مطابق خواتین کے جنسی استحصال میں ملوث گینگ کا سرغنہ سعودی عرب سے نیٹ ورک چلا رہا تھا (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 64)

لاہور: سیکرٹری اوقاف ڈاکٹر احسان بھٹہ مزار بی بی پاکدامن کے فیز ٹو کے تحت جاری تعمیراتی کاموں کا معائنہ کررہے ہیں

لاہور کی معاشی گروتھ، کاروباری سرگرمیوں کا فروغ، مسائل کا حل اولین ترجیح ہے' علی حسام اصغر

لاہور (سٹاف رپورٹر) لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے نامزد صدر علی حسام اصغر نے کہا ہے کہ لاہور کی معاشی گروتھ، کاروباری سرگرمیوں کا فروغ اور صنعت وتجارت کے مسائل کا (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 61)

مولانا اشرف گجر کی قیادت میں جے یو آئی کے وفد کی لیاقت بلوچ سے ملات

لاہور (سٹاف رپورٹر) جے یو آئی ضلع لاہور کے قائمقام امیر مولانا اشرف گجر کی قیادت میں صاحبزادہ مولانا فصیح الدین سیف، مولانا سجاد ساجد، قاری محمد ہارون بشیر، چوہدری ظہیر الدین گورسی سمیت دیگر رہنماؤں نے جماعت اسلامی (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 63)

ایڈیٹر: رانا خالد قمر، مینجنگ ایڈیٹر: رانا مجتبیٰ
پبلشر ملک سلیم اعوان نے پوائنٹ پرنٹرز (الجریدہ) گڑھی شاہو سے چھپوا کر LDA55/S بلاک B فیصل ٹاؤن سے شائع کیا فون: 0423-5194748
E:Mail
dailysehar1@gmail.com